قال علیہ السلام رحم اللّٰہ علیٰ من انصف

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رحم کرے اللہ اس پر جس نے انصاف کیا

اللہ اپنے دین کا آپ ناصر ہے

الحمد للّٰہ والمنۃ

حاشیہ انصاف نامہ

المعروف بہ

حاشیہ شریف

مولفہ

حضرت بندگی میاں ولیؒ

بن حضرت بندگی میاں یوسفؓ صحابی مہدی علیہ الصلوٰۃ والسلام

مترجم

باہتمام: دارالاشاعت کتب سلف الصالحینؒ

جمعیۃ مہدویہ، دائرہ زمستان پور مشیرآباد حیدرآباد (اے پی)

بار دوم ۱۴۱۹ھ

ہدیہ: ۵۰ پچاس روپیے

مطبوعہ

اعجاز پریس، چھتہ بازار حیدرآباد

حاشیہ انصاف نامہ

مولفہ

حضرت بندگی میاں ولی رحمتہ اللہ علیہ

ابن

حضرت بندگی میاں یوسفؓ
صحابی امامنا مہدی موعود علیہ الصلوۃ والسلام

مترجم

زیر اہتمام
جمعیتہ مہدویہ دائرہ زمستان پور، مشیر آباد، حیدر آباد

بار اول ۱۳۶۹ھ بار دوم ۱۴۱۸ء

التماس

مصدقِ جان حضرت سید محمد جونپوری امام مہدی موعود آخر الزماں خلیفۃ الرحماں خاتم ولایت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس ہے کہ :۔

جامع المنقول حضرت بندگمیاں ولی رحمۃ اللہ علیہ جلیل القدر تابعی ہیں اولاً آپ نے انصافنامہ کے بیس باب لکھے اس کے بعد انصافنامہ کے تمام حواشی پر نقول لکھے۔ عاشقان نقول بزرگوں نے انصافنامہؒ کے بیس باب علیحدہ نقل کرکے اس مجموعہ کا نام متن شریف رکھا اور انصافنامہؒ کے تمام حواشی کے نقول علیحدہ نقل کرکے اس مجموعہ کا نام حاشیہ شریف رکھا حضرت بندگمیاں ولیؒ نے حاشیہ شریف میں حضرت مہدیؑ صحابہ مہدیؑ انبیاءؑ اور اولیاءؒ کے فرامین جمع کئے ہیں ان کے پڑھنے سے دین مہدیؑ کی مراد ظاہر ہوتی ہے پاکانِ الٰہی کی پاک زندگی کا حال معلوم ہوتا ہے اور صراط مستقیم یعنی خدا تعالیٰ کی طلب و محبت کی راہ ملتی ہے کیونکہ فرمانِ خدا ماخلقت الجن والانس الا لیعبدون (میں نے جن اور انس محض اپنی بندگی (غلامی) کے لیے پیدا کئے ہیں) کا مدعا اور حضرت مہدیؑ کے مذہب اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول (اللہ اور رسول کی اطاعت کرو) کا مقصد اعظم یہی ہے۔ قالؑ لولا الصالحون لھلک الطالحون۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اگر صالحین نہ ہوتے تو بدکار ہلاک ہوجاتے۔

از احقر دلاور

حاشیہ شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت میران علیہ السلام را کسی سوال کرد مراد کلام اللہ تمام بہ یک آیت ما را بگوئید حضرت میرانؑ فرمودند کہ مراد توریت و انجیل و زبور و فرقان و وحدانیت وی بیک کلمہ بگویم کہ لا الہ الا اللہ مراد تمام این کلمہ است۔ **نقلست** حضرت میرانؑ فرمودند تاثیر حق ہمچوں ماہ اول است کہ ہر روز زیادہ شود و تاثیر بطلان ہمچوں ماہ چہار دہم است کہ ہر روز نقصان می شود تا بحدیکہ غائب شود قولہ تعالیٰ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون (جزء ۱۰ رکوع ۱۰) **نقلست** حضرت میرانعلیہ السلام ہر طرف راہ رواں شدی آنطرف از کوہ و شجر و از بیابان میان

حضرت مہدی علیہ السلام سے کسی نے سوال کیا کہ تمام کلام اللہ کی مراد ہم کو ایک آیت میں بیان فرمایئے تو حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ توریت۔ انجیل۔ زبور۔ فرقان اور اللہ کی وحدانیت کی مراد ایک کلمہ میں بیان کرتا ہوں کہ تمام کی مراد کلمہ لا الہ الا اللہ ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ حق کی تاثیر ہلال کی طرح ہے کہ ہر روز زیادہ ہوتی ہے اور باطل کی تاثیر بدر کی طرح ہے کہ ہر روز گھٹتی رہتی ہے یہاںتک کہ غائب ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اسی نے بھیجا اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دیکر تاکہ اس کو غالب کرے ہر دین پر اگرچہ برا لگے مشرکوں کو۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ جس طرف تشریف لیجاتے وہاں پہاڑ جھاڑ اور جنگل کے درمیان سے آواز آتی کہ یہ

آواز آمدی کہ هٰذا المهدی الموعود هٰذا
خلیفة الله **نقلست** حضرت میران علیہ السلام
وضو میکردند قطرہا و آب بہ ذات مبارک بر زمین
می افتادہ بود آواز می آمد کہ ہذا مہدی موعود حق است
بندگی میاں شاہ نظامؓ پیش حضرت میرانؑ عرض کردند کہ
از قطرہا و آب آواز می آید و می شنوم کہ ہذا مہدی موعود
حق است حضرت میرانؑ فرمودند اے میاں نظامؓ
خدا تعالیٰ شمارا گوش دادہ است می شنوید **نقل است**
حضرت میران علیہ السلام فرمودند مومن آنکس است کہ
ہمہ حال بالغدو والآصال در توجہ حق باشد نیز
نقلست حضرت میرانؑ فرمودند کسے کہ سہ پاس
ذکر کند منافق است وہر کہ چہار پاس ذکر کند مشرک
است وہر کہ پنج پاس ذکر کند مومن ناقص است و
ہر کہ ہشت پاس ذکر کند مومن کامل است گفتہ مہدی
بامر الله لا تبدیل لکلمات الله است این نیست
ایمان کجا و روش کجاست و نیز **نقلست** حضرت
میران علیہ السلام ذکر پنج پاس را ذکر کثیر فرمودند و ذکر کثیر بدین
ترتیب فرمودند کہ از اول صبح تا یک و نیم پاس و بعد از
ظہر تا وقت عشا در یاد خدا باشند تا شب و روز

مہدی موعودؑ ہے اور یہ اللہ کا خلیفہ ہے۔ نقل ہے حضرت
مہدیؑ جب وضو فرماتے پانی کے قطرے ذات مبارک سے
زمین پر گرتے تو آواز آتی کہ یہ مہدی موعودؑ حق ہے۔ بندگی
میاں شاہ نظامؓ نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا کہ پانی
کے قطروں سے آواز آتی ہے اور میں سنتا ہوں کہ یہ مہدی موعودؑ
حق ہے۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میاں
نظامؓ خدائے تعالیٰ نے تم کو کان دیئے ہیں تم سنتے ہو۔ نقل ہے
حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا مومن وہ شخص ہے جو ہر حالت میں
صبح و شام اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے۔ نقل ہے حضرت
مہدیؑ نے فرمایا جس نے تین پہر اللہ کا ذکر کیا منافق ہے
اور جس نے چار پہر ذکر کیا مشرک ہے اور جس نے پانچ پہر
ذکر کیا مومن ناقص ہے اور جس نے آٹھ پہر ذکر کیا مومن
کامل ہے۔ مہدیؑ کا فرمان اللہ کے فرمان سے ہے اللہ
کے فرامین بدلتے نہیں۔ یہ عمل نہیں ہے تو ایمان کہاں
اور روش مہدیؑ کہاں ہے۔ نیز نقل ہے حضرت مہدیؑ نے
پانچ پہر کے ذکر کو ذکر کثیر فرمایا ہے اور ذکر کثیر اس ترتیب سے
فرمایا کہ اول صبح سے ڈیڑھ پہر تک اور ظہر کے بعد سے عشاء کے
وقت تک خدا کے ذکر میں رہیں تاکہ اس سے رات دن
ضائع نہ ہوں اور ذکر قلیل کو منافقوں کی صفت فرمایا۔

از وضایع نر و دو ذکر قلیل را صفت منافقان فرمودند قوله تعالیٰ ان المنٰفقین یخٰدعون اللّٰه وھو خادعھم ج واذا قاموا الی الصلوٰة قاموا کسالیٰ یراءون الناس ولا یذکرون اللّٰه الا قلیلا ۔ (جزء ۵ رکوع ۱۷) میراں جیو سہ پاس ذکر کنندہ را منافق فرمودند و چہار پاس ذکر کنندہ را مشرک فرمودند یعنی چہار پاس در یاد خدا باشد و چہار پاس بغیر خدا مشغول شود دوستی حق و دوستی شیطان برابر کند کقوله تعالیٰ ومن الناس من یتخذ من دون اللّٰه اندادا یحبونھم کحب اللّٰه والذین اٰمنوا اشد حبا للّٰه ط (جزء ۲ رکوع ۴) پس با کسی کہ دوستی بسیار باشد ذکر او بسیار تر باشد۔ قال علیه السلام من احب شیئا فاکثر ذکرہ قوله تعالیٰ واذا ذکر اللّٰه وحدہ اشمازت قلوب الذین لا یؤمنون بالاٰخرة واذا ذکر الذین من دونه اذا ھم یستبشرون (جزء ۲۴ رکوع ۱)

نقلست حضرت میراں علیه السلام فرمودند در کلمہ لا الٰه الا اللّٰه بر چہار قسم است یکے لا الٰه الا اللّٰه گفتنی است دوم لا الٰه الا اللّٰه دانستنی است سوم لا الٰه الا اللّٰه چشیدنی است

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ تحقیق منافقین اللہ سے دغا بازی کرتے ہیں اور اللہ بھی ان کو دغا دیگا اور جب وہ نماز پڑھنے اٹھتے ہیں تو سست و کاہل ہو کر کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھانے کی نماز پڑھتے ہیں اور اللہ کا بہت کم ذکر کرتے ہیں۔ حضرت مہدیؑ نے تین پہر ذکر کرنے والے کو منافق فرمایا ہے اور چار پہر ذکر کرنے والے کو مشرک فرمایا ہے یعنی چار پہر اللہ کے ذکر میں رہتا ہے اور چار پہر غیر اللہ کے ذکر میں مشغول رہتا ہے اللہ کی دوستی اور شیطان کی دوستی کو برابر کرتا ہے مانند قول اللہ تعالیٰ کے اور لوگوں میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو غیر اللہ کو شریک ٹھیراتے ہیں اور غیر اللہ سے ایسی محبت رکھتے ہیں جیسی کہ اللہ سے رکھنا چاہیئے اور مومنوں کو سب سے زیادہ محبت اللہ ہی سے ہوتی ہے۔ پس جس کسی کے ساتھ دوستی بہت ہوتی ہے اُس کا ذکر بھی زیادہ تر ہوتا ہے۔ نبیؐ نے فرمایا جس کو کسی چیز کی زیادہ محبت ہوتی ہے تو اس کو اسکی یاد بھی زیادہ ہوتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جب خدائے واحد کا ذکر کیا جاتا ہے تو سخت ہو جاتے ہیں ان لوگوں کے دل جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں اور جب غیر اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو یکایک وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام

چہارم لا الٰہ الا اللہ شدنی است ایں ہر سہ
مرتبہ ہمہ انبیاء و اولیاء دارند یعنے
علم الیقین و عین الیقین و حق الیقین و یکے
قسم کہ لا الٰہ الا اللہ گفتنی ماندہ است
از میان چہار قسم صفت منافقان است
کہ نفس ایمان ہم ندارند و کسے کہ نفس ایمان
ہم ندارد از عذاب خدا چگونہ رہد مگر طالب
صادق کہ روئے دل خود را از غیر حق گردانیدہ
است و روئے دل خود را سوئی مولیٰ
آوردہ است و ہموارہ مشغول با خدا باشد
و از دنیا و خلق عزلت گرفتہ است و ہمت
از خود بیروں آمدن می کند ایں چنیں کس را
ہم حکم ایمان کردہ اند و نیز فرمودند کہ
ایمان ذات خدا ست **نقلست** حضرت
میرانؑ فرمودند کہ لا الٰہ الا اللہ بر دل
کسے ایں مقدار بماند کسے کہ دانۂ مونگ بر
سر شاخ گاؤ باندازد و آواز کند کار او تمام
شود۔ **نقلست** حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند کہ اگر لا الٰہ الا اللہ بر دل مومن ایں

نے فرمایا ہے کہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ کی چار قسمیں ہیں اول
لا الٰہ الا اللہ گفتنی ہے دوم لا الٰہ الا اللہ دانستنی ہے
سوم لا الٰہ الا اللہ چشیدنی ہے چہارم لا الٰہ الا اللہ شدنی
ہے یہ تینوں مرتبے تمام انبیاؑء اور اولیاءؒ رکھتے ہیں
یعنی علم الیقین عین الیقین و حق الیقین ان چاروں
اقسام میں سے ایک قسم جو لا الٰہ الا اللہ گفتنی کی ہے
وہ منافقوں کی صفت ہے جو نفس ایمان بھی نہیں رکھتے
اور جو شخص کہ نفس ایمان بھی نہیں رکھتا ہے خدا تعالیٰ کے
عذاب سے کیونکر نجات پائیگا مگر طالب صادق
جو اپنے دل کے رخ کو غیر حق سے پھیر لیا ہے اور اپنے
دل کے رخ کو خدا کی طرف لایا ہے اور ہمیشہ خدا کے
ساتھ مشغول رہتا ہے دنیا اور خلق سے عزلت اختیار
کیا ہے اور خود[1] سے باہر آنے کی ہمت کرتا ہے ایسے
شخص پر بھی ایمان کا حکم کئے ہیں اور نیز حضرتؑ نے
فرمایا کہ ایمان خدا کی ذات ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ
نے فرمایا لا الٰہ الا اللہ کسی کے دل پر اتنی مقدار ٹھیر جائے
(جس طرح کہ) کوئی شخص مونگ کا دانہ گائے کی سینگ
پر ڈالے اور آواز کرے اس کا کام تمام ہو جائے۔
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اگر لا الٰہ الا اللہ

[1] خود سے باہر آنے کی ہمت کرتا ہے یعنی خودی کو مٹنے کی ہمت کرتا ہے۔

مقدار بماند چنانچہ خانہ پر پنبہ باشد آنجا ذرہ آتش
بانداز ند وفی الحال بیروں آرند آنجا کہ آں ذرہ
افتادہ باشد آنجا سوختہ گردد ولیکن صفت
لا الٰہ الا اللہ ایں چنیں ہست کہ ہمہ محبتہاء
غیر خدا تعالیٰ را سوختہ کنند وای برما کہ در تمام
عمر خود یکبار اینچنیں نشد کہ بر دل ما لا الٰہ الا اللہ
ایں مقدار بماند حضرت میرانؑ را مادام ایں کوشش بود
کہ شب و روز در یاد حق باشند وہر دو کس یکجا
نشستن وحکایتہای دینی بلکہ قرآن خواندن تہدی
را منع کردند وفرمودند کہ دل غافل میشود. باید دانست
کہ حدیث لایعنی از غایت زشت است ہر چیزی
کہ دراں کنایت دین نیست بشمار دین ندارد
وآں ہم لایعنی است وہر قول و فعل کہ برای حق است
وسوی حق راہ دارد وآں نہ لایعنی است نقل است
از میاں بھائی مہاجرؓ کہ حضرت میرانؑ از خانہ بحجرہ
دو سہ بار آمدند ودیدند کہ از برادراں دو کس
یکجا نشستہ بودند فرمودند کہ شما چہ نشستہ اید برادران
عرض کردند کہ میرانجیو چیزی حکایت دینی میکنیم
حضرت میرانؑ فرمودند ای بھایاں خدای بحکایت راست

مومن کے دل پر اس قدر ٹھیر جائے جیسا کہ ایک گھر روئی
سے بھرا ہوا ہو وہاں ایک چنگاری ڈال دی جائے
اور اسی وقت نکال لی جائے تو جس جگہ کہ وہ چنگاری
ڈالی جاتی ہے وہ جگہ جل جاتی ہے ولیکن لا الٰہ الا اللہ
کی صفت ایسی ہے کہ غیر اللہ کی ساری محبتوں کو جلا دیتی
ہے ہم پر افسوس ہے کہ ہماری تمام عمر میں ایک بار بھی ایسا
نہ ہوا کہ ہمارے دل پر لا الٰہ الا اللہ اتنی مقدار ٹھیر جائے۔
ہمیشہ حضرت مہدیؑ کی یہ کوشش تھی کہ دن رات اللہ
کے ذکر میں لگے رہیں۔ دو صحابہؓ کو ایک جگہ بیٹھنے اور
دینی قصے کہنے بلکہ قرآن پڑھنے سے بے تہدی کو منع فرمایا
اور فرمایا کہ دل غافل ہوتا ہے۔ جاننا چاہیئے کہ بیفائدہ
بات بہت بری ہے ہر وہ چیز کہ جس میں دین کا اشارہ نہ ہو
اس کا شمار دین میں نہیں وہ بھی بے فائدہ ہے۔ اور جو قول و
فعل کہ حق کے لئے ہے اور حق کی رہبری کرتا ہے وہ بیفائدہ
نہیں۔ حضرت بھائی مہاجرؓ سے منقول ہے کہ حضرت مہدیؑ
گھر سے حجرہ میں دو تین بار تشریف لائے اور دیکھا کہ اصحابؓ
میں سے دو صحابیؓ ایک جگہ بیٹھے ہوئے تھے فرمایا کہ تم کیا
بیٹھے ہو عرض کیا کہ میرانجی کچھ دین کی حکایت کرتے ہیں
حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا بھائیو! ذکر خدا کے

نخواہند یافت جز ذکر نقلست کہ میرانعلیہ السلام
دو کس را یکجا نشستن و چیزے خواندن منع فرمودندے
و کوشش با ذکر خدا بسیار کردندے ولیکن میراں
علیہ السلام بندگی میاں نظامؓ را بعد از صلوٰۃ فجر
خوانیدندے ہر دو یکجا نشستہ قرآن خوانیدن
شروع کردندے میاں نظامؓ سامع بودندے بعدٔ
میرانعلیہ السلام بزبان مبارک فرمودند کہ ما سامع ہستیم
شما بخوانید میاں نظامؓ عرض نمودند کہ مرا یاد نیست بلکہ
ناظرہ ہم نیست میرانعلیہ السلام فرمودند کہ بخوانید بندگی
میاں نظامؓ بیاد تمام قرآن خواندند یکی از اصحاب دریں
مجلس آمدن خواست چوں نزدیک آمد حضرت میراں
علیہ السلام نظر خشم بروی کردند او واپس رفت بعد از
فارغ شدن تلاوت حضرت میراں علیہ السلام آں
اصحاب را طلبیدہ فرمودند کہ صاحب بندہ خود را تعلیم
میکرد اگر یکقدم از آں پیش نہادی سوختہ گشتی نقل است
حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند کہ امر حقتعالیٰ میشود کہ ایں
آیت در حق گروہ تو ہست قولہ تعالیٰ ثم اورثنا
الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا ج فمنہم ظالم
لنفسہٖ ومنہم مقتصد ج ومنہم سابق بالخیرات
(جز ۲۲ رکوع ۱۵)

سوائے حکایت سے خدا کو نہ پاؤ گے نقل ہے حضرت مہدیؑ
علیہ السلام دو صحابہؓ کو ایک جگہ بیٹھنے اور کچھ پڑھنے سے منع
فرماتے اور خدا کے ذکر کی بہت کوشش فرماتے لیکن مہدیؑ
فجر کی نماز کے بعد بندگی میاں نظامؓ کو پڑھاتے اور ہر دو ایک
جگہ بیٹھکر قرآن پڑھانا شروع فرماتے اور میاں نظامؓ سنتے
اس کے بعد حضرت مہدیؑ زبان مبارک سے فرماتے کہ ہم سنتے
ہیں تم پڑھو میاں نظامؓ نے عرض کیا کہ ہم کو یاد نہیں ہے بلکہ
ہم نے دیکھا بھی نہیں مہدیؑ نے فرمایا کہ تم پڑھو تو بندگی
میاں نظامؓ نے تمام قرآن زبانی پڑھا ایک صحابیؓ اس مجلس میں
آنا چاہے جب نزدیک آئے تو حضرت مہدی علیہ السلام نے
ان کو غصہ سے دیکھا تو وہ واپس چلے گئے تلاوت سے
فارغ ہونے کے بعد حضرت مہدیؑ نے صحابیؓ مذکور کو طلب
کرکے فرمایا کہ صاحب (خدا تعالیٰ) اپنے بندے کو
تعلیم دے رہا تھا اگر ایک قدم اس سے آگے رکھتے تو
جل جاتے. نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ
کا حکم ہوتا ہے کہ یہ آیت تیرے گروہ کے حق میں ہے
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے. پھر ہم نے ان لوگوں کو (صحابہؓ کو)
قرآن کا وارث بنایا ہے جن کو ہم نے اپنے بندوں میں
سے برگزیدہ کرلیا ہے پس ان میں سے بعض ظالم لنفسہ

حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ مراد سابق بالخیرات تمام فنا دارند منہم مقتصد یعنی نیم فنا و ظالم نفس یعنی اندک فنا دارند پس ہر کہ ازیں صفت بیرون است او در گروہ من نیست نقلست حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ فرمان خدا تعالیٰ می شود کہ کلید خزانہ ایمان بدست تو دادیم و ناصر خاص دین محمدی ترا گردانیدیم و من ناصر توام بر و و دعوت بکن ہر کہ ترا قبول کرد مومن شود و ہر کہ منکر شود کافر گردد و نیز فرمان می شود کہ علم اولین و آخرین و بیان قرآن و معنی قرآن ترا دادیم نیز میراں علیہ السلام فرمودند اگر بندہ قرآن در خلوت مطالعہ کردہ آید و اندیشیدہ بیرون بیاید و بیان می کند بندہ کاذب باشد ظالم و مفتری علی اللہ باشد بندہ ہر چہ میگوید و میکند و میخواند ہر آیتی کہ تعلیم میکند بندہ بیان میکند علمت من اللہ (یعنی خدا تعالیٰ تعلیم میکند) بلا واسطہ جدیدا الیوم حال بندہ است و نیز فرمودند کہ فرمان می شود کہ ثم ان علینا

اور بعض متوسط ہیں اور ان میں بعض نیکوں میں سبقت لیجانے والے ہیں حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ سابق بالخیرات سے مراد تمام فنا رکھتے ہیں منہم مقتصد یعنی نیم فنا رکھتے ہیں اور ظالم النفس یعنی تھوڑی فنا رکھتے ہیں پس جو شخص ان تین صفتوں میں سے باہر ہے وہ میرے گروہ میں نہیں ہے. نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ فرمان خدا تعالیٰ ہوتا ہے کہ ہم نے ایمان کے خزانہ کی کنجیاں تیرے ہاتھ میں دیدی ہیں اور ہم نے تجھکو خاص دین محمدی کی نصرت کرنے والا کیا ہے اور میں تیری نصرت کرنے والا ہوں جا دعوت کر جس نے تجھکو قبول کیا مومن ہے اور جس نے تیرا انکار کیا کافر ہے. نیز مہدیؑ نے فرمایا فرمان خدا ہوتا ہے کہ ہم نے تجھکو علم اولین و آخرین اور قرآن کا بیان اور قرآن کے معنی عطا کئے ہیں نیز مہدیؑ نے فرمایا کہ اگر بندہ تنہائی میں قرآن کا مطالعہ کر کے آتا ہے اور سوچکر باہر آتا ہے اور بیان کرتا ہے تو بندہ جھوٹا ہے ظالم اور اللہ پر افترا کرنے والا ہے بندہ جو کچھ کہتا اور کرتا اور پڑھتا ہے جس آیت کی تعلیم اللہ دیتا ہے بندہ بیان کرتا ہے. میں بلا واسطہ اللہ سے ہر روز تازہ تعلیم پاتا ہوں، بندہ کا حال ہے. اور نیز

بیانانه در حق تست و ترا وارث خاص محمدی گردانیدیم و اتباع تام ترا روزی گردانیدیم هر که ترا شناخت مرا شناخت و هر که ترا نه شناخت مرا نه شناخت **نقلست** حضرت میرانؑ فرمودند که نشان تصدیق من آنست که نامرد مرد شود یعنے طالب دنیا باز طالب ذات حق تعالی شود و بخیل سخی شود یعنی کسیکه یکدینار در راه خدا تعالی نمی تواند داد او جان خود را در راه خدا تعالے تسلیم میکند و امی عالم شود یعنی کسیکه یک حرف نداند معنی قرآن بیان کند **نقلست** حضرت میران علیه السلام فرمودند که تصدیق بنده بینائی خدا تعالی است۔ **نقلست** حضرت میرانؑ فرمودند هر که خدا تعالی را مقید بیند او مشرک است **نقلست** حضرت میرانؑ بزبان گجراتی فرمودند خدا کی خدائی کون چھی نہیں بندہ کی طلب کون چھی نہیں۔ **نقلست** حضرت میرانؑ بزبان گجراتی فرمودند طلب دنی کفر ہے دنیا کا طالب کافر خدا کا طالب مومن خدا کون دیکھنا ممکن ونیز فرمودند اس دنیا دار کہتے تھے تستیں کافر کاہے نہیں کہتا

مہدیؑ نے فرمایا فرمان خدا ہوتا ہے کہ پھر ہم پر ہے قرآن کا بیان تیرے حق میں ہے اور ہم نے تجھکو خاص محمدؐ کا وارث کیا ہے اور ہم نے تجھکو محمدؐ کی کامل پیروی عطا کی ہے جس نے تجھکو پہچانا مجھکو پہچانا اور جس نے تجھکو نہ پہچانا مجھکو نہ پہچانا۔ نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ میری تصدیق کی نشانی یہ ہے کہ نامرد مرد ہوتا ہے یعنی طالب دنیا پھر طالب ذات خدا تعالیٰ ہوتا ہے اور بخیل سخی ہوتا ہے یعنی جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں ایک دینار نہیں دے سکتا وہی شخص اپنی جان خدا کے حوالے کر دیتا ہے اور امی عالم ہوتا ہے یعنی جو شخص ایک حرف نہیں جانتا قرآن کے معنی بیان کرتا ہے نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ کی تصدیق خدا تعالیٰ کی بینائی ہے نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا جس نے خدا تعالیٰ کو مقید دیکھا وہ مشرک ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے گجراتی زبان میں فرمایا خدا کی خدائی کو انتہا نہیں بندہ کی طلب کو انتہا نہیں۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے گجراتی زبان میں فرمایا کہ دنیا کی طلب کفر ہے دنیا کا طالب کافر ہے خدا کا طالب مومن ہے خدا کو دیکھنا ممکن ہے۔ اور نیز فرمایا کہ اس کو دنیا دار کہتا ہے کافر کیوں نہیں کہتا

ونیز فرمودند تم کون بھوجن ہم کون پیو ونیز فرمودند
ناہم لادیں لونگ سپاری نا پربت کا اَدا ۔ ہم
تو بھریں پیو کے کھیپا دان کہاں سون لاگا ۔ ونیز
فرمودند پھاٹا پہریں ٹوکا کھائیں راول دیول
کہیں نہ جائیں ۔ ہم گھر آئی یا ہی ریت + پانی
لوریں اور مسیت ونیز فرمودند ہمارے کوئی جالی
بُہارتے مریں ونیز فرمودند بندہ کا امی دو جے
عالم پر غالب پڑے ونیز فرمودند ہمارے کوئی دیکھتے
دکھلاتے مریں ونیز بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند
ہمارا کوئی منکر کون دیکھے پیچھے تین جاگا تبڑا ہوئے
اگر اتنا بھی کرنہ دکھلایا تو اس نے مہدیؑ کی تصدیق
کیا کیا حضرت میران علیہ السلام فرمودند ۔ کبوترخانہ
ڈہ پڑیا مطبخ لاگی آگ + جل موئی او پاپڑی جرب
نیوائے لاگ ۔ **نقلست** کہ کسے برادران خراسان
آمدند میاں سید خوندمیرؓ ایشاں را پرسیدند کہ خبر
حضرت میرانؑ چوں است آیندگاں عرض نمودند کہ
اے میاں سید خوندمیر اکنوں معاملہ یک طور است
میاں متحیر شدہ پرسیدند کہ چہ سبب واضح بگوئید
ایشاں عرض نمودند قبل ازیں اگر حضرت میرانؑ را

اور نیز فرمایا تم کو غذا اور ہم کو خدا اور نیز فرمایا کہ نہ ہم
لونگ سپیاری لادتے ہیں اور نہ تبرے، ہر تبرے ۔ ہم تو
خدا کا کلام لادتے ہیں اس کا محصول کیسے اور نیز فرمایا
پھٹا پرانا کپڑا پہن لیں روکھا سوکھا کھائیں امیروں کے
گھروں اور غیر متشرع مکانوں کو نہ جائیں ہمارا طریق یہی
ہے کہ (سفر اور حضر میں) پانی اور مسجد دیکھیں ۔ اور نیز فرمایا
جو ہمارے ہیں وہ مفلس مریں گے اور نیز فرمایا بندہ کا امتی
مخالف عالم پر غالب ہوئے ۔ اور نیز فرمایا جو ہمارے ہیں وہ
خدا کو دیکھتے دکھلاتے مریں گے ۔ اور نیز بندگی میاں سید خوندمیرؓ
نے فرمایا جو ہمارا ہے (مقبول مومن ہے) منکر کافر کو دیکھ کر
تین جگہ سے ٹیڑھا ہو گا اگر اتنا بھی نہیں کیا تو اس نے مہدی علیہ السلام
کی تصدیق کیا کی ۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کبوتر خانہ گر پڑا
باورچیخانہ کو آگ لگ گئی وہ بدبخت بلی جلکٹی غذا کی حرص
میں جل کر مرگئی نقل ہے ۔ بعضے برادر خراسان سے
آئے تو میاں سید خوندمیرؓ نے ان سے دریافت فرمایا کہ
حضرت مہدیؑ کی کیفیت کیا ہے تو انھوں نے عرض کیا
اے میاں سید خوندمیرؓ اب معاملہ ایک طور پر ہے میاںؓ
نے حیران ہو کر پوچھا کہ کیا سبب ہے واضح طور پر بیان کرو
انھوں نے عرض کیا کہ اس سے پہلے حضرت مہدیؑ کو غش

سکوت بود اکنوں مزاح میکنند و میخندند این شنیده
میاںؓ فرمودند کہ اپنے صاحب کو ہنستے پائے بخت
ہے جی. **نقلست** حضرت میرانؑ بزبان گجراتی
فرمودند جہاں ہے ہے کر جانے وہاں نہیں نہیں کر
جان، جہاں نہیں نہیں کر جانے وہاں ہے کچھ ہر جان
نقلست کہ چوں سید السادات بندگی میاں
سید خوندمیرؓ اول بار کہ با دائرہ ہم از جالور بموضع
بھدسی والی آمدند و در موضع مذکور چند روز مقیم شدند
بعضی خیلخانہ برادراں برائے ملاقات قرابتاں
رفتند کہ ایشاں موافق بودند گاہ گاہ چند ماہ با
خیلخانۂ خویش در دائرہ می ماندند و بذل ایشاں
بسیار کساں را معلوم است در شہر نہروالہ آمدند
با چندیں موافقت بندگی میاں سید خوندمیرؓ خویش
نکردند و از میاں شہاب الدین بن میاں قطب الدین
و میاں قطب الدین بن یعقوب و میاں علاء الدین
بن رفیع مشورت کردند و فرمودند کہ فلاں اشتر را
فلاں جائی در راہ بدارید تا ما ہم سفر کنیم ایشاں جائیکہ
میاںؓ فرمودہ بودند رفتند میاں آخر شب سوی ایشاں
رواں شدند و بندگی میاںؓ با کنیزک مرجانہ چند بار

رہتے تھے اب خوش طبعی کرتے ہیں۔ اور ہنستے ہیں یہ سنکر
میاںؓ نے فرمایا کہ اپنے صاحب کو ہنستے پائے تو ہماری خوش
نصیبی ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے گجراتی زبان میں
فرمایا کہ جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ میں بھی کچھ ہوں تو اس کو یہ سمجھ کہ
وہ کچھ بھی نہیں ہے اور جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ میں کچھ نہیں ہوں
تو اس میں اللہ کی محبت ہے نقل ہے کہ جب سید السادات
بندگی میاں سید خوندمیرؓ پہلی مرتبہ دائرہ کے ساتھ جالور سے
موضع بھدری والی تشریف لائے اور موضع مذکور میں چند
روز مقیم رہے تو برادران دائرہ کے بعض گھر والے اپنے
عزیزوں کی ملاقات کے لئے گئے کہ یہ لوگ موافق مہدی تھے
اور کبھی کبھی دائرہ میں مع اپنے قبیلہ کے آکر چند ماہ رہتے
تھے اور ان کی سخاوت بہت لوگوں کو معلوم ہے شہر نہروالہ
میں آئے باوجود اتنی موافقت کے شاہ خوندمیرؓ نے ان کو
قرابتدار نہیں جانا اور میاں شہاب الدین بن قطب الدین
اور میاں قطب الدین بن یعقوب اور میاں علاء الدین
بن رفیع سے مشورت کی اور فرمایا کہ فلاں اونٹ کو فلاں
جگہ راہ میں ٹھیرا دو تا کہ ہم بھی سفر کریں جس جگہ میاںؓ نے جانے کے
لئے فرمایا تھا وہ لوگ گئے میاں پچھلی رات کو ان کی طرف
روانہ ہوئے اور بندگی میاںؓ نے روانگی کے وقت مرجانہ

اشارت کردند مرجانہ برنخواست بسبب آنکہ روی
بی بی عائشہؓ طرف مرجانہ بود بعدہٗ بندگی میانؓ
از دائرہ بیرون شدہ می روند ملک حمادؒ ہم بیرون
شدند دنبال میاں گرفتند میانؓ بہ ہیچ طرف مائل
نشدند بسبب مستی حق نتوانستند فرق کردن از راہ
وغیر راہ چونکہ بمقدار یک کشت یا دو کشت سوی
برادران مذکور رفتند کہ شتر آوردہ بودند برادران
میانؓ را و ملک حمادؒ را دیدند ودانستند کہ برادران
دائرہ را خبر شد ایشان پیش پیش ازان جہت می آیند
ایشان ازاں جا شتاب شتاب رواں شدند ایشاں
پیش پیش بندگی میاںؓ پس ایشان می رفتند تا بجائیکہ
جامہ بندگی میاںؓ بدرخت خار دار ہم چسپید بعدہٗ
میاںؓ دراں جا نشستند وحکایت حال خود شروع
کردند کہ الٰہی ایں بندہ لائق مرشدی نیست وبجای
سید محمدؑ نشستن وپسخوردہ وسویت کردن مرا سزاوار
نیست بعدہ از حقتعالیٰ ندا آمد کہ اے سید خوندمیر
ترا برگزیدیم وترا لائق برجای سید محمدؑ نشستن گردانیدیم
وچندین خلعتہا ترا دادیم ومعنی قرآن ترا عطا کردیم
بعدہ بندگی میاںؓ بار دیگر عذر کردند بعد ازاں ندا

کنیزک کی طرف اشارہ کیا مرجانہ نہیں اٹھی اس لئے کہ بی بی عائشہؓ
کا رخ مرجانہ کی طرف تھا اس کے بعد بندگی میاںؓ دائرہ سے
باہر ہو کر چلنے لگے ملک حمادؒ بھی باہر ہوئے میاںؓ کے پیچھے
گئے میاںؓ کسی طرف متوجہ نہ تھے جذبۂ حق کی وجہ سے راہ
بے راہ میں فرق نہیں کر سکتے تھے جب برادران مذکور بمقدار
ایک کھیت یا دو کھیت کے فاصلہ پر جہاں اونٹ لایا گیا تھا
پہنچے تو برادروںؓ نے میاںؓ اور ملک حمادؒ کو دیکھا اور سمجھا
کہ برادران دائرہ کو اطلاع ہو چکی ہے اسی لئے یہ لوگ بڑھکر
آرہے ہیں پس انھوں نے وہاں سے جلد جلد قدم بڑھائے
یہ لوگ آگے آگے اور بندگی میاںؓ ان کے پیچھے جا رہے تھے
یہاں تک کہ ایک مقام پر بندگی میاںؓ کا جامہ خار دار درخت
سے لپٹ گیا اس کے بعد میاںؓ وہاں بیٹھ گئے اور اپنے
حال کی حکایت شروع کی کہ الٰہی یہ بندہ مرشدی کے لائق
نہیں اور مہدی موعودؑ کی جائے پر بیٹھنا پسخوردہ اور سویت
کرنی میرے لئے سزاوار نہیں اس کے بعد حقتعالیٰ سے
صدا آئی کہ اے سید خوندمیر تو ہمارا مقبول ہے اور ہم نے
تجھکو سید محمدؑ کی جانشینی کے لائق کیا ہے اور کئی خلعتیں
تجھکو سرفراز کی ہیں اور ہم نے تجھکو قرآن کا معنی عطا کیا ہے
اس کے بعد بندگی میاںؓ نے مکرر عذر کیا بعد ازاں پھر

دیگر آمد کہ با تو بسیار کار است تو کجا میروی بعد ازاں
بندگی میاںؓ ہشیار شدند و ملک حمادؒ را پیش خود
طلبیدند و پرسیدند کہ راہ دائرہ کدام است
بعدہٗ ملک حمادؒ راہ دائرہ نمودند و ملک حمادؒ بندگی
میاں سید خوندمیرؓ را پرسیدند کہ یکی آواز میاں
شنیدیم و آواز دوم از آنِ کہ بود میاںؓ فرمودند
آواز دوم از خدا تعالیٰ و مصطفیٰ صلعم بود سبحان اللہ
خلعتہا این چنیں و نیستی این چنیں کردند و این نیستی
جز لایق مرضیہ شدن محال است بعدہ بندگی میاںؓ
در دائرہ واپس آمدند بعد از روز شدن در خیمہ
یک چوبی از آنِ میاں سید خانجیو نشستند و آنکسان را
کہ خیلخانہائے ایشاں سوی قرابتیاں رفتہ بودند
طلبیدہ حاضر کردند بر ایشاں بسیار زجر کردند و فرمودند
کہ بندہ در میانِ شما برائے چہ کار ماند شما طرف دنیا
داراں میل کردید و خیلخانہا را طرف دنیا داراں رفتن
دادید و این آیتہا بر ایشاں خواندند قولہ تعالیٰ
یاایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا اٰباءکم واخوانکم
اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ، ومن
یتولھم منکم فاولٰئک ھم الظٰلمون ، قل ان کان

صدا آئی تجھ سے بہت کام ہے تو کہاں جاتا ہے اس کے
بعد بندگی میاںؓ ہشیار ہوئے اور ملک حمادؒ کو اپنے پاس
طلب کئے اور پوچھا کہ دائرہ کا راستہ کونسا ہے اس کے
بعد ملک حمادؒ نے دائرہ کا راستہ دکھلایا اور ملک حمادؒ
نے بندگی میاںؓ سے پوچھا کہ میں نے ایک آواز میاںؓ
کی سنی اور دوسری آواز کس کی تھی میاںؓ نے فرمایا کہ
دوسری آواز خدا تعالیٰ اور مصطفیٰؐ کی طرف سے تھی سبحان اللہ
خلعتیں ایسی اور نیستی ایسی کی اور یہ نیستی خدا کی مرضی کے
موافق زندگی بسر کرنے کے بغیر محال ہے اس کے بعد
بندگی میاںؓ دائرہ میں واپس آئے دن نکلنے کے بعد میاں
خانجیو کے ایک چوبی ڈیرہ میں بیٹھے اور ان اشخاص کو کہ جن
کے قبیلے والے اپنے عزیزوں کے یہاں گئے تھے اپنے پاس
بلوائے اور ان کو بہت دھمکی دی اور فرمایا کہ بندہ تمہارے
درمیان کس کام کے لئے رہے کیونکہ تم نے دنیا داروں
کی طرف توجہ کی اور اپنے قبیلہ والوں کو دنیا داروں کی
طرف جانے دیا اور ان پر یہ آیتیں پڑھیں۔ اے مومنو
نہ بناؤ اپنے باپ اور بھائیوں کو دوست اگر وہ عزیز رکھیں
کفر کو ایمان کے مقابلہ میں اور جو تم میں سے انکی رفاقت کرے تو
وہی لوگ ظالم ہیں۔ کہدے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے

اٰباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم
واموال ن اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا
ومسٰکن ترضونھا احب الیکم من اللہ و
رسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی
اللہ بامرہٖ واللہ لا یھدی القوم الفٰسقین ؁
(جز ۱۰ رکوع ۸)
ونیز ایں آیت خواند لا تجد قوما یومنون باللہ
والیوم الاٰخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو
کانوا اٰباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم
اولٰئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم
بروح منہ ط ویدخلھم جنٰت تجری من
تحتھا الانھٰر خٰلدین فیھا ط رضی اللہ
عنھم ورضوا عنہ ط اولٰئک حزب اللہ ط
الا ان حزب اللہ ھم المفلحون (جز ۲۸ رکوع ۲)
ونیز ایں آیت را خواند لن تنفعکم ارحامکم
ولا اولادکم یوم القیٰمۃ یفصل بینکم
واللہ بما تعملون بصیر ؁ قد کانت لکم اسوۃ
حسنۃ فی ابراھیم والذین معہ اذ قالوا
لقومھم انا برءٰؤا منکم ومما تعبدون من

بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بی بیاں اور تمہاری
برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سوداگری جس کے
گھاٹے سے ڈرتے ہو اور حویلیاں جن کو پسند کرتے ہو یہ
چیزیں تم کو زیادہ عزیز ہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس
کی راہ میں جہاد کرنے سے تو منتظر رہو یہانتک کہ بھیجے اللہ
اپنا حکم اور اللہ نہیں ہدایت دیتا نافرمان لوگوں کو۔ اور
نیز یہ آیت پڑھی تو نہ پائیگا ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں
اللہ اور روز آخرت پر کہ وہ ایسوں سے دوستی کریں جو
مخالف ہوئے اللہ اور اس کے رسول کے گو وہ ان کے
باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی ہوں یا ان کے
قبیلہ کے۔ یہی ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھدیا
ہے اور ان کی تائید کی اپنے فیضان غیبی سے اور ان کو
داخل فرمائیگا ایسے باغوں میں کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں
ہمیشہ وہیں رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے
راضی یہ اللہ کی جماعت ہے خبردار ہو جاؤ اللہ کی جماعت
ہی فلاح پانے والی ہے اور یہ آیت بھی پڑھی۔ ہرگز تمہارے
کام نہ آئیں گے تمہارے ناتے اور نہ تمہاری اولاد قیامت
کے دن اللہ فیصلہ فرمائیگا تم میں اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو

ے ماقبل آیت ہذا ایں آیت است استحوذ علیھم الشیطٰن فانسٰھم ذکر اللہ ط اولٰئک حزب الشیطٰن ط الا ان حزب الشیطٰن ھم الخٰسرون ؁ (جز ۲۸ رکوع ۲)۔ غالب آگیا ہے ان پر شیطان پھر بھلا دیا ان کو خدا کی یاد یہ شیطان کا لشکر ہے آگاہ ہو کہ شیطان کا لشکر گھاٹے میں رہیگا

دون اللہ کفرنا بکم وبدا بیننا وبینکم العداوۃ
والبغضاء ابداً حتیٰ تؤمنوا باللہ وحدہٗ (جزو ۲۸ رکوع ۶) وبدیں
مانند آیتہا بسیار خواندند وتا یکپاس روز برادران
خاص را بطریق جلالیت زجر کردند بعدہٗ برادران
رجوع کردند وگفتند از ما خطا افتاد کہ خیلخانہا را
رفتن دادیم بعدہٗ آں خیلخانہا را شتاب
طلبید شد وایں ناقل حاضر بود پس اگر میل ہوئی
قرابتان دنیا داران کنند باید کہ با ایشاں
چیزے یاری نہ کنند اگر بکنند روش مہدی
علیہ السلام ویارانِ او نباشد بلکہ بدعت است
کقولہ تعالیٰ وتعاونوا علی البر والتقویٰ
ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان
(جزو ۶ رکوع ۴)۔ واگر در راہ خدا تعالےٰ
بیایند وایشاں یاری طلبند شما
یاری دہید۔ کقولہ تعالیٰ وان
استنصروکم فی الدین فعلیکم النصر الآیۃ
(جزو ۱۰ رکوع ۵) خوشنودی حضرت میرانؑ و
بندگی میاں سید خوندمیرؓ وبندگی میاں شاہ
نعمتؓ بلکہ اکثر مہاجرانؓ نبود کہ ایشان

دیکھ رہا ہے تمہارے لئے نیک پیروی موجود ہے
ابراہیمؑ میں اور ان لوگوں میں جو ابراہیمؑ کے ساتھ تھے جب
انھوں نے کہا اپنی قوم سے کہ ہم بے تعلق ہیں تم سے اور
ان چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے ہم منکر
ہوئے تم سے اور ظاہر ہو پڑی ہم میں اور تم میں دشمنی
اور بغض ہمیشہ کے لئے جبتک کہ تم ایمان نہ لاؤ ایک اللہ پر۔
اور ایسی بہت سی آیتیں پڑھیں اور ایک پہر دن تک مخصوص
برادروں کو جلال میں آکر ملامت کی اس کے بعد برادران
نے رجوع کی اور کہا کہ ہم سے خطا ہوئی کہ گھر والوں کو جانے
دیا اس کے بعد برادروں نے گھر والوں کو جلد بلوالیا اور
یہ ناقل حاضر تھا۔ پس اگر اہل دائرہ دائرہ کے باہر رہنے
والے دنیا دار قرابتداروں کی طرف میل کریں تو اہل دائرہ
کو چاہیئے کہ ان کے ساتھ کسی قسم کی مدد نہ کریں اور اگر مدد کریں
تو مہدیؑ اور یارانِ مہدیؑ کی روش کے خلاف بلکہ بدعت
ہے مانند قول اللہ تعالیٰ کے۔ بایکدیگر مدد کرو تم نیکی
اور پرہیزگاری پر اور بایکدیگر مدد نکرو گناہ اور دشمنی
پر۔ اور اگر خدا کی راہ میں آئیں اور یہ لوگ مدد طلب کریں
تو تم ان کی مدد کرو مانند قول اللہ تعالیٰ کے اور اگر تم سے
دین میں مدد چاہیں تو تم پر مدد کرنا واجب ہے الخ دائرہ سے

بخانہ قرابتان دنیاداراں روند چنانچہ نقلہائے
کاہمہ و شہر نہر والہ و موضع بھدری والی بسیار است
برادران مذکور را ازیں جہت بسیار زجر کردند و
نیز **نقلست** وقتیکہ بندگی ملک الہداد رضؓ
از جالور نزدیک شہر نہر والہ چند روز ماندند فرمودند
کہ مبادا کسی برائے ملاقات قرابتان خود در
شہر روند و اگر ملاقات ایشاں کنید و یا شما روید
در دائرۂ من نیائید ہر جا کہ خواہید بروید ہمانجا
بمانید۔ **نقلست** حضرت میراںؑ فرمودند اگر
کسی ہجرت کردہ از گجرات بخراسان رفتہ
باشد و قرابتان او در گجرات باشند و میل
دل او سوے قرابتان باشد آنکس از ظالمان
است ایں نقل را طائفہ است حضرت میراں
علیہ السلام درحق ایشاں ایں آیتہا خواندند۔
یاایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا اٰبائکم واخوانکم
اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولہم
منکم فاولٰئک ہم الظٰلمون۔ وقال اللہ تعالیٰ
والذین اٰمنوا ولم یہاجروا ما لکم من ولا
یتہم من شیٔ حتّٰی یہاجروا (جزء ۱۰ رکوع ۵)

والے دائرے کے باہر دنیادار قرابتداروں کے گھر جانے
میں حضرت مہدیؑ بندگی میاں سید خوندمیرؓ اور بندگی
میاں نعمتؓ بلکہ اکثر مہاجروں کی خوشنودی نہ تھی چنانچہ
اس باب میں شہر کاہہ شہر نہر والہ اور موضع بھدری والی
کی بہت سی نقلیں ہیں اسی لئے برادران مذکور کو بہت
تنبیہ کی۔ اور نیز نقل ہے جس وقت کہ بندگی ملک الہدادؓ
جالور سے نکلکر شہر نہر والہ کے نزدیک چند روز رہے اور
فرمایا ایسا نہو کہ کوئی شخص اپنے عزیزوں کی ملاقات کیلئے
شہر میں جاے اور اگر ان سے ملاقات کرو اور یا تم جاؤ تو
میرے دائرہ میں نہ آؤ جہاں چاہو چلے جاؤ اور وہیں رہو
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص ہجرت
کرکے گجرات سے خراسان جائے اور اس کے عزیز گجرات
میں ہوں اور اس کے دل کی توجہ اپنے عزیزوں کیطرف
ہو تو وہ شخص ظالموں سے ہے اس نقل کی راوی ایک جماعت
ہے حضرت مہدیؑ نے ان کے حق میں یہ آیتیں پڑھیں
مومنو! اپنے آباء واجداد اور بھائیوں کو اپنے دوست
مت بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو دوست رکھتے ہیں اور جو
ان کو اپنا دوست تم میں سے بنائیں گے تو وہی ظالم ہیں
اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جنھوں نے ایمان لایا اور ہجرت

ونیز فلا تتخذوا منہم اولیاء حتی یہاجروا
فی سبیل اللہ (جزء ۵ رکوع ۸) **نقلست** بندگی
میاں سید خوندمیرؓ فرمودند ہر کہ مہدیؑ را قبول
کردہ واز ہجرت وصحبت او باز ماندہ است
اورا حکم منافقی کردند **نقلست** بحضور
حضرت میراں علیہ السلام در جدہ بسیار
اضطرار شدہ بود بحضور بندگی میاں سید خوندمیر صدیق ولایتؓ
درجیول بسیار اضطرار شدہ مردند بحضور
بندگی ملک الہدادؓ درجالور اضطرار شدہ
بسیار مرد ماں خشک شدہ مردند نیز بحضور
علی سیرت المہدیؑ در موضع جیول بسیار
اضطرار روی نمودہ بود وارزانیت غلہ بسیار
بود کہ پنج سیر برنج بہ ڈکرہ می آمدے فاما
ہیچ یکی تردد وتدبیر نکید سگر نکردند وکم وزیادہ
چہار صد وپنجاہ فقیر برائے اللہ بحال ثابت
قدم بفقر وفاقہ خشک شدہ جان بجاناں
سپردند ہم دراں زماں از طرف ملک شرف الدین
بن ملک محمد برادر بوامریم الملقب بوامنا بسیار
خرچہ وزر این خواہر خود را بندگی میاںؓ را فرستادہ

نہیں کی تو تمہارے لئے ان کی ولایت نہیں ہے کسی چیز میں بھی حتیٰ
کہ وہ ہجرت کریں۔ اور نیز قولہ تعالیٰ تو تم ان میں سے کسی کو
دوست مت بناؤ جبتک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں۔
نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا جس نے حضرت
مہدیؑ کی تصدیق کی اور آپ کی صحبت اور ہجرت سے
باز رہا تو اس پر حضرتؓ نے منافقی کا حکم کیا ہے نقل ہے
حضرت مہدیؑ کے حضور میں جدہ میں بہت فقر وفاقہ پڑا
تھا بندگی میاں سید خوندمیرؓ کے حضور میں جیول میں بہت
فقر وفاقہ پڑ کر طالبان خدا انتقال کئے اور بندگی ملک الہدادؓ
کے حضور میں جیول میں بہت مردان خدا فقر وفاقہ سے
خشک ہو کر انتقال کئے۔ شاہ خوندمیرؓ کے حضور میں جیول
میں بہت فقر وفاقہ ظاہر ہوا اور غلہ اس قدر سستا تھا کہ
ڈکرہ کو پانچ سیر چاول ملتے تھے مگر کسی طالب خدا نے
آپس میں کوئی تردد اور تدبیر نہیں کی کم وبیش ساڑھے
چار سو فقراء نے اللہ کے لئے ثابت قدمی کے ساتھ فقر و
فاقہ سے خشک ہو کر جان جاناں کے حوالے کی اسی زمانہ
میں ملک محمد کے فرزند ملک شرف الدین کی طرف سے ان کی
بہن بوامریم الملقب بوامناؒ اور بندگی میاںؓ کے پاس
بہت روپیے اور زیور روانہ کئے گئے تھے۔ بندگی ملک حمادؒ

بودند بندگی ملک حمادؒ فتوح خود نیز بحضور حضرت میاںؓ پیش کردند برائے خرچہ سوی کعبۃ اللہ رواں شدند تمام دائرہ را در سلطان پور داشتند چنانچہ خافی نیست **نقلست** بندگی میاں سید خوندمیرؓ با دائرہ ہمہ رواں شدند برائے حج فرمان آمد اے سید خوندمیر مرد ماں کہ برابر تواند ایشاں را باز بگرداں بندگی میاںؓ باز گردانیدند سہ مرد مانرا ہمراہ خود گرفتہ رفتند چونکہ بکعبۃ اللہ رسیدند برائے خرچہ چیزی کالای بود بہ بہای اینجا میفروختند برادراں عرض کردند اینجا بسیار گراں است و قیمت زیادہ می آید میاںؓ فرمودند برائے اللہ بحج آمدم نہ برائی سوداگری آمدم **نقلست** بندگی ملک الہدادؓ برای حج رفتند کعبہ را دیدند ایں دعا طلبیدند یا رب العالمین میان تو الہداد است الہداد را بر دار خدا تعالیٰ اجابت کرد **نقلست** بندگی میاں سید خوندمیرؓ بی بی عائشہؓ را فرمودند کہ از جہت فرزنداں صغیر نابالغ ہستند خدمت ایشاں بکنید از جہت اللہ چوں بالغ شوند اگر راہ خدا تعالیٰ اختیار کنند ہمچناں رعایت بکنید

نے اپنی فتوح بھی حضرت بندگی میاںؓ کی خدمت میں خرچہ کے لئے پیش کی کعبۃ اللہ کی طرف روانہ ہوئے تمام دائرہ کو سلطان پور میں رکھے چنانچہ یہ بات پوشیدہ نہیں۔ نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ تمام اہلیان دائرہ کے ساتھ حج کے لئے روانہ ہوئے فرمان آیا اے سید خوندمیر جو لوگ تیرے ہمراہ ہیں ان کو واپس کر دے تو آپ نے ان کو واپس کر دیا تین آدمیوں کو اپنے ہمراہ لیگئے جب کعبۃ اللہ پہنچے تو خرچ کے لئے جو سامان تھا وہاں کی قیمت سے بیچ رہے تھے بھائیوں نے عرض کیا کہ یہاں اشیاء بہت مہنگے ہیں قیمت زیادہ آتی ہے میاںؓ نے فرمایا کہ میں اللہ کے واسطے حج کو آیا ہوں سوداگری کے لئے نہیں آیا۔ نقل ہے بندگی ملک الہدادؓ حج کے لئے گئے کعبہ کو دیکھا یہ دعا کی کہ اے رب العالمین تیرے درمیاں الہداد ہے الہداد کو اٹھا لے خدائے تعالیٰ نے قبول کی۔ نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے بی بی عائشہؓ سے فرمایا چھوٹے بچے نابالغ ہیں اللہ کے واسطے ان کی خدمت کرو جب بالغ ہو جائیں اگر خدا تعالیٰ کی طلب اختیار کریں تو اسی طرح رعایت کرو بلکہ زیادہ شفقت اختیار کرو۔ اگر غیر اللہ یعنی دنیا کی

بلکہ زیادہ شفقت نمایند اگر طلب غیر کنند از ایشاں
بیزار شوید از خانہ بیروں کنید از جہت اللہ اگر ایں
عمل نہ کنید عند اللہ ماخوذ گردید قال علیہ السلام
اکمل الایمان الحب للہ والبغض للہ **نقل است**
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند در خانہ کسی کنیزک یا
غلام باشد آں را حاجت مرشد نیست **نقل است**
یک روز در خانہ میاں سید سلام اللہ رضؓ شور شد کنیزک را
میزدند میاں شاہ نعمت رضؓ منع کردند میاں سید
سلام اللہ رضؓ و میاں نعمت رضؓ را گفتگو شد آں قصہ را
پیش حضرت میراں علیہ السلام عرض کردند حضرت میراںؑ
فرمودند در خانہ کسی کہ کنیزک یا غلام باشد اور را ایمان
شدن محال است دراں روز شہتا بردہ آزاد
شدند **نقلست** کسی بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ را عرض کرد
کہ مردانگی و شجاعت ایں فقیراں بلند است میاںؓ
فرمودند کہ ایشاں ضعیف اند با خدا تعالیٰ صلح کردند
ذات خود را تسلیم کردند در رضاء خدا تعالیٰ و
شجاعت شما بسیار است کہ مقابلہ با خدای رسول
علیہ السلام و فرشتگاں کردید و عذاب دوزخ اختیار
کردید شجاعت شما بزرگ است. **نقلست**

طلب اختیار کریں تو تم اللہ کے واسطے ان سے بیزار
ہو جاؤ گھر سے باہر کردو اگر یہ عمل نہ کروگے تو اللہ کے
پاس ماخوذ ہوگے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ زیادہ کامل ایمان
اللہ کے واسطے کی محبت اور اللہ کے واسطے کے بغض میں
ہے نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا جس کے گھر میں
باندی یا غلام ہو اس کو مرشد کی حاجت نہیں نقل ہے
ایک روز میاں سید سلام اللہ رضؓ کے گھر میں شور ہوا باندی
کو مارتے تھے میاں شاہ نعمت رضؓ نے منع کیا میاں سید
سلام اللہ رضؓ اور میاں نعمت رضؓ کی گفتگو ہوئی یہ قصہ حضرت
مہدیؑ کے حضور میں پیش کئے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ
جس شخص کے گھر میں باندی یا غلام ہو اس کے لئے ایمان
ہونا محال ہے۔ اس روز اسی بردے آزاد ہوئے
نقل ہے کسی شخص نے بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ سے عرض
کیا کہ مردانگی اور بہادری ان فقیروں کی بلند ہے میاںؓ
نے فرمایا کہ یہ فقرا ضعیف ہیں خدا تعالیٰ کے ساتھ صلح
کر لئے ہیں خدا کی خوشنودی میں اپنی ذات کو خدا کے
حوالے کر دیے ہیں تمہاری بہادری بہت ہے کہ خدا
اور رسولؐ اور فرشتوں کا مقابلہ کرتے ہو اور دوزخ
کا عذاب اختیار کرتے ہو تمہاری شجاعت بڑی ہے۔

بندگیمیاں سید خوندمیرؓ فرمودند کسی را ہمہ عمر پای او
در رکاب زین بستہ شدہ است اسپ می گردد
تا وقت موت اگر ایمان نشود ہیچ مشقت نہ کرد
مفت یافت و نیز فرمودند آسمان و زمین را دری
باشد و حول آں در چشم کسی ہمہ عمر می گردد تا وقت
موت ایمان شود مفت یافت ہیچ مشقت و قیتی
نہ شد **نقلست** کسی بندگیمیاں سید خوندمیرؓ
را پرسید عمل مقبول یا مردود چوں معلوم شود
میاںؓ فرمودند ہر عمل کہ در نظر آید آں مردود
باشد آں عمل کہ در نظر نیاید آں مقبول است
و نیز پرسیدند وقت دیگر میاںؓ گفتند
در ہمہ عمر یکبار عمل در نظر آید آں عمل مردود
است بجز فنا شدن عمل مقبول نشود عمل کنندہ
فنا شود کسی ببیند اگر عمل کنندہ باقی است آں
عمل در نظر آید طالب را باید فنا حاصل کند اصل کار
اینست **نقلست** کسی پیش بندگی میاں
سید خوندمیرؓ عرض کرد کہ ایں بندگان خدا بسیار
ہمت کردند میاںؓ فرمودند ایشاں چہ ہمت
کردند دنیا اندک است آں را گذاشتہ

نقل ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کسی شخص کا پاؤں
تمام عمر زین کے رکاب میں بندھا ہوا ہے گھوڑا پھیر رہا
ہے موت کے وقت اگر ایمان ملجائے تو کچھ محنت نہ کیا
مفت میں ایمان پایا۔ اور نیز شاہ خوندمیرؓ نے فرمایا کہ زمین
سے آسمان تک ایک دروازہ ہو اور اس دروازہ کے
اطراف کسی کی آنکھ تمام عمر پھرتی رہے موت کے وقت
ایمان پایا تو مفت پایا کوئی محنت کسی وقت اس کو نہ ہوئی
نقل ہے کسی شخص نے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ سے پوچھا کہ
عمل مقبول ہے یا مردود کیسے معلوم ہو میاںؓ نے فرمایا
جو عمل کہ نظر آوے وہ مردود ہے اور جو عمل کہ نظر نہ آوے
وہ مقبول ہے اور نیز دوسرے وقت پوچھے تو میاںؓ
نے کہا کہ تمام عمر میں ایک بار بھی عمل نظر میں آوے تو وہ
عمل مردود ہے فنا ہونے کے بغیر عمل مقبول نہ ہوگا عمل
کرنے والا فنا ہو جائے کوئی دیکھے اگر عمل کرنے والا باقی
ہے تو وہ عمل نظر آتا ہے۔ طالب خدا کو چاہیئے کہ فنا
حاصل کرے اصل کام یہی ہے۔ نقل ہے کسی شخص نے
بندگیمیاں سید خوندمیرؓ کے حضور میں عرض کیا کہ یہ بندگان
خدا جو دائرے میں ہیں انھوں نے بڑی ہمت کی ہے
میاںؓ نے فرمایا کہ انھوں نے کیا ہمت کی۔ دنیا تھوڑی ہے

آخرت بسیار است ازاں سبب طلب آخرت
کردہ ہمت شما بلند است خدائے تعالیٰ در کلام
خویش مدح بہشت بسیار کردہ است و ذم
دوزخ بسیار کردہ است شما بہشت را اعراض
کردہ گذاشتید طلب دنیا اختیار کردید ایں
دنیا فانی را شما اختیار کردید آخرت بہتر و باقی
است آں را گذاشتید ہمت شما بزرگ است
کسی بسیار را طلب کند اندک بگیرد ہمت او
زیادہ است **نقلست** کہ حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند وجود حیات دنیا کفر است یعنی زیستن
بجان ایں را ہستی و خودی گویند اموال و اولاد جز
آں را متاع حیات دنیا نام کردہ اند چنانچہ
زنان و فرزنداں و اموال و حیوانات و زراعات
و عمارات و ملبوسات و ماکولات و جز آں ہر کہ
ایشاں را مرید باشد و بدو مشغول شود او کافر
است ہر کہ ارادت او دارد و بدو مشغول گردد او کافر
است اگر کسی بہ او صحبت کند و بخانہ او رود و بہ او
الفت دارد حضرت میراں علیہ السلام فرمودند او از
آں ما نیست و از آں محمد نیست و از آں خدا نیست

اس کو چھوڑ کر آخرت بہت ہے اس سبب سے آخرت کو
طلب کیا تمہاری ہمت بلند ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے
اپنے کلام میں بہشت کی تعریف بہت کی ہے اور دوزخ
کی مذمت بہت کی ہے تم نے بہشت سے منہ پھیر کر چھوڑ دیا
دنیا کی طلب اختیار کی تم نے اس فانی دنیا کو اختیار
کیا آخرت بہتر اور باقی ہے اس کو چھوڑ دیا لہٰذا تمہاری
ہمت بڑی ہے جو شخص بہت کو طلب نہیں کرتا تھوڑی
کو طلب کرتا ہے تو اس کی ہمت زیادہ ہے نقل ہے
حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ دنیا کی زندگی کا وجود کفر ہے
یعنی جان سے جینا اس کو ہستی اور خودی کہتے ہیں مال
اولاد ان کے سوا دوسری چیزوں کا نام (قرآن میں)
دنیا کی زندگی کی پونجی ہے چنانچہ عورتیں بچے جانور
کھیتیاں عمارتیں کپڑے کھانے کی چیزیں جو شخص ان
چیزوں کا ارادہ رکھتا ہے اور ان میں مشغول ہو جائے
تو وہ کافر ہے اگر کوئی شخص اس کی (دنیا کی زندگی کی
پونجی کا ارادہ رکھنے والے اور اس میں مشغول ہونے والے
کی) صحبت میں رہے یا اس کے گھر جائے اور یا اس سے
الفت رکھے تو حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ وہ ہماری آن
سے نہیں ہے۔ محمدؐ کی آن سے نہیں ہے اور خدا کی آن سے

نقلست حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند ہر کہ منتظر فتوح باشد او متوکل نیست **نقلست** حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند ایذا و رنج از مدعیان برسد بدانید کہ خدا تعالیٰ شمارا یاد کردہ است و از بندہ ہستید وچوں فتوح خلق زیادہ گردد بدانید کہ از درگاہ باری تعالیٰ فراموش گردید و از من نیست **نقلست** حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند اگر کسے گوید متوکل را خدا تعالیٰ سوا لک تنکہ زر رحمتاً فرستادہ است یک ساعت تاخیر کنید تا بیارم اگر آں متوکل بماند و تاخیر کند متوکل نباشد **نقل است** در دائرہ میاں ملک جیؓ نظام الملک آمدہ بود بوقت نماز برادراں کہ بالای صف نشستہ بودند یک برادر در پس آمدہ چادر خود گسترانیدہ برای نماز دادہ بود بر آں چادر نظام الملک نماز گزارد میاںؓ شنیدند آں برادر را از دائرہ بیروں کردند میاں ملک جیؓ فرمودند کسی دل و ذات خدای را تسلیم کند چنانکہ موذن روی خود تسلیم کند ہیچ طرف مائل نشود ہمچناں سوی خدا تعالیٰ کند کار او تمام شود **نقلست** بندگی میاں

نہیں ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو شخص فتوح کا منتظر ہو وہ متوکل نہیں ہے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ (دین مہدیؑ یعنی خدا طلبی کے) دشمنوں سے تکلیف اور رنج پہنچے تو جانو کہ خدا تعالیٰ نے تم کو یاد کیا ہے اور تم بندہ سے ہو اور جب خلق سے فتوح زیادہ ہونے لگے تو جانو کہ تم خدا تعالیٰ کی درگاہ سے فراموش ہو گئے اور تم مجھ سے نہیں ہیں۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص متوکل سے کہے کہ خدا تعالیٰ نے سوا لاکھ سونے کے تنکے بھیجا ہے ایک گھنٹہ توقف کرو تو میں لاتا ہوں اگر وہ متوکل ٹھیر گیا اور تاخیر کیا تو وہ متوکل نہوگا۔ نقل ہے میاں ملک جیؓ کے دائرے میں نظام الملک نماز کے وقت آیا تھا دائرے کے برادر جو صف پر بیٹھے ہوے تھے ان میں سے ایک برادر نے پیچھے آکر نماز کے لئے چادر بچھادی اس چادر پر نظام الملک نے نماز ادا کی میاں ملک جیؓ نے یہ واقعہ سنا اور اس برادر کو دائرہ کے باہر کردیا۔ میاں ملک جیؓ نے فرمایا کہ کوئی شخص اپنے دل اور ذات کو خدا کے حوالے کرے جیسا کہ موذن اپنے رخ کو خدا کی طرف متوجہ کرتا ہے کسی کی طرف متوجہ نہیں ہوتا اسی طرح خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرے تو اس کا کام

شاہ نظامؓ از دائرہ بیروں مشغول نشستہ بودند جوع غلبہ
کرد میاں شاہ نظامؓ گیاہ خوردند برادراں پرسیدند
چہ خوردید میاں نظامؓ فرمودند بسند جوع شد
ہر حال دنیا بگذرد **نقلست** میاں یوسفؓ را
بسیار اضطرار بود یک فوطہ بود سر را رسن بستہ
بودند برگ درختان خوردند پای راز خم شدہ
نشستند حضرت میرانؑ را پرسیدند آن وقت
کجا است کہ مشقت مہدویاں را بسیار شدندی
میرانؑ فرمودند آں وقت ہمین است اما قابلیت
شما بزرگ است ازاں سبب معلوم نمی شود
نقلست بندگیمیاں سید خوندمیرؓ پیش
حضرت میرانؑ عرض کردند کہ در تمام عالم دو
مسلمان معلوم می شوند حضرت میرانؑ
فرمودند کہ شما چہ میگوئید ایں سخن بندگیمیاںؓ
فرمودند آری میرانجیو ہمچنین است بعدہ
میرانؑ فرمودند کہ از کجا معلوم می شود میاںؓ
فرمودند از میرانجیو معلوم می شود میرانؑ فرمودند
کہ کدام دو کساں میاںؓ فرمودند یکی محمد رسول اللہؐ
ثانی محمد مہدیؑ بعدہ میرانؑ فرمودند آری

تمام ہو جائے نقل ہے بندگی میاں شاہ نظامؓ دائرہ
سے باہر خدا کے ذکر میں مشغول بیٹھے تھے بھوک کا غلبہ ہوا
تو آپ نے گھاس نوش فرمایا برادروں نے پوچھا کہ آپنے
کیا نوش فرمایا تو فرمایا بھوک کا علاج ہوا ہر حال دنیا
گذر جاتی ہے۔ نقل ہے میاں یوسفؓ پر بہت فقر و
فاقہ تھا ایک لنگی باندھے ہوئے سر پر رسی لپٹے ہوئے
تھے جھاڑوں کے پتے کھاتے تھے پاؤں زخمی تھے بیٹھے
ہوئے تھے حضرت مہدیؑ سے پوچھا کہ وہ وقت کہاں
ہے (کہ جس کے متعلق آپنے فرمایا تھا) کہ مہدویوں پر
بہت مشقت ہوگی حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ وہ وقت
یہی ہے لیکن تمہاری قابلیت بڑی ہے اس لئے
تم کو تکلیف معلوم نہ ہوئی۔ نقل ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ
نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا کہ تمام عالم میں
دو مسلمان معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ
تم یہ بات کیا کہتے ہو۔ بندگی میاںؓ نے فرمایا ہاں میرانجی
ایسا ہی ہے اس کے بعد حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ کہاں
سے معلوم ہوتا ہے میاںؓ نے فرمایا کہ میرانجی سے معلوم
ہوتا ہے مہدیؑ نے فرمایا کہ دو شخص کون ہیں میاںؓ نے
فرمایا کہ ایک محمد رسول اللہؐ دوسرے محمد مہدیؑ ہیں ایک

ہمچناں است بعضی انبیا را سر مسلمان شدہ بود و بعضی تا سینہ و بعضی تا ناف و بعضی را پہلوی راست و بعضی را ہر دو پہلو مگر ہمیں دو تن سرتاپا مسلمان شدند۔ **نقلست** از ملک پیر محمدؒ کہ حضرت میرانؑ بدیں عبارت فرمودند کہ آدم صفی اللہؑ گندم کاشت و نوح نجی اللہ آب داد و ابراہیم خلیل اللہؑ کشت پاک کرد خاشاک را بیروں آورد و موسیٰ کلیم اللہؑ درودی کرد و عیسیٰ روح اللہؑ خرمن کرد و محمد رسول اللہؐ آرد کرد نان پخت و خود چشید و برای فرزند خود داشت آں فرزند مہدی موعودؑ است آنرا مہدیؑ چشید و ہمہ مہاجرانؓ را و سید خوندمیرؓ را چشانید۔ **نقلست** حضرت میرانؑ فرمودند یکی وقت سلطان اللیل و یکی وقت سلطان النہار است و کلام میرانؑ است کہ ہر کہ ایں ہر دو وقت ضائع کند آنکس فقیر دین نیست

بعد مہدیؑ نے فرمایا ہاں ایسا ہی ہے بعضے انبیاؑ کا سر مسلمان ہوا تھا اور بعضے سینے تک اور بعضے ناف تک اور بعض کا سیدھا پہلو اور بعض کے ہر دو پہلو مسلمان تھے مگر یہی دو تن (محمد و مہدی علیہم السلام) سرتاپا مسلمان ہوئے نقل ہے ملک پیر محمدؒ سے کہ حضرت مہدیؑ نے اس عبارت میں فرمایا کہ آدم صفی اللہؑ نے گیہوں بویا نوح نجی اللہ نے پانی دیا ابراہیم خلیل اللہؑ نے کھیتی پاک کی کچرا صاف کیا موسیٰ کلیم اللہؑ نے کھیت کاٹا عیسیٰ روح اللہؑ نے ڈھیر لگایا۔ اور محمد رسول اللہؐ نے آٹا بنایا روٹی پکائی اور خود چکھا اور اپنے فرزند کے لئے رکھا وہ فرزند مہدی موعودؑ ہے اس کو مہدیؑ نے چکھا اور تمام مہاجرینؓ کو اور سید خوندمیرؓ کو چکھایا۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ایک وقت سلطان اللیل ہے اور ایک وقت سلطان النہار ہے۔ اور مہدیؑ کا فرمان ہے کہ جو شخص ان دونوں وقتوں کو ضائع کرے وہ دین کا فقیر نہیں ہے پس کلام خدا

۱؎ گر مہدی ترک بہر سگ دنیا ہوا فقیر۔ کمبخت پاک ہوکے پلیدوں میں مل گیا۔ کی صحت سے متصوف شخص نے حال میں طالب دنیا کے متعلق لکھا ہے کہ "سرتاپا مسلمان تھا" اس ظالم کو دنیا ایسی لپٹی کہ دنیا کو دین سمجھ رہا ہے اور فرمان مہدیؑ کی علی الاعلان مخالفت کرنا ظالم کا دین ہے۔ ان اللہ لا یہدی القوم الظالمین۔ (جز ۶ رکوع ۱۲) بیشک اللہ ظالم لوگوں کو راہ راست نہیں دکھایا کرتا۔

پس از کلام خدا و رسولؐ و قول مہدیؑ معلوم شد کہ بغیر ذکر فلاح نیست قولہ تعالیٰ فاذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون پس ہر کہ بعد از فارغ شدن ہر نمازی پراگندہ نشود در زمین و فضل نجوید یعنی بینائی و ذکر کثیر نکند تحقیق فلاح نشود از عذاب خدا و این نشستن دو کساں بعد از ہر نماز و حکایت لایعنی کردن خلاف کلام خدا تعالیٰ و خلاف رسول اللہؐ و خلافِ مہدی موعودؑ است

نقلست

حضرت میرانؑ فرمودند ہر وقت مومن گناہ کند ایمان بیرون می شود و قتیکہ از گناہ توبہ کند ایمان در آید چراکہ ایمان دو نوع است یکی آں کہ از نور مصطفیٰؐ خلقت او کردہ شدہ است آں دور شود و نوع دیگر ایمان قرآن و مرشد است این نور دور نہ شود چراکہ دو نور باشد راہ رفتن تواند اگر یک نور باشد راہ رفتن نتواند ہمچو چشم است آفتاب نیست یا آفتاب است چشم نیست چہ بیند ہر دو باید تا مقصود حاصل شود

نقل است

بحضور حضرت میراں علیہ السلام بعضی کساں را چیزی کسے گزرانیدے بیش حضرت میراںؑ آمدہ

اور رسول و مہدی علیہما السلام کے فرمانے سے معلوم ہوا کہ ذکر خدا کے بغیر آخرت میں فلاح نہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے پس تم اللہ کا ذکر کثیر کرو شاید کہ تم فلاح پاؤ پس جو شخص ہر نماز سے فارغ ہونے کے بعد زمین پر پراگندہ نہ ہو اور خدا کا فضل طلب نہ کرے یعنے خدا کی بینائی طلب نہ کرے اور ذکر کثیر نہ کرے تو تحقیق خدا کے عذاب سے نجات نہ پاوے اور ہر نماز کے بعد دو اشخاص کا ایک جگہ بیٹھنا لا یعنی باتیں کرنا خدا تعالیٰ کے کلام کے خلاف اور رسول اللہ اور مہدی موعود علیہما السلام کے خلاف ہے نقل ہے

حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جس وقت مومن گناہ کرتا ہے تو ایمان باہر ہو جاتا ہے جب اس گناہ سے توبہ کرتا ہے تو ایمان آجاتا ہے کیونکہ ایمان کی دو قسمیں ہیں ایک ایمان وہ ہے جو مصطفیٰؐ کے نور سے پیدا کیا گیا ہے وہ دور ہو جاتا ہے اور دوسری قسم کا ایمان قرآن اور مرشد کا ہے یہ نور دور نہیں ہوتا کیونکہ دو نور ہوتے ہیں تو راستہ چل سکتا ہے اگر ایک نور ہو تو راستہ چل نہیں سکتا مثلاً آنکھ ہے آفتاب نہیں ہے یا آفتاب ہے آنکھ نہیں ہے تو کیا دیکھے دو نور چاہیئے تاکہ مقصود حاصل ہو نقل ہے

حضرت مہدیؑ کے حضور میں اگر کوئی شخص اطلاع ئی نشہ کو کوئی چیز گزرانتا تو حضرت کے حضور میں آکر فرمایا کرتے

فریاد کردے کہ پیرانؓ رہزنی می شود پیرانؓ فرمودندے
شما ذات خود را تسلیم کردید پرورش شما خدائے
میکند اوشاں را گفتند ایشاں را چیزے بدہید
بدست بندہ بدہید بندہ ایشاں را بخورانم ایشاں
مستان خدا باشند پیرانؓ بدست خود طعام مستعد
کردہ خورانیدند **نقلست** کسے بندگی ملک الہدادؓ
را پرسید باڑ چیست ملکؓ فرمودند باڑ این است
خارہا استادہ کردہ است باز سوال کرد اگر
کسے در باڑ بمیرد مومن باشد ملکؓ فرمودند او مومن
حقیقی باشد **نقلست** در دائرہ بندگی ملک
الہدادؓ یک پیرزن جہت گدائی آمدہ بود در جنبا نیمہ
مرد ملکؓ را خبر شد ملکؓ فرمودند اندرون دائرہ بسیار
یا بیرون گفتند اندرون بسیار است ملکؓ فرمودند
اورا خدائتعالیٰ بخشید و ایمان روزی شد
و نیز فرمودند این را مقام بی بی رابعہؒ خدائتعالیٰ
میدہد او قبول نمیکند و میگوید ما در باڑ مہدیؑ
علیہ السلام آمدہ فوت شدیم ما را این چہ مقام
بالاتر ازیں می باید **نقلست** بندگی میاں دلاورؓ
در حجرۂ خود یک مشک داشتہ بودند

کہ پیرانجی رہزنی ہوتی ہے حضرت مہدیؑ فرماتے کہ تم نے
اپنی ذات کو خدا کے حوالے کر دیا ہے خدائتعالیٰ تمہاری
پرورش کرتا ہے ان کو (فتوح کرنیوالوں کو) کہتے کہ تم اہل
دائرہ کو کوئی چیز دیتے ہو تو بندہ کے ہاتھ میں دو بندہ ان کو
کھلائیگا یہ لوگ مستان خدا ہیں حضرت اپنے ہاتھ سے
کھانا تیار کر کے کھلاتے۔ نقل ہے کسی شخص نے ملک الہدادؓ
سے پوچھا کہ باڑ کیا چیز ہے ملکؓ نے فرمایا باڑ یہ ہے
جو کانٹے لگائے گئے ہیں۔ پھر سوال کیا کہ اگر کوئی شخص
باڑ میں مر جائے تو مومن ہوگا؟ ملکؓ نے فرمایا کہ وہ مومن
حقیقی ہوگا۔ نقل ہے کہ بندگی ملک الہدادؓ کے دائرے
میں ایک بوڑھی بھیک مانگنے آئی تھی باڑ میں مر گئی۔ ملکؓ
کو معلوم ہوا تو فرمایا بوڑھی کا جسم دائرے میں زیادہ ہے
یا باہر زیادہ ہے تو جواب دیا کہ دائرے کے اندر بہت
ہے ملکؓ نے فرمایا خدائتعالیٰ نے اس کو بخشدیا اور ایمان
عطا کیا اور نیز فرمایا کہ خدائتعالیٰ اس بوڑھی کو بی بی رابعہؒ
کا مقام دینا چاہتا ہے تو وہ قبول نہیں کرتی اور کہتی ہے کہ
ہم نے مہدیؑ کی باڑ میں آکر انتقال کیا ہے ہمارے لئے
یہ کیا مقام ہے اس سے بڑھکر مقام چاہیئے۔ نقل ہے بندگی
میاں دلاورؓ نے اپنے حجرے میں ایک مشک رکھا تھا جب

چوں شب شدی در خانہ معذوران آب دادندے **نقلست** حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند کسے پیاز و لسون بخورد پس صف نشیند باز فرمودند چرا چنیں خورید پس نشستن حاجت افتد **نقلست** آ حضرت میرانؑ یک جا چند روز ماندہ بودند دیوار ہائے خانہ مستعد نہ شدہ بود براداں عرض کردند اگر رضا باشد دیوار ہا راست کنیم حضرت میرانعلیہ السلام فرمودند ہر حال میگذرد و ایں ہمہ برادران اند ایں ہمہ زنان خواہران ایشان اند ببنید نظر خود فرو کنند خوب است اگر نگاہ کردہ ببنید خدا تعالیٰ خواہد پرسید کہ ایشاں خیانت کنند **نقلست** کسے برادر پیش حضرت میراں علیہ السلام عرض کرد میاں یوسفؓ از دائرہ بیروں روند میرانؑ فرمودند میاں یوسفؓ را بگویند تا نروند در خلوت بہ نشیند میاں یوسفؓ را فرمودند ہر حال خدائے را حاصل کنید آرے مرشد بینا و طبیب حاذق ہر کس را قابلیت دیدہ دوا فرمود مبتدی را ہم منتہی را **نقلست** بندگی میاں سید خوندمیرؓ را

رات ہوتی تو معذوروں کے گھر میں پانی ڈالتے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو شخص پیاز اور لسن کھاتا ہے اس کو چاہیئے کہ صف کے پیچھے بیٹھے پھر فرمایا کیوں ایسی چیزیں کھاتے ہو جن کی وجہ سے پیچھے بیٹھنے کی ضرورت ہو **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے ایک مقام پر چند روز قیام فرمایا تھا اہلیان دائرے کے گھر کی دیواریں تیار نہیں ہوئی تھیں برادروں نے عرض کیا اگر اجازت ہو تو دیواریں بنا دی جاتی ہیں حضرتؑ نے فرمایا ہر حالت میں گذر جاتی ہے یہ تمام بھائی ہیں اور یہ تمام عورتیں ان کی بہنیں ہیں ان کی نظر بہنوں پر پڑ جائیگی تو یہ اپنی نظر نیچی کر لیں گے ان کے لئے اچھا ہے اگر نگاہ کر کے دیکھیں گے تو خدا تعالیٰ ان کو پوچھیگا کیونکہ انھوں نے خیانت کی **نقل** ہے کسی برادر نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا کہ میاں یوسفؓ دائرے سے باہر جاتے ہیں۔ مہدیؑ نے فرمایا میاں یوسفؓ سے کہو کہ باہر نہ جائیں گوشہ نشینی اختیار کریں۔ اور حضرت مہدیؑ نے میاں یوسفؓ سے فرمایا کہ ہر حالت میں خدا کو حاصل کرو۔ ہاں مرشد بینا اور طبیب حاذق ہے ہر شخص کی قابلیت دیکھکر دوا فرمایا مبتدی کو بھی منتہی کو بھی **نقل** ہے بندگی ملک الہدادؓ نے بندگی

را امنیت. **نقل** است وقتیکہ نظام
الملک بی بی ملکانؓ را گویانید دختر خود
سید میرانجیؓ را گذرانم بی بیؓ فرمودند حاجت
نیست بعدہ ہمہ مہاجرانؓ پیش بی بیؓ

پھر گئی) اور **نیز** ایک عورت پے در پے جھوٹ کہی
اس کو (دائرہ کے) باہر کر دیے بندگان خدا ایسے
تھے آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا انھوں نے ہجوم
کیا اللہ پر تم ہجوم کرو جھوٹوں پر کیوں کہ سچائی کاٹنے
والی چیز ہے. **نقل** ہے ایک روز کسی نے کہا کہ مہدیؑ
کے فرزند نوکری کرتے تھے بندگی میاں شاہ نعمتؓ
نے فرمایا وہ فرزند مہدیؑ نہو گا حضرت مہدیؑ نے
فرمایا میاں نعمتؓ تم جو کچھ کہتے ہو ایسا ہی ہے
خدائے تعالیٰ ان کو (فرزندان مہدیؑ کو) نوکری کے
عمل پر نہیں رکھتا ہے حضرت مہدیؑ نے میاں نعمتؓ
کو یہ نہیں فرمایا کہ تم ہمارے فرزند کو ایسا مت کہو
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے تنہا شخص اور عورت بچے
والے کی مثال یہ فرمائی کہ تنہا شخص کو شیطان اڑا لیجاتا ہے
اور ساتھ لیجاتا ہے. ایک سوار ہو تو ہر شخص اس پر
حملہ کرتا ہے کہ گھوڑا لے لوں عورت بچے والے کو
شیطان جنبش نہیں دے سکتا جس طرح سے کہ کوئی
شخص فوج پر حملہ نہیں کر سکتا تنہا شخص کیلئے
تباہی ہے اور عورت بچے والے کے لئے امن ہے
نقل ہے جس وقت نظام الملک بادشاہ بی بی ملکانؓ

رفتہ عرض کردند بادشاہ یک ملک موافق
می شود بسیار کساں را فائدہ بیشود بی بیؓ
فرمودند فرزند خود را با طالبان دنیا چوں
دوستی کنم حضرت میرانؑ را چہ جواب دہیم
مہاجرانؓ عرض کردند ما حضرت میراں
علیہ السلام را جواب دہیم کہ واسطہ
منفعت بسیار کساں ایں کار کردیم بعدہٗ
بی بیؓ فرمودند شما دانید خود بہ نشستند۔
نقل است کسی پیش حضرت میراں
علیہ السلام عرض کرد کہ مہتر عیسیٰؑ قم باذن اللہ
فرمودند و عین القضات قم باذنی فرمودند
میراں علیہ السلام فرمودند مہتر عیسیٰؑ اگر
بودی قم باذنی گفتندی یعنی تمام فنا
شدہ بودند۔ **نقل** است بندگان خدای
تعالیٰ مصیبت رساند فرشتگاں را فرمان
شود درختہای میوہ دار بندگان ما ببرید
کنید فرشتگاں بیایند زن یا فرزند ایشاں
را متوفی کنند ایشاں حمد خدای کنند
آں وقت فرشتگاں را فرمان شود ببینید

سے کہلایا کہ میں اپنی لڑکی کا عقد سید میرانجیؓ سے
کردیتا ہوں تو بی بیؓ نے فرمایا ضرورت نہیں اس کے
بعد تمام صحابہؓ نے بی بیؓ کے حضور میں عرض کیا کہ
ایک ملک کا بادشاہ موافق ہو جاتا ہے بہت سے
لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ بی بیؓ نے فرمایا کہ میں اپنے
فرزند کی دوستی دنیا کے طالبوں سے کیسے کروں
حضرت مہدیؑ کو کیا جواب دوں صحابہؓ نے عرض کیا
کہ ہم حضرت مہدی علیہ السلام کو جواب دیں گے کہ ہم نے
یہ کام بہت سے لوگوں کے فائدہ کے واسطہ سے
کیا ہے اس کے بعد بی بیؓ نے فرمایا کہ تم جانو اور
خود خاموش رہے۔ **نقل** ہے کسی نے حضرت مہدیؑ
کے حضور میں عرض کیا کہ مہتر عیسیٰؑ نے اٹھ خدا کے
حکم سے فرمایا اور عین القضاۃ نے اٹھ میرے حکم
سے فرمایا۔ مہدیؑ نے فرمایا کہ اگر مہتر عیسیٰؑ ہوتے
تو اٹھ میرے حکم سے کہتے یعنی عیسیٰؑ تمام فنا ہو گئے
تھے (قم باذن اللہ کہا) **نقل** ہے کہ خدا تعالیٰ
اپنے بندوں پر مصیبت بھیجتا ہے۔ فرشتوں کو
فرمان خدا ہوتا ہے کہ ہمارے بندوں کے میوہ دار
درختوں کو کاٹ دو۔ فرشتے آتے ہیں اور ان کی

بندگان من چہ کنند فرشتگان گویند حمد تو
کنند فرمان شود کہ بہشت از ایشاں
آراستہ کنید. **نقل است** یکے صحابہؓ
نقل میرانؑ بحال فراموشی گفتند دیگر
صحابہؓ گفتند کہ ایں عبارت نیست
میاں سید خوندمیرؓ فرمودند ایشاں
اسم میرانؑ می گیرند مارا نباید رد کردن
بعد سہ روز ناقل آمد وگفت کہ مارا یاد
آمد ایں نقل بود. **نقل است** حضرت
میراں علیہ السلام را یاراں پرسیدند کہ
میرانجی چوں خوندکار را چیزی خطرہ میگذرد
میراں علیہ السلام فرمودند یکبار خطرہ آمدہ
بود بندہ جماعت خانہ را رواں شدم درراہ
مغاکی بود بندہ را خطرہ آمد ایں را برابر
کردہ شود خوب است وگرنہ برادراں را
ایذا شود. **نقل است** خواجہ جنیدؒ فرمودند
کسی درراہ خدا تعالیٰ رود ایں ہر دو ہلال
بدست گیرد یعنی در دست راست کلام
خدا تعالیٰ و در دست چپ حدیث مصطفیٰ

عورت یا بچوں کو مردہ کرتے ہیں یہ بندگان خدا
خدا کی حمد کرتے ہیں اس وقت فرشتوں کو فرمان
ہوتا ہے کہ دیکھو میرے بندے کیا کرتے ہیں.
فرشتے کہتے ہیں کہ تیری حمد کرتے ہیں فرمان ہوتا ہے
کہ بہشت ان کے لئے آراستہ کرو. **نقل** ہے
ایک صحابیؓ نے نقل مہدیؑ فراموشی سے کہی دوسرے
صحابہؓ نے کہا کہ نقل کی یہ عبارت نہیں ہے ۔
میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ انھوں نے مہدیؑ
کا نام لیا ہے ہم کو چاہیئے کہ رد نہ کریں تین روز
کے بعد ناقل نے آکر کہا کہ ہم کو یاد آیا نقل شریف
یہ تھی. **نقل** ہے صحابہؓ نے حضرت مہدیؑ سے پوچھا
کہ میرانجی کس طرح خوندکار کو کچھ خطرہ آتا ہے مہدیؑ
نے فرمایا کہ ایک بار خطرہ آیا تھا بندہ جماعت خانہ
کو جارہا تھا راستہ میں گڑھا تھا بندہ کو خطرہ آیا
کہ اس گڑھے کو بھر دیا جائے تو اچھا ہے وگرنہ
بھائیوں کو تکلیف ہوگی. **نقل** ہے خواجہ جنیدؒ
نے فرمایا کہ جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں جاتا ہے
یہ دو ہلال ہاتھ میں لے یعنی سیدھے ہاتھ میں خدا تعالیٰ
کا کلام اور بائیں ہاتھ میں مصطفیٰ صلعم کی حدیث لے

صلی اللہ علیہ وسلم گیرد نہ افتد در ظلمات بدعت
ونہ در مغاک شبہت در راہ راست رود خدای
تعالی حاصل شود واگر این ہر دو را ترک دہد
در ظلمات بدعت ومغاک شبہت افتد
گمراہ شود ہرگز معلوم نہ شود **نقل است** یکی برادر
بحال جذبہ در نماز محل قاعدہ دست بر پای
داشتہ بود حضرت میراں علیہ السلام بدست خود
بجا آوردہ نمودند. **نقل است** حضرت میراں
علیہ السلام را بسیار حرارت شدہ بود بیروں
آمدہ بودند بعدہ فرمودند مرا در خانہ بہ برید بعدہ
برادراں میراںؑ را بردند آنجا نوبت نبود میراں
پرسیدند این خانہ کیست برادراں عرض کردند کہ
این خانہ فلاں کس است میراںؑ فرمودند مرا آنجا
بہ برید آنکس کہ نوبت است برادراں عرض کردند
کہ ... را بسیار حرارت است اینجا باشید میراںؑ
فرمودند خلاف شریعت رسولؐ میشود جائیکہ نوبت
بود آنجا رفتند این چنین حدہای شریعت داشتند
نقل است یکی برادر پس آمدہ یک دو رکعت
نماز شدہ بود آں برادر داخل نماز شد امام

تو بدعت کی تاریکیوں اور شک کے گڑھے میں نہ
گرے سیدھے راستے پر چلے خدا تعالیٰ حاصل ہو
اور اگر ان دونوں کو ترک کرے تو بدعت کی تاریکیوں
اور شبہ کے گڑھے میں گرے گرنے والے کو ہرگز
معلوم نہوگا **نقل** ہے ایک برادر نے جذبہ کی حالت
میں نماز میں قاعدہ کے موقع پر ہاتھ پاوں پر رکھا تھا
حضرت مہدیؑ نے اپنے دست مبارک سے اس کا
ہاتھ رکھنے کے مقام پر لاکر دکھلایا **نقل** ہے حضرت
مہدیؑ کو بہت حرارت ہوگئی تھی باہر آگئے تھے
بعد صحابہؓ مہدیؑ کو لیگئے اس گھر میں نوبت نہ تھی
مہدیؑ نے پوچھا یہ گھر کس کا ہے صحابہؓ نے عرض کیا
کہ یہ گھر فلاں کا ہے. مہدیؑ نے فرمایا کہ مجھکو اس
گھر میں لے جاؤ جس کے گھر میں میری نوبت ہے.
صحابہؓ نے عرض کیا کہ خوند کار کو بخار کی حرارت
بہت ہے اسی گھر میں ٹھیرو. مہدیؑ نے فرمایا رسولؐ
کی شریعت کے خلاف ہوتا ہے جس گھر میں نوبت
رہنے کی باری تھی وہاں تشریف لیگئے آپ نے
حدود شریعت کی ایسی احتیاط فرمائی **نقل** ہے
ایک برادر نماز کے ایک یا دو رکعت کے بعد آکر

سلام راست اداکرد خود ایستادہ شد راہ
سلام چپ ندید برادراں میرانؑ را عرض کردند
میرانؑ اورا طلبیدہ پرسیدند چرا ایں عمل کردی
اد گفت مارا معلوم از کشف شد کہ امام را سجدۂ
سہو نیست از اں سبب استادہ شدم میرانؑ
فرمودند اگر ایں کشف نبودی بہتر بودی شریعت
رسول علیہ السلام را خلاف نہ کردی **نقل است**
حضرت میرانؑ آب آوردن رفتند یکے
برادر آمدہ میرانؑ را گفت دیگ بدست ما
بدہید ما آب می آریم میرانؑ فرمودند بندہ
می آرد برادر بسیار کوشش کرد میرانؑ
دیگ دادند آں برادر آب آورد حضرت
میراں علیہ السلام اورا چیزی مروت کردند
آں برادر گفت از برای اللہ آوردم میرانؑ
فرمودند برو در حجرہ بنشین یاد خدا تعالیٰ بکن
ایں کار خودی است **نقل است** سلطان
ابراہیم ادہمؒ یک درویش را پرسیدند چوں
درویشی کند او گفت اگر خدا تعالیٰ میدہد
میخورم وگرنہ بر خدای می مانم . ابراہیمؒ گفت

نماز میں شریک ہوا . امام سیدھے طرف سلام پھیرا تو
خود کھڑا ہو گیا بائیں طرف سلام پھیرنے کی راہ نہ
دیکھی صحابہؓ نے مہدیؑ سے عرض کیا مہدیؑ نے اس برادر
کو طلب کر کے پوچھا کہ تو کس نے ایسا عمل کیا . اس نے
کہا ہم کو کشف سے معلوم ہو گیا کہ امام کیلئے سجدۂ سہو
نہیں ہے اسی سبب سے میں کھڑا ہو گیا . مہدیؑ نے
فرمایا اگر یہ کشف نہوتا بہتر ہوتا . تو شریعت رسولؐ
کا خلاف نہ کرتا **نقل** ہے حضرت مہدیؑ پانی لانے
کے لئے جاتے ایک بھائی نے آکر مہدیؑ سے کہا کہ
ہانڈی ہمارے ہاتھ میں دیجئے ہم پانی لاتے ہیں
مہدیؑ نے فرمایا بندہ لاتا ہے برادر نے بہت کوشش
کی مہدیؑ نے ہانڈی دی برادر نے پانی لایا حضرت
مہدیؑ نے اس کو کوئی چیز عنایت فرمائی . اس برادر
نے کہا میں نے اللہ کے واسطے لایا ہے . مہدیؑ نے
فرمایا جا حجرہ میں بیٹھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کر یہ کام تیری
خودی کا ہے . **نقل** ہے سلطان ابراہیم ادہمؒ نے
ایک فقیر سے پوچھا کہ فقیری کیسی کرتا ہے . اس نے
کہا اگر خدا تعالیٰ دیتا ہے تو کھاتا ہوں وگرنہ خدا
پر بھروسہ کرتا ہوں . ابراہیمؒ نے کہا ایسی فقیری

ایں درویشی سگان زمانہ می کنند درویش پرسید
خوند کار چوں درویشی کنید ابراہیم گفت ما
چناں کنیم خدا ما را امید ہد باز ما خدای را دہیم
نقل است از اولیأ حق تعالی در وجود آدمی
چہار گوہر آفریدہ است و ایں چہار گوہر را
چہار دشمن نیز آفریدہ است اول گوہر ایمان
آنرا دشمن دروغ است دوم گوہر عقل است
آں را عدو غصہ است سوم گوہر علم است
آں را عدو تکبر است چہارم گوہر شرم
است آں را عدو طمع است ۔ فقیری آنست
کہ طمع نکند اگر بیاید منع نکند نقل است یکی از اولیأ
مومن را چہار مقام است یکی بمیرد آنرا بعلیین
می برند دوم را سوراخ بہشت کشادہ کنند
ایشاں نعمت ہائے بہشت آنجا خورند سوم
را در قبر خفتہ بمانند تا قیامت نہ راحت نہ
رنج چہارم ناقصاں را زمین خورد ریزیدہ
بوسیدہ شوند بسبب گناہان خویش در حبس
بمانند در قبر ایشاں را پاک کنند بعدہ بہشت
روند. نقل است. حضرت میر علیہ السلام

ہمارے زمانہ کے کتے کرتے ہیں۔ فقیر نے پوچھا خوندکار
کیسی فقیری کرتے ہیں۔ ابراہیمؒ نے کہا ہم ایسی فقیری
کرتے ہیں کہ خدا ہم کو دیتا ہے تو پھر ہم خدا کو واپس
دیتے ہیں۔ ایک اولیاء اللہ سے منقول ہے کہ
اللہ تعالیٰ نے آدمی کے وجود میں چار گوہر پیدا کئے
ہیں اور یہ چار گوہر کے چار دشمن بھی پیدا کئے ہیں۔
اول گوہر ایمان ہے اس کا دشمن جھوٹ ہے دوسرا گوہر
عقل ہے اس کا دشمن غصہ ہے تیسرا گوہر علم ہے اس کا
دشمن غرور ہے چوتھا گوہر شرم ہے اس کی دشمن
حرص ہے فقیری وہ ہے کہ حرص نہ کرے اگر آوے
تو منع نہ کرے۔ ایک اولیاء اللہؒ سے منقول ہے
مومن کیلئے چار مقام ہیں۔ ایک مرتا ہے تو اس کو
بہشت میں لیجاتے ہیں۔ دوسرے کیلئے بہشت کا
سوراخ کھولدیتے ہیں تو یہ بہشت کی نعمتیں وہاں
کھاتا ہے تیسرے کو قبر میں سوتا ہوا رکھتے ہیں قیامت
تک نہ راحت اور نہ رنج چوتھا یہ کہ ناقصوں کو زمین
کھاتی ہیں۔ ٹکڑے ٹکڑے ہوکر بوسیدہ ہوجاتے
ہیں اپنے گناہوں کے سبب سے قید میں رہتے
ہیں ان کو قبر میں پاک کرتے ہیں اس کے بعد بہشت

فرمودند بندہ صدقہ فقیراں می خورد و نیز
فرمودند پرورش باطنی بندہ بواسطہ فقیراں
می شود **نقل است** حضرت میراں علیہ
السّلام این آیت را بخواند ید اللّٰہ فوق
ایدیھم ـ معنی بدیں وجہ فرمودند دست
خداتعالے بر دست ایشاں مفسراں اینجا
چنیں گفتند قبضہ دست قدرت ـ میراںؑ
فرمودند ایشانرا چہ فہم شدہ است خداتعالے
فرمودہ است . لیس کمثلہ شیٔ وھو السمیع
البصیر . خدای را دست ہست فاما مثل
کسی نیست . **نقل است** حضرت میراںؑ
فرمودند تو در یاد خداتعالیٰ باش ہیچ طلب
مکن اگر ترا حاجت افتد چیزی مسئلہ شرع
بہ پرس کار بکن کہ مجتہداں در مسائل شرعی
موی شگافی کردہ اند تا کسی را مشکل نشود
نقل است حضرت میراںؑ فرمودند برابر
است اختیار کردن بادشاہ را تجمل بادشاہی
و بیوہ زنان را چرخہ و شکستہ خانہ و ترک
کردن ہم برابر است بادشاہ را بادشاہی

میں جاتے ہیں **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ
بندہ فقیروں کا صدقہ کھاتا ہے اور نیز حضرت مہدیؑ
نے فرمایا کہ بندہ کی باطنی پرورش فقیروں کے واسطہ
سے ہوتی ہے **نقل ہے** حضرت مہدیؑ نے یہ آیت پڑھی
ید اللّٰہ فوق ایدیھم ـ اس کا معنی اس طرح
فرمایا کہ ـ خداتعالیٰ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ـ
مفسروں نے اس آیت کا معنی "قدرت کے ہاتھ
کا قبضہ" بیان کیا ہے ـ حضرت مہدیؑ نے فرمایا
کہ مفسروں نے کیا سمجھ لیا ہے خداتعالیٰ نے
تو فرمایا ہے اللّٰہ کی جیسی کوئی چیز نہیں اور اللّٰہ
سننے والا بینا ہے . خدا کے لئے ہاتھ ہے لیکن کسی
شخص کے ہاتھ کے جیسا نہیں . **نقل** ہے حضرت
مہدیؑ نے فرمایا کہ تو خداتعالیٰ کی یاد میں رہ کوئی
چیز طلب مت کر اگر تجھکو ضرورت ہو تو کچھ شرع
کا مسئلہ پوچھ کام کر کیوں کہ مجتہدوں نے شرعی
مسائل میں موشگافی کی ہے تاکہ کسی کو مشکل نہو ـ
نقل حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بادشاہ کا بادشاہی
کروفر اختیار کرنا اور بیوہ عورتوں کا چرخہ اور ٹوٹا
ہوا گھر اختیار کرنا برابر ہے اور بادشاہ کے لئے

و بیوہ زناں را متاع شکستہ خانہ یعنی ہر دو برابر اند در طلب دنیا و ترک دنیا۔ **نقل است** حضرت میرانؑ فرمودند کہ افیون مخورید کہ افیون در قید خود آرد بندہ خدای را قید کسی نیست نہ بشر و نہ نفس نہ ہوا نہ شیطان۔ **نقل است** کسی پیش میاں سید خوندمیرؓ عرض کردند کہ فلاں کس موافق خوب ہست کسیکہ بر در او برود بسیار تعظیم و بذل می کند میاںؓ فرمودند کسی فقیراں بر خدا تعالیٰ ماندہ اند بر در او کی بروند و آں کساں را کہ بذل میکند آں سخت منافق است مدعای او این است کہ شمارا از دین شما علیحدہ کند ظاہر خوار کند اگر مقصود او خدا بودی کسیکہ بر خدا ماندہ اند خدمت ایشاں کردندی۔ قال علیہ السلام النساء حبل الشیاطین۔ پس من از امت من فتنۂ بزرگ آنست واسطۂ زنان ایشاں بسیار ہلاک شوند در مہنی افتند و حد دین

بادشاہی اور بیوہ عورتوں کے لئے ٹوٹے ہوئے گھر کی پونجی ترک کرنے میں بھی برابر ہے یعنی بادشاہ اور بیوہ عورت دنیا کی طلب اور ترک دنیا میں برابر ہیں **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ افیون مت کھاؤ کیونکہ افیون اپنے قید میں لاتی ہے بندۂ خدا کے لئے کسی کا قید نہیں نہ بشر اور نفس کا قید ہے اور نہ خواہش اور شیطان کا قید ہے **نقل** ہے کسی نے میاں سید خوندمیرؓ سے عرض کیا کہ فلاں شخص موافق مہدیؑ اچھا ہے جو فقیر اس کے دروازہ پہ جاتا ہے تو بہت تعظیم کرتا ہے اور فتوح کرتا ہے۔ میاںؓ نے فرمایا جو فقرا خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہیں اس کے دروازہ پر کیوں جانے لگے اور جن فقیروں کی خدمت کرتا ہے وہ سخت منافق ہے کیونکہ اس کا مقصد تو یہ ہے کہ تم کو (متوکل فقیروں کو) تمہارے دین سے علحدہ کرے اور بظاہر ذلیل کرے اگر اس کا مقصود خدا ہوتا تو جو فقرا خدا پر بھروسہ کئے ہوئے ہیں انکی خدمت کرتا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا عورتیں فوج ہیں شیطانوں کی۔ میرے بعد میری امت میں بڑا فتنہ یہ ہے کہ عورتوں کے واسطے سے یہ لوگ بہت ہلاک

شکستہ بی ادبی کنند در دوزخ روند لادین
ولا دنیا. **نقل است** بی بی رابعہؒ خدای
را عرضکرد چہار دہ سال راہ غلطیدہ
آمدم رابعہ را فرمان شد چندین خسہای
در زمین ما غلطیدہ اند تو ہم برابر یک
خس شدی. باز عرضکرد چیزی عمل
قبول است فرمان شد آن روز سگی تشنہ
بود او را تو آب نوشانیدی آن عمل تو در
حضرت ما قبول شد ترا نجات دادیم. بی بی
رابعہؒ را وصال شد یک بندۂ خدا بی بیؒ را
در خواب دید بحال شتاب می روند پرسید
ای رابعہؒ چرا بحال شتاب می روی گفت
بگزار ما از زندان خلاص شدیم یعنی از دنیا.
نقل است. بندگیمیاں شاہ نعمت رضؓ
در صحرا رفتہ بودند دہ لشکریاں برای چاکری
می روند میاں پرسید کجا می روید و ایشان
گفتند برای چاکری می رویم میاں نعمت رضؓ
فرمودند ما شما را چاکر داریم او ایشاں قبول کردند
در دائرہ آوردند چاکراں اسپان ایشان

ہوں گے غرور اور خود بینی میں پڑ جائیں گے دین
کی حد توڑ کر بے ادبی کریں گے دوزخ میں جائیں گے
نہ دین کے رہیں گے۔ اور نہ دنیا کے۔ **نقل ہے**
بی بی رابعہؓ نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیں کہ میں چودہ
سال راستہ میں لوٹتی ہوئی آئی۔ فرمان خدا ہوا
کہ اس قدر گھاس ہماری زمین پر لوٹ رہی ہے
تو بھی ایک گھاس کی ایک کاڑی کے برابر ہے۔
پھر عرض کیں کہ کچھ عمل قبول بھی ہوا ہے تو فرمان
ہوا کہ اس روز ہمارا کتا پیاسا تھا تو نے اس کو پانی
پلایا تیرا وہ عمل ہماری درگاہ میں قبول ہوا ہم نے
تجھکو نجات دی۔ بی بی رابعہؒ کا وصال ہوا ایک
بندۂ خدا نے بی بیؒ کو خواب میں دیکھا کہ جلدی سے
جا رہی ہیں۔ پوچھا اے رابعہ کیوں جلدی جاتی
ہیں۔ کہا کہ چھوڑ ہم قید خانہ سے یعنے دنیا سے چھوٹ
گئے۔ **نقل ہے** بندگیمیاں شاہ نعمتؓ جنگل میں
جا رہے تھے اور دس سپاہیاں بھی نوکری کی تلاش
میں جا رہے تھے۔ شاہ نعمتؓ نے پوچھا کہاں
جاتے ہو انھوں نے کہا نوکری کے لئے جاتے ہیں
میاں نعمتؓ نے فرمایا کہ ہم تم کو نوکر رکھ لیتے ہیں۔

علیحدہ داشتند ایشان را تلقین کردند در حجرہا نشاندند فرمودند کار ما اینست شما بکنید ہرچہ روز بیہ کردم شب شود بدہم ہرچہ خدا رسانیدی اوشان را دادندی وقتیکہ نبودی قرض کردہ دادندی برادران میاںؓ را عرض کردند چند روز ایں طور بدہید میاںؓ فرمودند فردا معلوم شود اگر ایشان طالبان خدای باشند ہرگز قبول نکنند واگر طالبان دنیا باشند ماندن نتوانند بعدہ ہفت کساں بر خدا ماندند وسہ کساں گریختند. نقل است یکی انبیاءؑ خداتعالیٰ را عرض کرد کہ مرا راہ رضای تو بنما فرمان حضرت عزت رسید کہ رضای ما و رضای تو برابر است ہر وقت قضای ما بر تو آید تو راضی شدی بران قضا ما راضی شدم تحقیق بر تو. نقل است بندگیمیاں شاہ نعمتؓ فرمودند ہر کہ مرتد شد شریعت را قتل واجب آید مرتد مدعی حضرت میراںؑ او را ہماں حکم کردند فاما رعایت علم ظاہری

انھوں نے قبول کیا تو دائرہ میں لائے۔ نوکروں نے اپنے گھوڑوں کو علیحدہ رکھا۔ میاں نعمتؓ نے ان کو تلقین کی حجروں میں بٹھایا اور فرمایا کہ ہمارا کام یہ ہے تم بھی کرو (اللہ کا ذکر کرو) میں نے پرروز جو کچھ دینے کا وعدہ کیا ہے شام ہوتے ہی دیتا ہوں جو کچھ خدا تعالیٰ بھیجتا ان کو دیتے جس وقت کچھ نہوتا تو قرض کر کے دیتے۔ دائرہ کے بھائیوں نے حضرتؓ سے عرض کیا کہ آپ کتنے دن اسطرح قرض کر کے دوگے۔ حضرتؓ نے فرمایا کل معلوم ہوجائیگا اگر یہ لوگ خدا کے طالب ہیں تو ہرگز تنخواہ قبول نہیں کریں گے۔ اور اگر دنیا کے طالب ہیں تو دائرہ میں نہیں رہ سکیں گے۔ اس کے بعد سات اشخاص خدا پر بھروسہ کر کے رہے اور تین اشخاص بھاگ گئے **نقل** ہے ایک انبیاءؑ نے خدا تعالیٰ سے عرض کیا کہ تیری رضا کی راہ دکھا۔ درگاہ باری سے فرمان پہنچا کہ ہماری رضا اور تیری رضا برابر ہے۔ جس وقت ہمارا حکم تجھ پر پہنچتا ہے تو اس حکم پر راضی ہوا ہم بھی تجھ سے راضی ہوگئے۔ **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ نعمتؓ نے فرمایا جو شخص مرتد ہوا شریعت سے تو

پسند نہ آید عند اللہ ہر دو برابر اند در عذاب
دوزخ و راستی یا آں چیز مرتد شدہ بود
بر خود حرام کند باز آں طرف میل نہ کند تا حد
گور خدا تعالیٰ بر آں غفور رحیم است
نقل است زبیدہ زن ہاروں رشید
را کسی در خواب دید پرسید ترا با خدا چوں
افتاد آں گفت مرا در حضور بردند فرمان
شد آں روز تو بر فیل سوار شدی قرآن
خواندی محل سجدہ آمد تو بر فیل افتادہ
سجدہ کردی آں سجدہ نزد ما قبول شد
ترا نجات دادیم **نقل است** حضرت
میرانؑ فرمودند حمد عشق حروف
تجنیس است۔ حی محمدؑ بعشق
نقل است۔ حضرت میراں علیہ السلام
وقت نماز بر یک مصلا نہ نشستند جائیکہ
فرمان شود آنجا نشستند **نقل است**
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کسانیکہ
پیش بندہ رفتند گوی از میدان بردند
آنانکہ پس ماندند بر سر بیچارگاں افتاد

مرتد مدعی واجب القتل ہے حضرت مہدی علیہ السلام
نے بھی اس کے لئے یہی حکم کیا ہے لیکن علم ظاہری کی
رعایت پسند نہیں اللہ کے پاس، دامی اور عالم دونوں
برابر ہیں۔ دوزخ کے عذاب میں۔ سچ تو یہ ہے اس کو
چاہیئے جس چیز سے وہ پلٹ گیا تھا اس چیز کو اپنے
پر حرام کرے اور اس کی طرف تا حد گور رغبت نہ کرے
خدا تعالیٰ اس پر رحم و کرم کرے۔ **نقل** ہے ہارون رشید
کی عورت زبیدہ کو کسی شخص نے خواب میں دیکھا اور
پوچھا کہ تجھکو خدا کے ساتھ کیسی رہی اس نے کہا کہ
مجھکو حضور میں لیگئے فرمان خدا ہوا کہ تو اس روز
ہاتھی پر سوار ہوئی قرآن پڑھی سجدہ کا مقام آیا تو
ہاتھی پر سجدہ کی ہمارے پاس وہ سجدہ قبول ہوا ہم نے
تجھکو نجات دی **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا
حمد عشق حروف تجنیس ہیں زندہ ہیں محمدؑ
عشق سے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نماز کے وقت
ایک مصلے پر نہیں بیٹھتے تھے جہاں بیٹھنے کے لئے فرمان
خدا ہوتا وہاں بیٹھتے تھے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ
نے فرمایا کہ جو لوگ بندہ کے روبرو استقبال کئے
کامیاب گئے۔ جو لوگ بندہ کے بعد رہے گے

بازہیرانؓ فرمودند ایشاں را حوالہ خدائے
تعالی کردہ بردیم. **نقل** است بندگی
میاں سید محمودؓ فرمودند کسی دنیا ترک
کردہ است ہجرت وصحبت نمی کند
آں کس متساوی است. در طلب دنیا
و در ترک دنیا پس براو فرض است
کہ ہجرت وصحبت بکند وگرنہ اورا بہرہ
دین ہیچ نمی رسد. **نقل** است. بندگی میاں
شاہ نظامؓ فرمودند مومن را چہار وقت عطائے
باریتعالیٰ است اول آنکہ وقتیکہ مومن را
زحمت رسد آنوقت عطار باریتعالی می رسد
دوم آنکہ وقتیکہ مومن را اخراج می رسد آں
وقت عطار باریتعالیٰ می رسد سوم آنکہ وقتیکہ
مومن را فقر می رسد آں وقت عطار باریتعالیٰ
میرسد چہارم آنکہ وقتیکہ مومن را ساعت نزع
میرسد آنوقت عطار باری تعالیٰ میرسد اما طالب
را باید کہ دریں وقت در صحبت مرشد باید بود
نقل است بندگیمیاں شاہ دلاورؓ فرمودند
دریں جہان مومناں را سہ آتش است یکی آتش

ان بیچاروں کے سر پر مصیبت ہے. پھر حضرت مہدیؑ
نے فرمایا کہ ہم ان لوگوں کو خدا کے حوالے کر کے جاتے
ہیں. **نقل** ہے بندگیمیاں سید محمودؓ نے فرمایا کہ جو شخص
ترک دنیا کیا ہے اور ہجرت وصحبت سے باز رہا تو
اس کی ترک دنیا طلب دنیا کے برابر ہے پس اس پر
فرض ہے کہ ہجرت اور صحبت کرے وگرنہ اس کیلئے
دین کا بہرہ کچھ نہیں پہنچتا. **نقل** ہے بندگیمیاں
شاہ نظامؓ نے فرمایا مومن کو چار وقت اللہ تعالیٰ کی
عطا ہوتی ہے. اول یہ کہ جس وقت مومن کو تکلیف
پہنچتی ہے اس وقت اللہ تعالیٰ کی عطا ہوتی ہے
دوم یہ کہ جس وقت مومن کا اخراج ہوتا ہے اس
وقت اللہ تعالیٰ کی عطا ہوتی ہے. سوم یہ کہ جس وقت
مومن پر فاقہ پڑتا ہے اس وقت اللہ تعالیٰ کی عطا
ہوتی ہے. چہارم یہ کہ جب مومن کے لئے نزع
کا وقت آتا ہے تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی عطا ہوتی
ہے. لیکن طالب خدا کو چاہیئے کہ اس وقت مرشد
کی صحبت میں رہے. **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ دلاورؓ
نے فرمایا کہ اس جہان میں مومنوں کے لئے تین آگ ہیں
ایک عشق کی آگ ہے دوسری فاقہ کی آگ ہے تیسری

عشق، دوم آتش فقر سوم آتش تیغ وچہارم در
آخرت آتش دوزخ است مومن را باید کہ درین
سہ آتش دریک آتش ہم سوختہ شود کسی درین
سہ آتش ہا دریک آتش سوختہ نشود لاجرم در
آتش آخرت سوختہ گردد **نقل** است کسی پیش
بندگیمیاں شاہ دلاورؓ عرض کرد کہ فلاں فلاں برادران
بیرون دائرہ جہت تماشا میروند میاںؓ زجر
کردند وروی خود گرفتہ نمودند وفرمودند بہ بینید
از صنعت خدائتعالی یعنی چشم وبینی وزبان و
گوش علیحدہ علیحدہ صفت دارند بہ بین ونعمتہای
خدا یرا بسیار یاد کن عالم باطنی را بینی عارف
شوی خدای را بینی **نقل** است بحضور حضرت
میراں علیہ السلام یکی از افراد را خدائتعالی گوشت
رسانیدہ بود آں افراد تفحص ہلدی ومہو بر کرد
برای گوشت، حضرت میراںؑ شنیدند آں افراد
را طلب کردہ فرمودند گوشت خدائتعالی رسانیدہ
است بہ پز یا در آتش بسوز بہر حال بخور ہلد
تفحص میکنی ترا زخم رسیدہ است ازبرای
آں زخم تفحص میکنی نفس را بگذار در یاد خدا باش .

تلوار، چوتھی آخرت میں دوزخ کی آگ ہے مومن
کو چاہیئے کہ ان تین آگ میں سے کسی ایک آگ میں
جلے جو شخص ان تین آگ میں سے ایک آگ میں نہیں
جلیگا تو آخرت کی آگ میں ضرور جلیگا . **نقل** ہے
کسی شخص نے بندگیمیاں شاہ دلاورؓ سے عرض کیا کہ
فلاں فلاں بھائیاں دائرہ کے باہر تماشا دیکھنے
جاتے ہیں . میاں دلاورؓ نے جھڑکی دی اور اپنا منہ
پکڑ کر دکھایا اور فرمایا کہ دیکھو خدائتعالی کی صنعت کو
یعنی آنکھ ناک، زبان اور کان علیحدہ علیحدہ صفت
رکھتے ہیں . دیکھ اور خدائتعالی کی نعمتوں کو بہت
یاد کر اگر باطنی عالم کو دیکھیگا تو عارف ہو جائیگا اور
خدا کو دیکھیگا . **نقل** ہے حضرت مہدیؑ کے حضور میں
ایک طالب خدا کو خدائتعالی نے گوشت بھیجا تھا .
اس طالب نے گوشت کے لئے ہلدی اور نمک کی
تلاش کی حضرت مہدیؑ کو معلوم ہوا تو آپ نے اس
طالب کو طلب کر کے فرمایا کہ خدائتعالی گوشت بھیجا ہے
پکا یا آگ میں بھون جیسا بھی ہے کھا ہلدی جو ڈھونڈ
رہا ہے کیا تجھکو زخم لگا ہے اس زخم کے لئے ڈھونڈ رہا
ہے نفس کو چھوڑ خدا کی یاد میں رہ **نقل** ہے

نقل است بی بی کد بانو رضؓ دختر خود را میاں محمود شاہ را دادند آں وقت بندگیمیاں شاہ نعمت رضؓ بی بی رضؓ را منع کردند کہ ایشاں را دہید و فرمودند کہ مارا بدہید چراکہ ایشاں اہل فراغ اند بی بی رضؓ نشنیدند و گفتند خنکی چشمہای ما است میاں نعمت رضؓ فرمودند خداتعالیٰ چشمہا را ندارد بعد چند روز ہر دو چشم بی بی رضؓ رفتند۔ نقل است زنان دائرہ بندگی شاہ نعمت رضؓ روز جمعہ بخانہ میاں رضؓ آمدند بی بی رضؓ برنخاستند میاں رضؓ را خبر شد میاں رضؓ بی بی رضؓ را فرمودند چرا برنخاستند رضؓ بی بی عرض کردند آں وقت نشستہ فرزند را شیر دادہ بودیم برنخاستیم میاں رضؓ فرمودند خداتعالیٰ آں پسر را برداشتہ کند دومی ہفتہ آں فرزند رحلت یافت۔ نقل است بندگیمیراں سید محمود رضؓ یکجا دائرہ بستند جای جلبیس گنج پیدا شد میراں رضؓ دیدند ہماں وقت آں گنج را دفن کردند و ازاں جای رواں شدند جای دیگر دائرہ بستند نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند (ضرب المثل فرمودند) کہ مردہ

بی بی کد بانو رضؓ نے اپنی لڑکی کا عقد میاں محمود شاہ سے کر دیا اس وقت بندگیمیاں شاہ نعمت رضؓ نے بی بی رضؓ کو منع کیا کہ ان کو مت دو اور فرمایا کہ ہم کو دو اس لئے کہ وہ اہل فراغ ہیں بی بی رضؓ نے نہیں سنا اور کہا کہ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میاں نعمت رضؓ نے فرمایا کہ خداتعالیٰ آنکھیں نہیں رکھیگا چند روز کے بعد بی بی رضؓ کی دونو آنکھیں چلی گئیں نقل ہے بندگی میاں شاہ نعمت رضؓ کے دائرہ کی بی بیاں جمعہ کے روز میاں رضؓ کے گھر آئیں بی بی تعظیم کے لئے نہیں اٹھیں میاں رضؓ کو خبر ہوئی تو میاں رضؓ نے بی بی رضؓ سے فرمایا کیوں نہیں اٹھیں بی بی رضؓ نے عرض کیا کہ اس وقت بچہ کو دودھ پلا رہی تھی اس لئے نہیں اٹھی۔ میاں رضؓ نے فرمایا کہ خداتعالیٰ اس بچہ کو اٹھا لیگا دوسرے ہفتہ میں اس بچہ نے وفات پائی۔ نقل ہے بندگی میراں سید محمود رضؓ نے ایک جگہ دائرہ باندھا حضرت رضؓ کے بیٹھنے کی جگہ خزانہ ظاہر ہوا میراں رضؓ نے دیکھا اور اسی وقت اس گنج کو دفن کر دیا اور وہاں سے روانہ ہوئے دوسری جگہ دائرہ باندھا۔ نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا (کہاوت فرمایا) کہ مردہ

بہ بہشت رود یا بدوزخ رود مارا بہ حلوہ ونان کار است میراں چہ داند کہ کسی مال کسی بزور وظلم ستدہ است جائیکہ معلوم باشد آنجا نباید خورد وجائیکہ معلوم نباشد معاف است۔ **نقل است** بندگیمیاں ملک جیؓ فرمودند متوکل را تفحص کردن روا نیست جائیکہ معلوم شد نباید گیرد **نقل است** بندگیمیاں شاہ دلاورؓ دائرہ گذاشتہ رواں شدند یک دیوار دائرہ کم بود۔ آں دیوار تمام کردہ پیشتر شدند۔ **نقل است** حضرت میراں علیہ السلام را فرمان شد از آں جا رواں شوید حضرت میراںؑ رواں شدند براداراں را فرمودند زود بیائید بعضی را اندک وقت تاخیر شد حضرت میراںؑ فرمودند شما از خانہ چوب بیروں شدہ اند فاما از خانہ استخواں بیروں نشدہ اند **نقل است** حضرت میراں علیہ السلام فرمودند گروہ ما بجز مہاجراںؓ نباشد بجز ہجرت کردن گروہ نباشد **نقل است** حضرت میراں علیہ السلام فرمودند دریں عالم دو جوانمرد آمدند یکی حضرت محمد رسول اللہ طرف

بہشت میں جائے یا دوزخ میں ہم لوگوں کو حلوے مانڈے سے کام ہے۔ میراں کیا جانے کہ کسی نے کسی کا مال زور اور ظلم سے لیا ہے جہاں معلوم ہو وہاں نہیں کھانا چاہیئے اور جہاں معلوم نہو معاف ہے۔ **نقل** ہے بندگیمیاں ملک جیؓ نے فرمایا خدا پر بھروسہ کرنے والے کیلئے روزی کی تلاش کرنا جائز نہیں۔ جہاں سے فتوح آنے کا حال معلوم ہو وہ فتوح نہیں لینی چاہیئے۔ **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ دلاورؓ دائرہ چھوڑ کر روانہ ہوئے ایک دیوار دائرہ کی کم تھی اس دیوار کو پوری کر کے آگے بڑھے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ کو فرمان خدا ہوا کہ وہاں سے روانہ ہو تو حضرت روانہ ہوئے۔ اور صحابہؓ کو فرمایا کہ جلد آؤ بعضے صحابہؓ کے آنے میں تھوڑی دیر ہوئی حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ تم لکڑی کے گھر سے باہر ہوئے لیکن ہڈی کے گھر سے باہر نہ ہوئے۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ہمارا گروہ سوائے مہاجروں کے دوسرا نہوگا ہجرت کے بغیر گروہ نہوگا۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اس جہان میں دو جوانمرد آئے ایک تو حضرت محمد رسول اللہؐ ہدایت کی طرف ہیں

ہدایت دوم ابلیس علیہ اللعنۃ طرف ضلالت ۔ **نقل است** در دائرہ میراں سید محمودؓ یک دو برادر بجہت دوغ بخانہ موافقاں رفتہ دوغ آوردند در دائرہ میراںؓ دیدند آوندہائی ایشاں شکستہ کنانیدند بسیار زجر کردہ فرمودند بخانہ دنیا داراں رفتہ ہیچ میارید **نقل است** در دائرہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ یکی موافق برای ملاقات میاں آمدہ بود ہمدراں روز یک برادر دائرہ چاپلوسئی موافق کرد میاں دیدند بسیار زجر کردہ فرمودند شما چاپلوسی از برای طمع با طالب دنیا چرا کردید این چنیں کار دیگر بار مکنید اگر بکنید از دائرہ بیروں خواہم کشید **نقل است** در دائرہ بندگی میاں شاہ نعمتؓ یک زن دختر خود را مغز جوار کرٹی را نمونہ زر اُن کردہ دختر خود را پوشانید میاںؓ آنرا دیدند و پرسیدند ترا کہ پوشانید او گفت مادر من پس آں زن را از دائرہ بیروں کردند و فرمودند ایں از طمع دنیا نہ فتہ است **نقل است** در دائرہ بندگی میاں شاہ نعمتؓ یکی برادر

اور دوسرا ابلیس علیہ اللعنۃ ضلالت کی طرف ہے۔

نقل ہے میراں سید محمودؓ کے دائرہ کے دو برادر (دو صحابیؓ) دائرہ کے باہر موافقوں کے گھر جاکر دہی لائے، دائرہ میں میراں سید محمودؓ نے دیکھا اور ان کے دہی کے کٹوروں کو تڑوا دیا بہت دھمکی دیکر فرمایا کہ دنیا داروں کے گھر جاکر کوئی چیز مت لاؤ

نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ کے دائرہ میں ایک موافق میاںؓ کی ملاقات کے لئے آیا اسی روز دائرہ کے ایک برادر نے موافق کی چاپلوسی کی میاںؓ نے دیکھا اور بہت دھمکی دیکر فرمایا کہ تم نے حرص کے لئے دنیا کے طالب کی چاپلوسی کس لئے کی ایسا کام دوسرے بار مت کرو اگر کروگے تو دائرہ سے باہر کردوں گا۔ **نقل ہے** بندگی میاں شاہ نعمتؓ کے دائرہ میں ایک عورت جوار کی کرٹی کے مغز کا زیور بنا کر اپنی لڑکی کو پہنائی۔ میاںؓ نے اس کو دیکھکر پوچھا کہ تجھکو کس نے پہنایا؟ اس نے کہا کہ میری ماں۔ پس اس عورت کو دائرہ کے باہر کرکے فرمایا کہ اس سے دنیا کی حرص دور نہوئی

نقل ہے بندگی میاں شاہ نعمتؓ کے دائرہ سے

درخانۂ موافق رفتہ بود میاںؓ اورا راہ خرچہ
دادہ از دائرہ بیروں کردند و فرمودند کہ ایں
اشتر گرگیں را علیحدہ باید کرد تا اشتران دیگر
را گر نہ رسد۔ **نقل است** میاں عبدالرحمٰنؓ
بہ ویرانہ رفتہ بودند چیزی رزق در کشت یافتہ
آوردند میاں نظامؓ فرمودند بگذارید مخورید شما
اختیار کردہ بودید کہ من بجز رسانیدۂ خدا ہیچ
نخورم سابق در زمانہ اولیاء اللہؒ را ایں قوت
حلال بود اکنوں در گروہ مہدی علیہ السلام
روا نیست۔ **نقل است** نظام الملک بہ
دائرہ بندگی میاں شاہ دلاورؓ آمدہ بود وقت نماز
برادران بالای صف نشستہ بودند جای نماندہ
بود یک برادر استادہ شدہ نظام الملک را جای
داد میاںؓ را خبر شد اورا از دائرہ بیروں کردند
و فرمودند کہ رعایت طالب دنیا کردی ۔
نقل است درخانۂ حضرت میراں علیہ السلام
یکی کنیزک بود حضرت میراںؑ بی بیؓ را فرمودند پیش
بندہ بندہ است اگر ایں را آزاد کنید بندہ
درخانہ می آیم اگر آزاد نہ کنید بندہ درخانہ

ایک برادر دائرہ کے باہر موافق کے گھر گیا۔ میاں
نے اس برادر کو راستہ کا خرچ دیکر دائرہ سے
باہر کر دیا۔ اور فرمایا کہ اس کھجلی بھرے اونٹ کو علیحدہ
کر دینا چاہیئے تاکہ دوسرے اونٹوں کو کھجلی نہ لپٹے
نقل ہے میاں عبدالرحمٰنؓ جنگل کی طرف گئے تھے
کچھ کھانے کی چیز کھیت میں پاکر لائے میاں نظامؓ نے
فرمایا کہ چھوڑ دو مت کھاؤ تم نے اختیار کیا تھا کہ
میں خدا کی بھیجی ہوئی چیز کے سوائے دوسری چیز نہیں
کھاؤنگا۔ اگلے زمانہ میں اولیاء اللہ کے لئے یہ قوت
حلال تھا اب مہدیؑ کے گروہ میں جائز نہیں **نقل** ہے
بندگی میاں شاہ دلاورؓ کے دائرہ میں نظام الملک آیا
نماز کے وقت برادران دائرہ صف پر بیٹھے تھے جگہ نہ
تھی ایک برادر نے اٹھکر نظام الملک کو جگہ دی میاںؓ
کو خبر ہوئی اس برادر کو دائرہ کے باہر کر دیئے اور
فرمایا کہ تو نے طالب دنیا کی رعایت کیوں کی۔ **نقل** ہے
حضرت مہدیؑ کے گھر میں ایک باندی تھی حضرتؑ
نے بی بیؓ سے فرمایا کہ بندہ کے سامنے بندہ ہے
اگر اس کو آزاد کرو تو بندہ گھر میں آتا ہے اگر آزاد
نہ کروگے تو بندہ گھر میں نہیں آئیگا۔ اسی وقت بی بیؓ

نیاید ہماں وقت بی بی رضی کنیزک را آزاد کردند۔
نقل است حضرت میرانؑ فرمودند کسی بے ادب و بے دیانت و بے شرم باشد ہرگز بہ خدا تعالی نرسد **نقل است** حضرت میران علیہ السلام فرمودند کسی دامن بندہ نہ گرفت کہ مارا بہ خدا تعالی برساند **نقل است** معتاد حضرت میران علیہ السلام چنیں بود اصحاب آمدندے حال واقعہ عرض کردندے بعدہ حضرت میرانؑ فرمودندے کہ ہر چہ کار می کنید دراں نظر کنید اگر برای اللہ است خوب است و گرنہ جز اللہ است ہمہ ضائع است **نقل است** یک روز حضرت میران علیہ السلام بخانہ ملا معین الدین رفتند از برای دعوت ملا را خبر شد میران علیہ السلام آمدہ اند ملا حیلہ کردہ میرانؑ را گویانید کہ ملا سوار شد یعنی بر دیوار نشستہ ملا بطرف رام پور روانہ شدہ اند رام پور دیہ وظیفہ او بود حضرت میرانؑ فرمودند کہ ملا براں مرکب سوار شدہ است کہ ہرگز منزل را نرسد بوقت مرگ رام رام گفتہ خواہد مرد مہدیؑ را این دیوار ہا پردہ میشود، خدا تعالی از شرق تا غرب ہمہ روشن کردہ است حال عاقبت او رام رام گفتہ مرد

نے باندی کو آزاد کیا۔ **نقل ہے** حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو شخص بے ادب، بے دیانت، اور بے شرم ہے ہرگز خدا تعالی کو نہ پہنچے۔ **نقل ہے** حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ کسی نے بندہ کا دامن نہیں پکڑا کہ ہم کو خدائے تعالی تک پہنچادے **نقل ہے** حضرت مہدیؑ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ صحابہؓ آکر حال واقعہ عرض کرتے تو حضرت فرماتے کہ تم جو کچھ کام کرتے ہو اس پر نظر کرو کہ اللہ کے واسطے ہے تو بہتر ہے۔ اور اگر اللہ کے واسطے نہیں ہے تو سب بیکار ہے **نقل ہے** ایک روز حضرت مہدیؑ تبلیغ کے لئے ملا معین الدین کے گھر تشریف لیگئے ملا کو خبر ہوئی کہ مہدیؑ آئے ہیں۔ ملا حیلہ کرکے مہدیؑ کو کہلایا کہ ملا سوار ہوگیا ہے یعنے ملا دیوار پر بیٹھکر رام پور کی طرف روانہ ہوا ہے رام پور قصبہ اس کو بطور وظیفہ کے ملا تھا حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ملا اس مرکب پر سوار ہوا ہے کہ ہرگز منزل کو نہیں پہنچیگا۔ مرتے وقت رام رام کہتا مریگا کیا یہ دیوار مہدیؑ کیلئے پردہ ہوتی ہیں، خدا تعالی نے مشرق سے مغرب تک تمام روشن کردیا ہے ملا مرتے وقت رام رام کہتا مرا خبیث ہوا ہر شخص کے تن میں داخل

خبیث شد میان تن ہر کس داخل می شود و میگوید
کہ مرا این عقوبت واسطۂ انکار مہدی موعود شد کہ
خبیث شدم **نقل است** بندگمیاں نظامؒ بسیار
جائی رفتند کسی مرید نگرفتند ہمی گفتندی قابلیت شما
بزرگ است شما را مرید کردن ما را طاقت نیست
بعدہ بحضرت میراں علیہ السلام ملاقات شد
نعمت میرانؑ عطا شد **نقل است** حضرت میراں
علیہ السلام درحق نفس فرمودند کہ نفس ہر کسی را
میگوید درین جہاں مرا بسوز و خلاف من بکن و
گرنہ فردا ترا بدوزخ برم ایشاں کجا می شنوند
نقل است حضرت میراں علیہ السلام را یک طالب
عرض کرد مارا ذکر در نمی گیرد حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند قصد کنید باز عرض کرد مارا ذکر نمی گیرد۔
حضرت میرانؑ فرمودند بروید در حجرہ بخسپید خدای
تعالیٰ خواہد ذکر را تعلیم کند **نقل است** حضرت
میراں علیہ السلام فرمودند بسیار خورندہ بسیار
خوار اندک خورندہ اندک خوار۔ و نیز بزبان
گجری فرمودند۔ بیٹھو نا دین کا نا دنیا کا **نقل است**
حضرت میراں علیہ السلام در سفر بودند میرانؑ یک روز

ہوتا ہے اور کہتا کہ مجھکو یہ سزا مہدی موعود کے انکار کے
واسطہ سے ملی کہ میں خبیث ہوا۔ **نقل ہے** بندگمیاں
نظامؒ مرید ہونے کے لئے بہت جگہ گئے کوئی مرید نہ
کرتے اور کہتے کہ تمہاری قابلیت بڑی ہے تم کو مرید
کرنے کی ہم میں طاقت نہیں اس کے بعد حضرت مہدیؑ
سے ملاقات ہوئی مہدیؑ کی نعمت عطا ہوئی (خدا کے
دیدار سے مشرف ہوئے) **نقل ہے** حضرت مہدیؑ نے
نفس کے حق میں فرمایا کہ نفس ہر شخص کو کہتا ہے اس
جہان میں مجھکو جلا اور میرا خلاف کر ورنہ میں کل تجھکو
دوزخ میں لیجاؤں گا۔ لوگ کہاں سنتے۔ **نقل ہے**۔
حضرت مہدیؑ سے ایک طالب خدا نے عرض کیا کہ
ہمارے لئے ذکر قائم نہیں ہوتا۔ حضرت مہدیؑ نے
فرمایا۔ ارادہ کرو۔ پھر عرض کیا ہمارے لئے ذکر قائم
نہیں ہوتا۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا جاؤ حجرہ میں سو
خدا تعالیٰ چاہے تو ذکر کی تعلیم کرے۔ **نقل ہے**
حضرت مہدیؑ نے فرمایا بہت کھانے والا بہت ذلیل
تھوڑا کھانے والا تھوڑا ذلیل اور نیز گجری زبان
میں فرمایا بیٹھو نا دین کا نا دنیا کا **نقل ہے** حضرت مہدیؑ
سفر میں تھے حضرتؑ ایک روز راستہ کے درمیان

درمیان راه نشسته پس دیدند فقیران بحال اضطرار
مشقت زده می آیند میرانؑ فرمودند ایشان را
چه حاجت است این مشقت اختیار کرده بدنبال
بنده می آیند و باز فرمودند ایشان را مقصود
خدا است واسطهٔ آں این مشقت اختیار کرده
بدنبال بنده می آیند خدا تعالیٰ ایشان را
دیدار خود روزی کند که طالبان صادق اند.
نقل است بندگی میاں شاه دلاورؓ را کسی مهمان
گرفته بود بسیار چیز و طعام پخته بود میاںؓ را خورانیده
پرسید که میاںؓ طعام لذت بود میاںؓ فرمودند
ما را هیچ معلوم نشد آں گفت چرا معلوم نشد
میاںؓ فرمودند بنده را یاد خدا تعالیٰ رسیده است
لذت آں ما را گرفته است این لذت کجا ۔
نقل است بندگی میراں سید محمودؓ ندا کرده بودند
که کسی در بازار دور مروید سودای نزدیک بگیرید
اگر دور رود طالب دنیا باشد این مقدار طلب
دنیا فرمودند چرا که یک جیتل یا دو جیتل صرفه شود
ازیں جهت رفتن دور منع کردند **نقل** است
بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند هر که این مال

ٹھکر پیچھے دیکھے فقیراں (طالبان خدا) فقر و فاقہ
کی حالت میں مصیبت برداشت کرتے ہوئے آرہے
ہیں۔ مہدیؑ نے فرمایا کہ ان کو کیا ضرورت ہے کہ یہ
مصیبت اختیار کرکے بندہ کے پیچھے آتے ہیں اور پھر
فرمایا کہ ان کا مقصود خدا ہے خدا کے واسطے یہ محنت
اختیار کرکے بندہ کے پیچھے آتے ہیں خدا تعالیٰ ان کو
اپنا دیدار روزی کرے کہ یہ طالبان صادق ہیں ۔
نقل ہے کسی نے بندگی میاں شاہ دلاورؓ کی مہمانی
کی بہت سی چیزیں اور کھانا پکایا تھا میاںؓ کو کھلا کر
پوچھا کہ میاںؓ کیا کھانا لذیذ تھا؟ میاںؓ نے فرمایا
ہم کو معلوم نہوا۔ اس نے کہا کیوں معلوم نہوا میاںؓ
نے فرمایا بندہ کو خدا تعالیٰ کا ذکر پہنچا ہے ذکر کی
لذت ہمکو پکڑی ہوئی ہے یہ کھانے کی لذت کہاں
اس لذت کو پہنچ سکتی ہے۔ **نقل** ہے بندگی میراں
سید محمودؓ نے دائرہ میں اطلاع کروا دی تھی کہ کوئی
شخص بازار میں دور نہ جائے نزدیک کا سودا خریدے
اگر دور جائیگا تو دنیا کا طالب ہوگا اتنی مقدار کو
بھی دنیا کی طلب فرمایا کیونکہ (نزدیک سے سودا لینے
میں) پیسہ دو پیسے کا صرفہ ہوتا ہے اسی لئے دور

هجرت کرده می آید و در دائرهٔ ما مستقیم می ماند و هر که بعد ازیں خواهد آمد آں که ارواح ایشاں پیش حضرت مهدی علیه السلام صحیح شده بودند نه که بجر دازپند ما کسی ترک دنیا می کند و تصدیق مهدی موعودؑ می کند. **نقل است** در دائرهٔ میاں ملک جیؓ یک کس تائب شده بود هفت روزا ورا فاقه شد پیش جماعت خانه آمد برای خصومت کردن با برادران ملک جیؓ را خبر شد بیرون آمدند میاں فرمودند چرا شتابی کردی کار تو تمام شده بود مگر بینائی باقی مانده بود همه ضائع کردی **نقل است.** بندگی میاں شاه نعمتؓ فرمودند ایں زماں خدای تعالی بنده را تقوی باطنی تمام داد بعد ازاں بکعبة الله رفتند. **نقل است** بندگی میاں شاه دلاورؓ را نزدیک رحلت بسیار تشویش شد یاراں پرسیدند بسیار درد می شود چه است میاںؓ فرمودند حق فقیراں بیدانش بنده بواسطهٔ زناں چیزی در شکم بنده رفته بود خدای تعالی دو فرشته

جانے سے منع کیا۔ **نقل** ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ جو شخص اس زمانہ میں ہجرت کر کے آتا ہے اور ہمارے دائرہ میں مستقیم رہتا ہے اور جو شخص اس زمانہ کے بعد آئیگا وہ وہی ہے جن کی ارواح حضرت مہدیؑ کے حضور میں صحیح ہو چکی تھیں ہمارے وعظ سے اثر لیکر نہ تو کوئی شخص ترک کرتا ہے اور نہ مہدی موعودؑ کی تصدیق کرتا ہے۔ **نقل** ہے میاں ملک جیؓ کے دائرہ میں ایک شخص ترک دنیا کر چکا تھا اس پر سات روز فاقہ پڑا تو برادران دائرہ سے جھگڑا کرنے کے لئے مسجد کے سامنے آیا میاں ملک جیؓ کو اس کی اطلاع ہوئی تو باہر آئے اور فرمایا کہ تو نے کس لئے جلدی کی تیرا کام پورا ہو چکا تھا مگر بینائی باقی رہ گئی تھی تو نے سب کھو دیا **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ نعمتؓ نے فرمایا کہ خدا تعالی نے اس زمانہ میں بندہ کو باطنی تقوی کامل عطا کیا اس کے بعد آپ کعبة الله کو تشریف لیگئے۔ **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ دلاورؓ کے وصال کے قریب آپ کو بہت تشویش ہوئی۔ یاروں نے پوچھا بہت درد ہوتا ہے کیا بات ہے میاںؓ نے فرمایا کہ کچھ فقیروں کا حق

مسلط کردہ است آں گوشت را بیروں می کنند
ازیں جہت بندہ را تشویش می شود و در شکم
ہین آں گوشت بریدہ کردہ اندازند۔
نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند
ابتدای طالب را خدا تعالیٰ خوشنود نشود
مگر انتہای سر انجام می ساند تا خدا تعالیٰ
خوشنود شود۔ **نقل است** یکی اولیا رحمۃ اللہ
فرمودند کہ ما فرق کنیم میان حلال خورندگاں
و حرام خورندگاں۔ دیگراں پرسیدند
شما بہ چہ نشان فرق کنند فرمودند می بینیم
کسی کہ روز و شب در یاد خدا تعالیٰ باشد
می شناسیم کہ حلال خورندہ است کسی کہ روز
و شب از یاد خدا تعالیٰ غافل است ما
میدانیم کہ خورندہ حرام است در شکم
کسی حلال رود دل او بذکر شود و مشغول
با خدا شود آں دنیا ترک دہد خدا بین شود و
در شکم کسی حرام رود دل او از دنیا مشغول
شود و از یاد خدا تعالیٰ غافل شود اگر بریں
حال بمیرد در دوزخ رود نعوذ باللہ منہا۔

بندہ کی دانش کے بغیر عورتوں کے ذریعہ بندہ کے
پیٹ میں چلے گیا تھا۔ خدا تعالیٰ نے دو فرشتوں کو
مقرر کیا ہے اس گوشت کو باہر کرتے ہیں اس لئے
بندہ کو تشویش ہوتی ہے اور میرے پیٹ میں وہ
گوشت کاٹ کر ڈال رہے ہیں۔ **نقل** ہے حضرت
مہدی نے فرمایا کہ طالب کی ابتدائی حالت میں خدائے
تعالیٰ خوشنود نہیں ہوتا مگر جب اپنی طلب کو انجام کو
پہنچاتا ہے تو خدا تعالیٰ خوشنود ہوتا ہے۔ **نقل** ہے
ایک اولیاء اللہ رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ ہم حلال کھانے والوں
اور حرام کھانے والوں کے درمیان فرق کرتے ہیں
دوسرے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کس علامت سے
فرق کرتے ہیں۔ فرمایا کہ میں دیکھتا ہوں کہ جو شخص
دن رات خدا کی یاد میں رہتا ہے تو پہچانتا ہوں کہ
حلال کھانیوالا ہے اور جو شخص دن رات خدا کی
یاد سے غافل ہے تو جانتا ہوں کہ حرام کھانے والا
ہے جس کے پیٹ میں رزق حلال جاتا ہے تو اس کا
دل ذکر میں لگ جاتا ہے اور خدا کے ساتھ مشغول
ہوتا ہے اور وہی ترک دنیا کرتا ہے اور خدا کو دیکھنے والا
ہوتا ہے اور جس کے پیٹ میں رزق حرام جاتا ہے تو

نقل است. در دائرہٴ بندگی میانسیدخوندمیرؓ
بر کسی حدی آمدہ بود میانؓ فرمودند حد بزنید.
یک برادر حد زد او گفت بر ما ظلم شد
میاں فرمودند دیگر بار بزنید بعدہٗ او
گفت بر ما ظلم شد میاں فرمودند
دست واز کردہ بزنید ہماں طور سہ بار
زدند از دائرہ بیروں کردند چراکہ حکم
خدائےتعالیٰ را ظلم گفت ازاں بسبب از
دائرہ بیروں کردند. نقل است بندگی
میاں شاہ نعمتؓ را چہار زناں بودند بر
ہر در خانہ یک میخ استادہ کردند سائیہ آں
میخ آمدی خانہٴ دیگر رفتندی ذات خود ہم
در شب و روز برابر ادا کردند ہمہ فعل
برابر ادا کردند نان و جامہ برابر دادندی
نقل است بندگی میاں شاہ نعمتؓ
کنیزک نہ داشتندی چراکہ حضرت میراں
علیہ السلام ہم کنیزک نداشتندی میاں
نعمت تابع تام میراں علیہ السلام بودند.
نقل است حضرت میراں علیہ السلام

وہ دنیا میں مشغول ہوتا ہے اور خدا کی یاد سے غافل
ہو جاتا ہے اگر اسی حالت میں مرتا ہے تو دوزخ میں
جاتا ہے نعوذ باللہ عنہا نقل ہے بندگی میاں
سید خوندمیرؓ کے دائرہ میں کسی پر حد آیا تھا۔ میاںؓ نے
فرمایا کہ حد مارو۔ ایک برادر نے حد مارا اس نے کہا
ہم پر ظلم ہوا۔ میاںؓ نے فرمایا کہ اور ایک بار مارو
اس کے بعد اس نے کہا کہ ہم پر ظلم ہوا۔ میاںؓ نے
فرمایا ہاتھ کھول کر مارو اسی طرح تین بار مارے اور
دائرہ سے باہر کر دیئے اس لئے کہ اس نے خدائے
تعالیٰ کے حکم کو ظلم کہا اس لئے دائرہ سے باہر کر دیئے
نقل ہے بندگی میاں شاہ نعمتؓ کی چار بیبیاں
تھیں۔ حضرتؓ نے ہر گھر کے دروازہ کے پاس ایک
میخ نصب کر دیا تھا سایہ کے لحاظ سے دوسرے
گھر میں جاتے اپنی ذات سے بھی رات دن قیام
فرماتے اور سب کام برابر ادا کرتے نان و نفقہ بھی
برابر دیتے۔ نقل ہے بندگیمیاں شاہ نعمتؓ
باندی نہیں رکھتے تھے کیوں کہ حضرت مہدیؑ بھی
باندی نہیں رکھتے تھے میاں نعمتؓ مہدیؑ کے
تابع تام تھے۔ نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ

فرمودند دریں زماں ایمان داشتن چنیں شدہ
است آتش اگر در دست کسی بدارد سوختہ
شود اگر بر زمیں بہ بنہد سرد شود چونکہ زمیں
پر آب است سرد شود چوں بدارد ساعتی
بر دست رفتار زود باشد اگر ایں طریق
نباشد داشتن دشوار است یعنی حدہای
خدای تعالیٰ بدارد و خیال خود باشد تابع
قرآن باشد **نقل** است حضرت میراں
علیہ السلام یک جا در گنبد ماندہ بودند ہفدہ
افراد در یک گنبد بودند اسم یک بیک نہ
دانستندی دریاد خدای ایں طریق مشغول
بودند دیگر ہیچ خیال نبود مگر یاد خدای
تعالیٰ. **نقل** است بندگیمیاں سید خوندمیر رضؓ
فرمودند کسی درون دائرہ یکصد سال بود
از برای طلب دنیا بیروں رفتہ مرد او کافر
است و اگر کسی صد سال طلب دنیا کرد
آخر آنکس روی خود بسوی خدا آوردہ
طرف دائرہ رواں شد از خانہ بیروں آمد
مرد او مومن است. **نقل** است حضرت

اس زمانہ میں ایمان رکھنا ایسا ہوگیا ہے کہ اگر کوئی
شخص ہاتھ میں انگار رکھتا ہے تو ہاتھ جل جاتا ہے
اور اگر زمین پر رکھتا ہے تو انگار ٹھنڈی ہو جاتی
ہے کیونکہ زمین پانی سے بھری ہوئی ہے انگار
ٹھنڈی ہو جاتی ہے جب ایک گھنٹہ ہاتھ پر انگار
رکھے تو رفتار تیز رہے اگر ایسا نہو تو ہاتھ پر انگار
رکھنا مشکل ہے یعنی خدا تعالیٰ کے حدود کی حفاظت
کرے اور حدود کی دھن میں رہے اور قرآن کا تابع
رہے. **نقل** ہے حضرت مہدیؑ ایک جگہ گنبد میں
ٹھیرے ہوئے تھے سترہ صحابہؓ بھی ایک گنبد میں تھے
ایک کا نام ایک نہیں جانتا تھا اس طرح خدا کی یاد
میں مشغول تھے دوسرا کچھ خیال نہ تھا مگر خدا تعالیٰ
کی یاد تھی **نقل** ہے بندگیمیاں سید خوندمیر رضؓ نے
فرمایا کوئی تارک دنیا دائرہ میں سو سال اللہ کی
طلب میں رہا اور دنیا کی طلب کے لئے دائرہ کے
باہر جا کر مر گیا تو وہ کافر ہے اور اگر کوئی مہدوی
سو سال دنیا طلبی کیا اور آخر اس نے اپنا رخ
خدا کی طرف کر کے دائرہ کی طرف روانہ ہوا اور گھر
سے باہر آکر مر گیا تو وہ مومن ہے **نقل** ہے ایک

میراں علیہ السلام یک برادر عرض کردند بسیار مشقت میشود واسطۂ زن و فرزند ایشاں مارا تفرقہ می دہند اگر رضای خوند کار باشد ایشاں را علیحدہ کنم حضرت میرانؑ فرمودند ایشاں را دست گرفتہ در بہشت ببرید علیحدہ نکنید خدای تعالیٰ شمارا بسیار اجر می دہد بواسطہ ایشاں ازیں کار شما صبر کنید **نقل است** چند برادراں ہمراہ میاں سید حمیدؓ بودند برادری بود مدعی آں آمد ایں را خبر شد در شب گریخت میاں با برادراں بالای صف نشستہ بودند در آخر شب ہمہ لشکر رفت ایشاں بالائی صف ماندند لشکر مدعی آمدہ بر بالائی صف ایشاں را کشتند بی بی ملکانؓ بندگی میاں شاہ دلاورؓ را پرسیدند حضرت میراں علیہ السلام شمارا اہل دل فرمودند حال میاں سید حمید چیست میاں توجہ کردہ فرمودند میاں سید حمید برابر حضرت میرانؑ در بہشت اند بازبی بیؓ فرمودند حال برادراں بگوئید میاں شاہ دلاورؓ فرمودند برادراں را نمی بینم کجا رفتند

صحابیؓ نے حضرت مہدیؑ سے عرض کیا کہ عورت بچوں کی وجہ سے ہمکو بہت تکلیف ہوتی ہے یہ لوگ ہمارے ذکر میں تفرقہ ڈالتے ہیں اگر خوندکارؑ کی اجازت ہو تو ان کو علیحدہ کر دیتا ہوں. حضرت مہدیؑ نے فرمایا ان کا ہاتھ پکڑ کر بہشت میں لیجاؤ علیحدہ مت کرو ان کے واسطہ سے خدا تعالیٰ انکو بڑا اجر دیتا ہے۔ اس کام میں صبر کرو. **نقل ہے** چند برادر میاں سید حمیدؓ کے ہمراہ تھے ایک برادر تھا اس کا مدعی آیا اس برادر کو خبر ہوئی تو رات میں بھاگ گیا میاںؓ برادروں کے ساتھ صف پر بیٹھے ہوئے تھے پچھلی رات میں تمام لشکر چلے گیا یہ لوگ صف پر بیٹھے ہوئے تھے مدعی کا لشکر آیا صف پر ان سب کو قتل کیا بی بی ملکانؓ نے بندگی میاں شاہ دلاورؓ سے پوچھا کہ حضرت مہدیؑ نے آپ کو اہل دل فرمایا ہے میاں سید حمیدؓ کا حال کیسا ہے؟ میاںؓ نے توجہ کر کے فرمایا کہ میاں سید حمید حضرت مہدیؑ کے ساتھ بہشت میں ہیں پھر بی بیؓ نے فرمایا کہ برادروں کا حال بیان کرو. میاں شاہ دلاورؓ نے فرمایا برادراں کہاں گئے

میاں دلاورؓ درحق برادراں ہیچ نہ گفتند مدفون
میاںؓ در دیہ راویری من اعمال پرگنہ
ارندول کہ در ملک برہان پور است **نقل است**
پسر بندگی میاں دلاورؓ در احمد آباد نقل شدند
نام اوشاں میاں سعد اللہؓ بود روز چہارم شد
چونکہ طعام مستعد کردند میاںؓ منع کردند تا چہل
روز گذشت میاںؓ فرمودند ایں زمان طعام
بکنید الحال بندہ دیدم برابر حضرت میراں علیہ السلام
در بہشت اند خدا تعالیٰ ایں را چہل روز محبوس
کردہ بود بواسطہ آں کہ ایں کودک در مجلس
نظام الملک نشستہ بود تشریف دادند بواسطۂ
آں مجلس چہل روز حبس شد ایشاں در صحبت
میراں علیہ السلام بودند و فرزند بندگی میاں
دلاورؓ و در دائرہ متوفی شدند و میاں دلاورؓ
بر اوشاں خود نماز گذاردند اینچنیں کساں را
حال ایں چنیں شد حال ما و شما چہ خواہد شد **نقل است**
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند ہر کہ منتظر فتوح باشد
او متوکل نباشد ایشاں را سویت گرفتن روا
نباشد بعضی دیانت داراں سویت نگرفتند

معلوم نہیں ہوتا برادروں کے حق میں کچھ نہیں کہا
میاں نسید حمیدؓ قصبہ راویری من اعمال پرگنہ ارندول
میں مدفون ہیں جو ملک برہان پور میں واقع ہے
نقل ہے میاں سعد اللہؓ ابن بندگیمیاں شاہ
دلاورؓ کا وصال احمد آباد میں ہوا چار دن ہوئے تو
چوتھے کا کھانا تیار کئے شاہ دلاورؓ نے منع فرمایا چالیس
روز ہونے پر میاںؓ نے فرمایا اب کھانا تیار کرو کیونکہ
اب بندہ نے دیکھا کہ میاں سعد اللہؓ حضرت مہدیؑ
کے ساتھ بہشت میں ہیں خدا تعالیٰ نے ان کو چالیس
دن قید کر دیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ بچہ نظام الملک
کی مجلس میں بیٹھا تھا تعظیم کئے اس مجلس کے واسطے سے
چالیس دن قید ہوا حالانکہ یہ حضرت مہدیؑ کی صحبت
میں تھے اور بندگیمیاں دلاورؓ کے فرزند تھے اور دائرہ
میں انتقال کئے اور میاں دلاورؓ نے ان پر نماز جنازہ
ادا کی ایسے اشخاص کا حال ایسا ہوا تو تمہارا اور
ہمارا حال کیا ہوگا. **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے
فرمایا کہ جو شخص فتوح کا منتظر رہے وہ متوکل نہیں
ان کے لئے سویت لینی جائز نہیں بعضے دیانت داروں
نے سویت نہیں لی حضرت مہدیؑ نے فرمایا بندہ

بعدہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند بندہ فریاد میکند ہر گاہ کہ شمارا این صدقہ بیاید آنگہ سویت بگیرید **نقل** است یک کس آمد بہ بندگیمیاں شاہ دلاور رض ملاقات کرد چیزی برای خدا گذرانید باز در دائرہ رفتہ ہمچنیں فقیراں را گذرانید ہماں وقت میاں رض بیروں آمدہ اورا دیدند پرسیدند کجا رفتہ بودید او گفت چیزے فقیراں را دادن میاں رض فرمودند میاں عبدالکریم رح و میاں وزیرالدین رح و میاں یوسف رح و میاں عبدالملک رح را چیزی دادی او گفت نہ میاں رض فرمودند از دشاں ایشاں را دادہ بودی بہتر و خوب بودے کہ ایشاں با خدا ہستند شمارا اجر زیادہ است بعدہ ہمچنیں کرد. **نقل** است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند سہ عقل است یکی عقل نوری دوم عقل معاد سوم عقل معاش **نقل** است حضرت میراں ع فرمودند مقام محمودہ ولایت اللہ است **نقل** است حضرت میراں علیہ السلام در خراسان بودند میاں سید سلام اللہ رض میراں سید محمود رض را کاغذ نوشتند کہ نزد میراں ع مقام پیغمبراں عطا میشود فرزند حاضر نباند

فریاد کرتا ہے کہ جس وقت تمہارے لئے یہ صدقہ آئے اس وقت سویت لو۔ **نقل** ہے ایک شخص آکر بندگیمیاں شاہ دلاور رض سے ملاقات کیا اور کوئی چیز خدا کی راہ میں گزرانی پھر دائرہ میں جاکر اسی طرح فقیروں کو دیا۔ اسی وقت میاں رض نے باہر آکر اس کو دیکھکر پوچھا کہ کہاں گیا تھا۔ اس نے کہا فقیروں کو کچھ دینے کے لئے گیا تھا۔ میاں رض نے فرمایا میاں عبدالکریم میاں وزیرالدین میاں یوسف اور میاں عبدالملک رحمتہ اللہ علیہم کو بھی کچھ دیا۔ اس نے کہا نہیں میاں رض نے فرمایا ان کو نہ دیکر ان کو دیتا تو بہت اچھا ہوتا کیوں کہ یہ لوگ با خدا ہیں۔ تم کو اجر زیادہ ہے اس کے بعد اس نے ایسا ہی کیا۔ **نقل** ہے حضرت مہدی ع نے فرمایا عقل تین ہیں ایک عقل نوری ہے دوسری عقل آخرت کی طلب کی ہے تیسری عقل زندگانی کرنے کی ہے۔ **نقل** ہے حضرت مہدی ع نے فرمایا مقام محمود اللہ کی ولایت ہے۔ **نقل** ہے حضرت مہدی ع خراسان میں تھے میاں سید سلام اللہ رض نے میراں سید محمود رض کو خط لکھا کہ حضرت مہدی ع کے نزدیک پیغمبروں کا مقام عطا ہوتا ہے تم فرزند ہو کر حاضر نہیں ہیں! اس خط کو

حضرت میراں علیہ السلام کاغذ دیدند پارہ پارہ
کردند فرمودند برادر سید محمودؓ را این چنین نباید نوشت
سید محمودؓ نزد ما است و نزد سید محمود ما ہستیم.
نقل است بندگی میاں سید خوند میرؓ فرمودند
مہدیؑ چناں آمد ہمچناں رفت ما شناختن و اخذ
کردن نتوانستیم **نقل است** حضرت میرانؑ فرمودند
اگر میراں سید محمودؓ و میاں سید خوند میرؓ چیزے
ضعیفی میکنند بر ایشاں حجت نیست حجت بر قرآن
و بر رسول علیہ السلام و بر بندہ است نہ بر ایشاں
ایشاں ہم ہرگز ضعیفی نکنند حضرت میرانؑ فرمودند
ماہم می کنیم روا نیست. **نقل است** بندگی میاں
شاہ نظامؓ فرمودند بیان حضرت میرانؑ علیہ السلام
کسے اخذ کردن نتوانستندے چوں تواند کہ بہ تعلیم
اللہ بود ہر آیت را چند وجہ بچند عبارت فرمودند
سامعاں حیران ماندند. **نقل است** بندگی
میاں شاہ نظامؓ نزد آب نشستہ بودند بچگان
طاؤس آب خوردن آمدند بندگی میاں شاہ نظامؓ
میاں عبد الرحمنؓ را فرمودند می دانید میاں ایشاں
نر و مادہ کیستند میاں عبد الرحمنؓ گفتند معلوم

دیکھکر حضرت مہدیؑ نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور فرمایا
کہ بھائی سید محمودؓ کو ایسا نہیں لکھنا چاہیئے سید محمود
ہمارے نزدیک ہے اور ہم سید محمودؓ کے نزدیک ہیں
نقل ہے بندگی میاں سید خوند میرؓ نے فرمایا کہ مہدیؑ
جیسے آئے ویسے ہی چلے گئے، نہ ہم پہچان سکے اور نہ اخذ
کرسکے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا اگر میراں
سید محمودؓ اور میاں سید خوند میرؓ کچھ ضعیف کام کرتے
ہیں تو ان پر حجت نہیں ہے قرآن اور رسولؐ اور بندہ
پر حجت ہے ان پر نہیں یہ دونو بھی ہرگز ضعیف
کام نہیں کرتے حضرت مہدیؑ نے فرمایا ہم بھی (ضعیف
کام) کرتے ہیں تو روا نہیں **نقل** ہے بندگی میاں
شاہ نظامؓ نے فرمایا کہ حضرت مہدیؑ کے بیان کو کوئی
شخص اخذ نہیں کرسکا کیسے اخذ کرسکتا تھا کیونکہ
آپکا بیان اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے تھا ہر آیت کو چند
وجہ اور چند عبارتوں میں فرمایا سننے والے حیران رہتے
تھے **نقل** ہے بندگی میاں شاہ نظامؓ پانی کے نزدیک
بیٹھے ہوئے تھے طاؤس کے بچے پانی پینے آئے بندگی
میاں شاہ نظامؓ نے میاں عبد الرحمنؓ سے فرمایا کیا
تم جانتے ہو کہ ان بچوں کے درمیان نر کون ہے اور

نیست میاں نظامؒ فرمودند کسے پس پاے بیروں آمدند نراند کسے روی کردہ بیروں آمدند آں مادہ اند نراں بودند ذنب خود راشستن ندادند مادہ کہ بودند ذنب خود راشستن دادند ہمچوں بندگان خدای در دنیا آمدند، ہیچ معصیتے در ذات خود آلودہ نکردہ با ایمان رفتند بعضی در دنیا آمدند ذات خود را بہ معصیت آلودہ کردہ بے ایمان شدہ رفتند

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کاد الفقران یکون کفراً ۔ الفقر سواد الوجہ فی الدارین الفقیر لا یحتاج الی نفسہ ولا الی ربہ قال علیہ السلام الفقر اذا تم فھو اللہ

نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند الفقر اذا تم فھو عبد اللہ

نقل است یکی انبیاء خدا تعالیٰ را عرض کرد یا بار خدایا مرا یک مسواک و یک بدنی بدہ فرمان حضرت عزت شد انگشت تو مسواک تو است و بدنی تو ہر دو دست تو است ما ہمہ چیز ترا دادیم تو باز چرا می طلبی آں انبیاء ساکت شد توبہ کرد۔

نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند ہر چہ از گوش آواز خدا

مادہ کون ؟ میاں عبد الرحمٰن نے کہا معلوم نہیں۔ میاں نظامؒ نے فرمایا جو بچہ پچھلے پیر سے باہر آتا ہے نر ہے اور جو رخ کرکے آتا ہے مادہ ہے نر وہ ہیں جو اپنی دم کو پانی میں تر ہونے نہیں دیتے اور جو مادہ ہیں اپنی دم کو تر ہونے دیتے ہیں اسی طرح بندگانِ خدا دنیا میں آئے اور کسی گناہ میں اپنی ذات کو آلودہ نہیں کئے با ایمان گئے اور بعضے دنیا میں آئے اپنی ذات کو گناہ میں آلودہ کئے بے ایمان ہو کر گئے

نبی صلعم نے فرمایا قریب ہے کہ فقیری کفر ہو جائے۔ فقیری روسیاہی ہے دونوں جہان میں۔ فقیر محتاج نہیں ہوتا ہے اپنی ذات کا اور نہ اپنے رب کا آنحضرتؐ نے فرمایا جب فقر و فاقہ کامل ہوا تو وہ اللہ ہوا۔

نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا جب فقر کامل ہوا تو وہ اللہ کا بندہ ہوا۔

نقل ہے ایک نبیؑ نے خدائے تعالیٰ سے عرض کیا کہ یا اللہ مجھکو ایک مسواک اور ایک بدنا دے۔ فرمان خدا پہنچا کہ تیری انگلی تیری مسواک ہے اور تیرا بدنا تیرے دونو ہاتھ ہیں ہم نے تمام چیزیں تجھکو دی ہیں پھر تو کس لئے طلب کرتا ہے وہ نبیؑ خاموش ہو گئے اور توبہ کی

نقل ہے حضرت مہدیؑ

شنیدم شمارا بزبان ادا کردم بکنید یا نہ کنید شما دانید
وخدا داند نقل است حضرت میران علیہ السلام فرمودند کہ خلق ماہ را
می بینند و خوشی میکنند نباید ایشان خوشی کنند می باید کہ
ایشان زاری کنند و افسوس خورند کہ عمر ضائع رفت موت
نزدیک شد بر ذات خود چرا ملامت و استغفار نمی کنند چرا
تائب نمی شوند ہوشیار باید شد کہ حال قیامت ما چہ خواہد شد۔
نقل است در دائرہ بندگیمیاں سید خوندمیر رضی
حجرہ برادران متصل بودند یک برادر دانہ
مونگ از دنداں پارہ کرد آواز آمد برادر دیگر
گفت اورا چہ شور می کنی میان یاد خدائے
تعالیٰ این چنین طالبان خدا بودند نقل است
بندگیمیاں شاہ نعمت رضی فرمودند طالب متبدی
را از حجرہ بیروں رفتن بسیار زیان است
چراکہ ہر چیزے را بیند آرزو کند پریشان
حال شود فاما منتہی اگر رود در ہر قدم شہادت
کند چراکہ ہر چیزی را بہ بیند اگر نفس خطرہ
دہد آنرا نفی کند برآں عمل نہ کند رفتن بازار
اورا ہیچ زیاں نشود نقل است یک
طالب سہ روز ہیچ نخورد از حجرہ بیروں شد

نے فرمایا کہ بندہ اپنے کان سے جو کچھ خدا کی آواز سنتا
ہے زبان سے ادا کرتا ہے تم عمل کرو یا نہ کرو تم جانو
اور خدا جانے نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ
مخلوق چاند کو دیکھتی ہے اور خوشی کرتی ہے ان کو
خوشی نہیں کرنی چاہیئے زاری کرنی چاہیئے اور افسوس
کرے کہ عمر ضائع گئی موت نزدیک ہوئی کیوں اپنی
ذات پر ملامت نہیں کرتے اور توبہ نہیں کرتے
ہشیار رہنا چاہیئے کہ ہمارا حال کیسا ہوگا نقل ہے
بندگیمیاں سید خوندمیر رضی کے دائرہ میں برادروں کے
حجرے نزدیک تھے ایک برادر نے دانتوں سے مونگ کے
دانہ کو ٹکرے کیا دوسرے برادر نے اس کو کہا کہ
خدائے تعالیٰ کے ذکر کے درمیان تو کیا شور کرتا ہے
ایسے خدا کے طالب تھے نقل ہے بندگیمیاں شاہ
حال کسے گفت کہ بارے شما نماز بکنید ملک مذکور
گفتند از خدا تعالی دور شدہ ام نماز کسے گذارم
ایں خبر بسمع حضرت امیرؑ رسید حضرتؑ فرمودند کہ
اگر آمدن می خواہد پس آں اکسیر را در چاہ اندازید
و اورا بیارید و چوں ہمیں کردند و آں اکسیر را در چاہ
انداختند وقت انداختن ازاں ذرہ بر لب چاہ
ماندہ بود آں ذرہ را میاں سید سلام اللہؓ برائے
آزمودن ذرہ ذرہ خاک جمع نمودہ کہ در خانۂ ایشاں آفتابہ بود
یعنی آفتابہ گرم کردہ براں انداختند
و آں زر خالص گشت بعدہ پشیمان شدہ پیش
حضرت آمدہ عرض نمودند کہ اے حضرت امیرؑ از
من خطا شد حضرت میراںؑ فرمودند چہ نوعی تقصیر
شدہ است. حضرت امیرؑ رخصت فرمودند کہ
سویت کردہ بدہید. سویت کردہ دادند اما
دراں زر مبلغ میاں سید سلام اللہؓ را سویت
منع فرمودند نقل است حضرت میراںؑ ندا فرمودند

باہر کرو۔ چونکہ برادروں نے ملکؓ کو باہر کیا تو ملکؓ جنگل میں جو دائرہ سے لگا ہوا تھا تضرع و زاری کیساتھ تین روز پڑے رہے ان کو اس حالت میں کسی نے کہا کہ ایک بار تم نماز تو پڑھو. ملک مذکورؓ نے کہا کہ خدائے تعالیٰ سے دور ہو گیا ہوں کس کی نماز پڑھوں۔ یہ خبر حضرت مہدیؑ کی سماعت میں پہنچی تو حضرتؑ نے فرمایا کہ اگر آنا چاہتا ہے تو اکسیر باؤلی میں ڈالدو اور پھر اس کو لاؤ اور جب ایسا ہی کئے اور اس اکسیر کو باؤلی میں ڈالدیئے ڈالتے وقت اس کے ذرّے جو باؤلی کے کنارے پر پڑے ہوئے تھے ان ذروں کو میاں سید سلام اللہؓ نے آزمانے کے لئے ذرّہ ذرّہ خاک جمع کیا اور آپ کے گھر میں پانی کا لوٹا تھا یعنے آپ نے لوٹے کو گرم کرکے اس پر ڈالا اور وہ لوٹا خالص سونا بنگیا اس کے بعد آپ نے پشیمان ہوکر حضرتؑ کے پاس آکر عرض کیا کہ اے حضرت امیرؑ مجھ سے خطا ہوئی۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کس قسم کی تقصیر ہوئی ہے (میاں سید سلام اللہؓ نے پورا واقعہ عرض کیا) حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ سویت کرکے دیدو تو میاںؓ نے سویت کرکے دیدیا لیکن اس مبلغ زر میں سے سویت لینے سے میاں سید سلام اللہؓ کو منع فرمایا نقل ہے

کہ کار اجماع است ہمہ برادراں استادہ شدند
کار اجماع کردند مگر یک برادر بالائی صف
نشستہ بود بکار اجماع نیامد حضرت میرانؑ اورا
فرمودند برخیز اے منافق یعنی خارج اجماع
شدی. **نقل است** چوں شب شدی بندگی
میاں دلاورؓ در حجرہائے طالبان خدا رفتندے
اوشاں را گفتندے خدا تعالیٰ را بسیار یاد
کنید کہ دنیا فانی است آمدن شما فائدہ اینست
کہ شب و روز خدا تعالیٰ را یاد بکنید وگرنہ ہیچ فائدہ
نیست. **نقل است** حدیث قدسی فرزند آدم
گناہ کند باز توبہ نکند مصر باشد بر گناہ مانند
فرشتگاں گناہ اورا رسن کنند ودر بینی او سوراخ
کردہ نات می کنند بدست شیطان اورا می دہند
شیطان سوی گناہاں می کشد ایں را فرشتگان
رحمت نزد او می روند تا شیطان اورا سوی دوزخ
میکشد ببرد براں دوزخ افتد. **نقل است** ایں
ہر دو وقت ہیچ اولیاء را روا است اورا مروانت
نبود وقت عصر تا عشا و آخر شب تا صبح ایں دو وقت
رحمت است آں وقت بہشت ندا می کنند فرمان

حضرت مہدیؑ نے آواز سے فرمایا کہ کار اجماع ہے تو
تمام برادر کھڑے ہوگئے کار اجماع کئے مگر ایک برادر
جو صف پر بیٹھا تھا کار اجماع میں نہیں آیا. حضرت مہدیؑ
نے اس کو فرمایا کہ اٹھ اے منافق یعنی تو اجماع سے
خارج ہوگیا. **نقل ہے** جب رات ہوتی تو بندگی میاں
دلاورؓ طالبان خدا کے حجروں میں جاتے اور ان سے
فرماتے کہ خدا تعالیٰ کو بہت یاد کرو. کیونکہ دنیا فنا ہونے
والی ہے تمہارے آنے کا فائدہ یہ ہے کہ دن رات
خدا کا ذکر کریں ورنہ کوئی فائدہ نہیں ہے. **نقل ہے**
حدیث قدسی. فرزند آدم گناہ کرتا ہے پھر توبہ نہیں کرتا
ہے مصر رہتا ہے گناہ پر قائم رہتا ہے تو فرشتے اس کے
گناہ کی رسی بناتے ہیں اور اس کی ناک میں سوراخ کرکے
ناتھی کر دیتے ہیں اور اس رسی کو شیطان کے ہاتھ میں دیتے
ہیں. شیطان اس کو گناہوں کی طرف کھینچتا ہے رحمت کے
فرشتے اس کے پاس جاتے ہیں مگر شیطان اس کو دوزخ
کی طرف کھینچتا ہے گناہ پر مصر رہتا ہے دوزخ میں جاتا ہے
نقل ہے عصر سے عشا تک اور آخر شب سے صبح تک رحمت کا وقت
ہے یہ دونو وقت کسی ولی اور است نبی کو معاف نہ سمجھے
اس وقت بہشت ندا کرتی ہے تو فرشتوں کو خدا تعالیٰ کا

خدا تعالیٰ فرشتگاں را شود بہشت چہ می گوید فرشتگاں می پرسند چہ می گوئی. بہشت می گوید ہر کس کہ ایں وقت ترا یاد می کنند آں اہل ماانند مارا بدہ فرمان شود فرشتگاں را بروید در دنیا ببینید ایں وقت کسے است یاد ما می کنند اسمہائے ایشاں نوشتہ بیارید فرشتگاں در دنیا بیایند. بندگاں کہ یاد خدا می کنند اسمہائے ایشاں نوشتہ نزد خدا تعالیٰ می روند فرمان شود بگوئید بہشت را ایں اہل تواند از دنیا ایشاں را بردارم اندرون تو بفرستیم ایشاں را. **نقل است** ایں ہر دو وقت ہیچ انبیا و اولیا و امت را معاف نبود وقت عصر تا عشا و آخر شب تا ضحیٰ ایں وقت رحمت است دوزخہائے فریاد می کنند فرمان خدائے تعالیٰ فرشتگاں را شود دوزخہا چہ شور می کنند فرشتگاں می آیند دوزخ را می پرسند چہ میخواہی دوزخ می گوید اہل من کسے است مارا بدہ فرشتگاں نزد خدا تعالیٰ می روند عرض کنند کہ دوزخ اہل خود را می طلبید فرمان شود

فرمان ہوتا ہے دیکھو کہ بہشت کیا کہتی ہے. فرشتے بہشت سے پوچھتے ہیں کہ کیا کہتی ہے. بہشت جواب دیتی ہے کہ جو اشخاص اس وقت خدا کو یاد کرتے ہیں وہ میرے پاس رہنے والے ہیں خدا سے کہو کہ ان کو ہمارے حوالے کر فرشتوں کو فرمان خدا ہوتا ہے کہ دنیا میں جا کر دیکھو اور اس وقت جو ہماری یاد کرتے ہیں. ان کے نام لکھکر لاؤ. فرشتے دنیا میں آتے ہیں اور جو بندے خدا کی یاد کرتے ہیں ان کے نام لکھکر خدا تعالیٰ کے پاس لیجاتے ہیں تو فرمان خدا ہوتا ہے بہشت سے کہو کہ یہ لوگ تیرے پاس آنیوالے ہیں جب میں ان کو دنیا سے اٹھالوں گا تو تیرے پاس بھیجونگا. **نقل** ہے یہ دونو وقت کسی نبی اور کسی ولی اور امت کیلئے معاف نہ تھے یعنے عصر سے عشا تک اور آخر شب سے پہر دن چڑھے تک یہ وقت رحمت کا ہے دوزخیں فریاد کرتی ہیں. فرشتوں کو خدا تعالیٰ کا فرمان ہوتا ہے کہ دوزخیں کیا شور کرتی ہیں. فرشتے دوزخ سے پوچھتے ہیں کہ تو کیا چاہتی ہے دوزخ کہتی ہے جو میرے پاس رہنے والے ہیں ہمکو دے فرشتے خدا تعالیٰ کے پاس جا کر عرض کرتے ہیں کہ دوزخ اپنے پاس آنیوالوں کو

فرشتگاں را بروید در دنیا بہ بینید کسے است کہ ایں وقت ما را فراموش می کنند و یاد ما نمی کنند غافل گشتند و مشغول بدنیا شوند اسمہاے ایشاں نوشتہ بیارید فرشتگاں می آیند و می بینند آں وقت کسانیکہ از یاد خدا غافل و مشغول بدنیا اند اسمہاے ایشاں نوشتہ می برند خداے را عرض کنند فرمان شود دوزخ را بگوئید ایں اہل تو اند ایشاں را متوفی کنم بتو بفرستیم آں وقت ساکن ماند ـــ

نقل است در روز حشر چند کساں آفریدہ شوند فرمان خدائتعالیٰ شود شما در دوزخ روید ایشاں گویند ما چہ گناہ کردیم فرمان شود فرشتگاں را ایشاں را دنیا معائنہ کردہ بنمائید چوں نمود شود ہرچہ نہی است آں ہمہ می کنند و ہرچہ امر است آں ہمہ نمی کنند فرشتگاں را فرمان شود ایشاں را در دوزخ اندازید چرا کہ ایشاں امر بجا نیاوردند و نہی ترک نکردند

نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند خدائتعالیٰ در کلام خویش چندیں مدح بہشت و حوراں کرد کہ

طلب کرتی ہے فرشتوں کو فرمان خدا ہوتا ہے کہ دنیا میں جاکر دیکھو کہ اس وقت کون ہمکو بھول گئے ہیں ہمارا ذکر نہیں کرتے غافل ہوگئے ہیں اور دنیا میں مشغول ہیں ان کے نام لکھکر لاؤ تو فرشتے آتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اس وقت کون خدا کی یاد سے غافل اور دنیا میں مشغول ہیں ان کے نام لکھکر لیجاتے ہیں خدا سے عرض کرتے ہیں فرمان خدا ہوتا ہے دوزخ سے کہو کہ یہ تیرے پاس آنے والے ہیں ان کے انتقال کے بعد میں تیرے پاس بھیجوں گا اس وقت دوزخ خاموش ہوتی ہے۔

نقل ہے حشر کے روز چند اشخاص پیدا کئے جائیں گے اور فرمان خدا ہوگا کہ تم دوزخ میں جاؤ وہ کہیں گے ہم نے کیا گناہ کیا۔ فرشتوں کو فرمان خدا ہوگا کہ ان کو دنیا کا معائنہ کراؤ جب دکھلایا جائیگا تو جو کچھ منع کیا گیا ہے اس پر عمل کرتے تھے اور جو کچھ عمل کرنے کا حکم ہے اس پر عمل نہیں کرتے تھے فرشتوں کو فرمان خدا ہوگا کہ ان کو دوزخ میں ڈالو کیونکہ انھوں نے حکم کی تعمیل نہیں کی اور ممنوعات سے باز نہیں آئے

نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ خدائتعالیٰ نے اپنے کلام میں بہشت اور حوروں کی اس قدر تعریف

مرداں بودند طلب کردند واصل شدند وکسیکہ نامرداں بودند بر خاطر ایشاں ہیچ رغبتے پیدا نشد ایشاں عنین ہستند چوں رغبت شود اگر پیش عنین صفت زنے صاحب جمال کنند ہیچ اورا رغبتے پیدا نشود. قال علیہ السلام طالب الدنیا مخنث وطالب العقبیٰ مونث و طالب المولیٰ مذکر. **نقل است** روزی میاں شاہ دلاورؓ در حضور حضرت حقتعالیٰ شدند حکم شد ای میاں دلاورؓ ما میراں سید محمودؓ را صدیق اکرم و بر میاں سید خوندمیرؓ صفت قاتلوا وقتلوا داشتیم و میاں نعمتؓ را سہ تشریف دادیم سر انداز جانباز سرافراز عطا کردیم و میاں نظامؓ را صفت مدام حضور بخشیدیم میاںؓ جواب دادند الٰہی تو قادری و راحمی و اکرمی. **نقل است** شاہ مدارؒ یکجا چند روز بودند آنجا خلق بسیار جمع شدند بادشاہ را رغبت آمد شاہ مدارؒ را بعبارتے گفت مردماں شمارا بجاے خدامی پرستند شاہؒ ہماں وقت رفتند براوراں حضرت میراںؓ عرض کردند حضرت میراںؓ فرمودند

کی ہے جو مرد تھے اس کو طلب کئے اور واصل ہوئے اور جو نامرد تھے ان کے دل میں رغبت پیدا نہ ہوئی یہ لوگ عنین ہیں. کیسے رغبت پیدا ہو اگر عنین (نامرد) کے سامنے عورت کی خوبصورتی کا بیان کریں تو نامرد کو کچھ رغبت پیدا نہیں ہوتی آنحضرتؐ نے فرمایا دنیا کا طالب مخنث ہے اور آخرت کا طالب مونث ہے اور اللہ کا طالب مرد ہے **نقل** ہے ایک روز میاں شاہ دلاورؓ حضرت حقتعالیٰ کے حضور میں گئے تو حکم ہوا اے میاں دلاورؓ ہم نے میراں سید محمودؓ کو صدیق کیا ہے اور میاں سید خوندمیرؓ پر قاتلوا وقتلوا کی صفت رکھی ہے اور میاں نعمتؓ کو تین بزرگیاں دی ہیں سرانداز جانباز سرافراز عطا کیا اور میاں نظامؓ کو ہمیشہ حضوری کی صفت بخشی ہے میاںؓ نے جواب دیا یا اللہ تو قدرت والا ہے اور بڑا رحم کرنے والا اور بزرگی رکھنے والا ہے **نقل** ہے شاہ مدارؒ نے ایک جگہ چند روز قیام کیا تھا وہاں آپ کے پاس بہت لوگ جمع ہو گئے بادشاہ کو بھی آپ سے ملنے کی رغبت ہوئی بادشاہ نے شاہ مدار کو اس عبارت میں کہا کہ لوگ خدا کے بجائے آپ کی پرستش کرتے ہیں.

درویش راہیں باید اوشاں مرد بودند ــــــ
نقل است حضرت میرانؑ را کسے عرض کرد
کہ برادراں را بسیار مشقت است خوردنی
نیست. حضرت میرانؑ فرمودند فقیران
خدائے خودی را میخورند نقل است کفش
حضرت میراں علیہ السلام کسے پیش میرانؑ
کردندے حضرت میران از دست خود کفش
گرفتندے و دور انداختندے بعدہ
آنجا رفتندے پوشیدندے و فرمودندے
مہدیؑ کفش برداشتانیدن نیامدہ است
آمدن مہدیؑ رسانیدن خدا تعالیٰ است
نقل است حضرت میرانؑ در نماز بودند یکے
برادر شتاب دویدہ آمد از جہت نماز
میرانؑ او را بسیار زجر کردند کہ چرا آہستہ نیامدی
دیگراں را تشویش نشدی نقل است
حضرت میراں علیہ السلام در حجرہائی طالبان می رفتند
میدیدند اگر مشغول حق ہستند خوش می شدند اگر
خسپیدہ اند گوش خود نزد بینی اوشاں میکردند
اگر دم اوشاں طریق ذکر است خوش می شدند

شاہ اسیوقت وہاں سے دوسرے مقام پر چلے گئے ۔۔
حضرت مہدیؑ سے صحابہؓ نے شاہؒ کا یہ واقعہ عرض کیا
حضرت مہدیؑ نے فرمایا فقیر کے لئے یہی چاہیئے وہ مرد تھے
نقل ہے حضرت مہدیؑ سے کسی نے عرض کیا کہ برادروں
کے لئے بہت مشقت ہے کھانیکی کوئی چیز نہیں ہے.
حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کے فقیر خودی کو
کھاتے ہیں. نقل ہے اگر کوئی شخص حضرت مہدیؑ کی
جوتیاں حضرتؑ کے سامنے رکھتا تو حضرتؑ اپنے ہاتھ
سے جوتیاں لیکر دور ڈالتے اس کے بعد وہاں جاکر
پہنتے اور فرماتے کہ مہدی جوتیاں اٹھوانے کے لئے
نہیں آیا ہے. مہدیؑ کا آنا خدا تعالیٰ تک پہنچانے
کے لئے ہے نقل ہے حضرت مہدیؑ نماز میں تھے ایک
برادر نماز کے لئے جلد دوڑتا آیا۔ مہدیؑ نے اس کو
بہت جھڑکی دی. کہ تو کیوں آہستہ نہیں آیا دوسروں
کو پریشانی نہ ہوتی ــ نقل ہے حضرت مہدیؑ طالبان
خدا کے حجروں میں جاتے اور دیکھتے اگر حق میں مشغول
ہیں تو خوش ہوتے اگر سوئے ہوئے ہیں تو اپنا کان
ان کی ناک کے پاس لیجاتے اگر ان کی سانس ذکر خدا
کے ساتھ چلتی تو خوش ہوتے ورنہ ان کو ہشیار کرتے

اگر آں حال نیست اوشانرا بیدار میکردند برخیزید
کہ یاد خدا تعالی بکنید کہ اینجائے خسپیدن نیست
اینچنیں تاکید بود کہ روز وشب در یاد خدا تعالی
باشند. نقل است میاں عبدالمجید رضؓ را مہدی افغان گرفتند
وزدند میاںؓ فرمودند من لم یحکم بما انزل
اللہ فاولئک ھم الظلمون ومن لم
یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الکافرون
ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک
ھو الفاسقون. دیگر ہیچ نہ گفتند نقل است
حضرت میراں علیہ السلام از درختہا می جانوراں
می پرانیدند چراکہ آواز ایشاں براداں شنوند
در شغل خدا خلل افتد نقل است بندگی میاں شاہ دلاور رضؓ
یکروز در صحرا رفتند آنجا یک قبر بود درمیان راہ
فرمان خدا شد تو اینجا آمدہ برایں قبر سوار شو
خاک کفش تو برا و افتد اورا از عذاب نجات
دہم میاںؓ اوراہمچنیں کردند خدا تعالی اورا
از عذاب خلاص کرد. نقل است حضرت
میراںؑ فرمودند براداں ومہاجراں بند سہ
قسم اند بعضے نفس حضور وبعضے حال حضور و

اور فرماتے کہ اٹھو خدا تعالی کا ذکر کرو یہ جگہ سونے
کی نہیں ہے تاکید یہ تھی کہ دن رات خدا تعالی کے
ذکر میں رہیں نقل ہے میاں عبدالمجید رضؓ کو مہدی افغان
مہدی نے پکڑے اور مارے تو میاںؓ نے فرمایا جو نہ
حکم دے اس کے موافق جو اللہ نے اتارا تو وہی لوگ
ظالم ہیں اور جو نہ حکم دے اس کے موافق جو اللہ نے
اتارا تو وہی لوگ کافر ہیں۔ اور جو نہ حکم دے اس کے
موافق جو اللہ نے اتارا تو وہی لوگ فاسق ہیں. کوئی
دوسری بات نہیں کہی. نقل ہے حضرت مہدیؑ جھاڑ
پیڑ سے جانوروں کو اڑا دیتے تھے کیونکہ ان کی آواز
براداں سنیں گے تو ان کے شغل خدا (ذکر خدا)
میں خلل پڑے گا. نقل ہے بندگی میاں شاہ دلاور رضؓ
ایک روز جنگل میں گئے۔ وہاں راستے کے درمیان ایک قبر تھی
فرمان خدا ہوا کہ تو یہاں آکر اس قبر پر کھڑا رہ تاکہ
تیری جوتیوں کی خاک اس قبر پر پڑے اور میں اس کو
عذاب سے نجات دوں میاںؓ نے حسبہٗ عمل کیا.
اور خدا تعالی نے اس کو عذاب سے نجات دی۔
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ کے مہاجراں
اور براداں تین قسم کے ہیں. بعضے نفس حضور اور

بعضے وقت حضور. بندگیمیاں دلاورؓ فرمودند
نفس حضور اصحاب اکرام اند ایشاں را پلک
زدنی نیست و بعضے حال حضور اند ایشاں
اصحاب عظام اند ایشاں را حال پیدا میشود
وحضور میشوند و بعضے وقت حضور اند ایشاں
اصحاب عام مہدیؑ اند ایشانرا وقتی از اوقات
میشود کہ حضور می شوند **نقل است** از میاں
عبدالکریمؓ کہ میاں دلاورؓ یکروز در خاطر آوردند
کہ رام و لچھمن خلقت عظیم بودند و بسیار ریاضتہا
کشیدند حال او شاں چوں باشد ملائکاں
را فرمان خدا تعالیٰ شد کہ بندہ ما آنہا را یاد
کردہ است پیش آں بہ برید ملائکاں رام و
لچھمن و سیتا را با غلال و سلاسل بستہ بہ پیش
میاں شاہ دلاورؓ آوردند ہاتف شد کہ نگراں
شوید میاںؓ دیدند کہ خلقت عظیم استادہ شدہ
اند میاںؓ پرسیدند حال شما چون است .
او شاں گفتند. درمیان ما مقصود خدا نبود
ہمہ ریاضتہا از برای دنیا کردیم وہمہ مردماں
مارا پرستش کردند مارا خوش آمد از اں سبب

بعضے حال حضور اور بعضے وقت حضور ہیں بندگیمیاں
دلاورؓ نے فرمایا کہ نفس حضور اصحاب اکرام ہیں ان کے
لئے پلک مارنے کے برابر بھی جدائی نہیں اور بعضے حال
حضور ہیں ۔ یہ اصحاب عظام ہیں. ان کے لئے حال
پیدا ہوتا ہے تو خدا کے سامنے ہوتے ہیں اور بعضے
وقت حضور ہیں یہ مہدیؑ کے عام اصحاب ہیں ان کے
لئے اوقات میں سے ایک وقت ہوتا ہے کہ خدا کے
سامنے ہوتے ہیں **نقل** ہے میاں عبدالکریمؓ سے کہ
ایک روز میاں دلاورؓ کے دل میں خیال آیا کہ رام
اور لچھمن بڑے جوان تھے اور بہت ریاضتیں کیں
ان کا حال کیسا ہوگا فرشتوں کو خدائے تعالیٰ کا فرمان
ہوا کہ ہمارا بندہ ان کو یاد کیا ہے اس کے سامنے
لیجاؤ. فرشتے رام لچھمن اور سیتا کو لوہے کے طوق
اور زنجیروں میں ڈالکر میاں شاہ دلاورؓ کے حضور میں
لائے. غیب سے آواز آئی کہ ان کو دیکھو میاںؓ نے
دیکھا کہ بڑے بھاری جوان کھڑے ہوئے ہیں میاںؓ
نے پوچھا کہ تمہارا حال کیسا ہے انھوں نے کہا کہ ہمارے
درمیان خدا مقصود نہ تھا ہم نے تمام ریاضتیں دنیا
کے لئے کیں اور تمام لوگوں نے ہماری پرستش کی تو

ایں عذاب ابدی روزی شد باز ملائکاں بدوزخ
بردند **نقل است** حضرت میراں علیہ السلام
وقتے ایں چہار حکم ایمان کردند بچشم سر یا
بچشم دل یا در خواب خدایرا نہ بیند مومن
نباشد مگر طالب صادق. **نقل است**
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند از خوردن
چاہ تہی میشود **نقل است** حضرت میراں علیہ
السلام فرمودند نشستہ بمیرد گردیدہ بچرد ــ
نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند
کہ در خانہ خود قدح یک تولہ مس داشتند فروختہ
نخورد و فاقہ بکشند آں فاقہ چوں مثل سگ
داشت. **نقل است** حضرت میراں علیہ
السلام فرمودند کسے دنیا ترک کردہ است درمیان
فقیراں ثابت قدم ماندہ است وقت اضطرار
درمیان فقیراں گاہے کم ہمتی وگاہے اعلی ہمتی
کند درمیان فقیراں آرام وقرار شدہ است
واز دائرہ بیروں آتش سوزاں بیند وبیروں
نرود آخر وقت درمیان فقیراں بمیرد بر
ایشاں دوگانہ گذارند ومشت خاک برایشاں

ہم کو اچھا معلوم ہوا اسی سبب سے یہ ہمیشہ کا عذاب
ہم کو روزی ہوا پھر فرشتے ان کو دوزخ میں لے گئے
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے ایک وقت یہ چار حکم ایمان
کے کئے سر کی آنکھ سے یا دل کی آنکھ سے یا خواب
میں خدا کو نہ دیکھے تو مومن نہ ہوگا بجز طالب صادق
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ پینے سے کنواں
بھی خالی ہو جاتا ہے. **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے
فرمایا گوشہ میں بیٹھنے والا مرنے سے پہلے مرتا ہے در
بہ در پھرنے والا جانور کی طرح چرتا ہے. **نقل** ہے
حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اپنے گھر میں ایک تولہ کی تانبے
کی کٹوری رکھکر بیچکر نہ کھایا فاقہ اٹھایا تو وہ فاقہ
کتے کے فاقہ کے مانند ہے. **نقل** ہے حضرت مہدیؑ
نے فرمایا جو شخص ترک دنیا کیا ہے اور فقیروں کے درمیان
ثابت قدم ہے اور اضطرار کے وقت فقیروں کے درمیان
کبھی کم ہمتی اور کبھی بلند ہمتی کرتا ہے اور فقیروں کے
درمیان آرام وقرار سے رہتا ہے اور دائرہ کے باہر
جلتی ہوئی آگ دیکھتا ہے اور دائرہ کے باہر نہیں جاتا
اور آخر وقت فقیروں کے درمیان مرتا ہے ڈیرے
کے فقرا اس پر دوگانہ پڑھتے ہیں اور اس پر مشت خاک

انداختند این چنین کس از آتش دوزخ خلاص یافت.

رباعی

دنیا کہ ترا نہ دہم خواری تست

کونین وملائک بہ دم زاری تست

ہزار دعا کنی اجابت نہ کنم

سرے کہ بہ مقصود رسد زاری تست

نقل است حضرت میرانؑ فرمودند فنا را سہ مرتبہ است نفس فنا تن فنا دل فنا روح را بقای است فنای حق و فنای باطل درمیان این ہر دو چوں فرق کنند فنای حق آنست اضطرابے و مشقت و ایذا ہمہ عالم دہد نظر برحق شود از خدائے تعالیٰ بیند دیگر ہیچ چیز مائل نشود طلب حق زیادہ شود نشان فنای حق اینست اما فنای باطل آں باشد کہ ہیچ در خاطر نیشود مگر طلب حرص زیادہ شود فنای باطل این را گویند **نقل است** بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند پس از حضرت میرانؑ ما مسلمان شدیم

نقل است بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند پس حضرت میرانؑ حال ما چناں شدہ است چنانکہ بینی برصی ہر روز نقصان میشدے چراکہ

ڈالتے ہیں تو ایسا شخص دوزخ کی آگ سے نجات پاتا ہے

میں تجھکو دنیا نہیں دیتا ہوں کیونکہ اس میں تیری خواری ہے

کونین اور ملائک تیری زاری کے ایکدم کے برابر ہیں

تو ہزار دعائیں کرتا ہے تو میں قبول نہیں کرتا

تیری مقبول زاری وہ ہے جو تیرا باطن مقصود کو پہنچ جائے

نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا فنا کے تین مرتبے ہیں نفس فنا۔ تن فنا۔ دل فنا۔ روح کے لئے بقا ہے۔ فنای حق اور فنائے باطل ان دونوں کے درمیان کیسے فرق کرے فنائے حق وہ ہے کہ اضطرار تکلیف اور ایذا پہنچے اور تمام دنیا کے لوگ ستائیں تو نظر حق پر پڑے اور اس ایذا کو منجانب اللہ سمجھے غیر اللہ کیطرف مائل نہو حق کی طلب زیادہ رہے فنائے حق کی علامت یہ ہے لیکن فنائے باطل وہ ہے کہ دل میں کوئی خیال نہیں آتا ہے مگر حرص کی طلب زیادہ ہوتی ہے فنائے باطل اس کو کہتے ہیں **نقل** ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ ہم حضرت مہدیؑ کے بعد[1] مسلمان ہوئے۔

نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ حضرت مہدیؑ کے بعد ہمارا حال ایسا ہوگیا ہے جیسا کہ جذامی کی ناک میں ہر روز کمی ہوتی ہے کیونکہ قتال کی لو لگی ہے

[1] یعنی حضرت مہدیؑ کی حیات مبارک تک ہم ایسے چھپے ہوئے تھے جیسے آفتاب کے سامنے تارے جب حضرتؑ کی رحلت ہوگئی تو ہمارا اسلام ظاہر ہوا۔

سوز قتال شدہ است **نقل است** بندگیمیاں سید خوندمیرؓ فرمودند کافر فقیر بمیرد عذاب خفیف شود چراکہ لذت دنیا اندک یافتہ است وکافر توانگر بمیرد عذاب گراں شود چراکہ لذت دنیا بسیار یافتہ است **نقل است** بندگیمیاں سید خوندمیرؓ فرمودند اگر کسے جاے عالیت گذاشتہ در دائرہ دیگر میرود از واسطۂ نان اورا ہیچ نصیبے از دین حاصل نشود واین لوجہ اللہ نباشد

نقل است حضرت میراں علیہ السلام یکجا نشستہ بودند ناگاہ مارے بزرگ آمد حضرت میرانؑ پای خود دراز کردہ فرمودند بیا ہرچہ رضای باشد بکن مار نزدیک آمدہ برپای مبارک غلطیدہ رفت چنانکہ با رسول اللہؐ ملاقات کردہ بود **نقل است** یکے درویش ہر وقت طعام خوردے چیزے ماندہ بودی سگ را انداختے اہل خود را نداد ے کسے گفت اہل خود را چرا ندہی درویش گفت اہل من نیست دشمن است. دین خدا را مانع شود ایشاں را دادن ہیچ ثواب نیست سگ را میدہم **نقل است** حضرت میرانؑ فرمودند بندہ قدم بر قدم

نقل ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ کافر مفلس مرتا ہے تو عذاب ہلکا ہوتا ہے، کیونکہ دنیا کی لذت تھوڑی پایا ہے اور اگر کافر توانگر مرتا ہے تو عذاب بھی بھاری ہوتا ہے کیونکہ دنیا کی لذت بہت پایا ہے **نقل** ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ اگر کوئی تارک دنیا شخص عالیت کی جگہ چھوڑ کر روٹی کے واسطے دوسرے دائرہ میں جاتا ہے تو اس کے لئے کوئی حصہ دین سے حاصل نہو گا۔ اور یہ اللہ کے واسطے نہو گا۔

نقل ہے حضرت مہدیؑ ایک جگہ بیٹھے ہوئے تھے ناگاہ ایک بڑا سانپ آیا۔ حضرت مہدیؑ نے اپنا پاؤں لانبا کیا اور فرمایا کہ آ اور جو کچھ خدا کی مرضی ہے اس پر عمل کر سانپ نزدیک آیا اور حضرتؑ کے قدم مبارک پر لوٹکر چلا گیا جیسا کہ رسول اللہؐ سے ملاقات کیا تھا **نقل** ہے ایک درویش جس وقت کھانا کھاتا اور جو چیز رہتی کتے کو ڈالدیتا گھر والوں کو نہ دیتا کسی نے درویش سے کہا تو کس لئے اپنے گھر والوں کو نہیں دیتا۔ اس نے کہا یہ میرے گھر والے نہیں ہیں بلکہ دشمن ہیں خدا کے دین کو روکنے والے ہیں ان کو دینے میں کوئی ثواب نہیں اس لئے کتے کو دیتا ہوں **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا

رسول ہست **نقل است** حضرت میراںؑ
علیہ السلام را بعضے عرض کردند کہ ما دنیا را
ترک کنیم حضرت میراںؑ فرمودند آنچہ بندہ میگوید
بکنید مرغہا بخورید جامہ خوب بپوشید و بر تخت
بخسپید و اما طلب بکنید دل شما خدا تعالیٰ را بدہید
اوشاں گفتند ایں کار چوں شود میراںؑ فرمودند آں
شما دانید بعدہ دنیا ترک کردند و صحبت
میراںؑ اختیار کردند **نقل است** حضرت میراںؑ
فرمودند بارے چیزے چوں دلہا ہم بینائی حاصل کن
تا فلاح یابی **نقل است** حضرت میراںؑ فرمود
کسانیکہ از ما ہستند نابینا نمیرند **نقل است** حضرت
میراںؑ فرمودند۔ اگر فضل کنی ایک جو جیوے جیوے
جیوے۔ اگر عدل کنی یک موے موے موے۔
نقل است حضرت میراںؑ فرمودند آنرا کہ بدادند
بدادند وانرا کہ ندادند ندادند۔ **نقل است**
یکی اولیائے بسیار عادل بود وقتے مناجات کرد
یا بارخدایا از ما چیزے ضعیفی شدہ باشد عدل
بکن از ہاتف آواز آمد کہ ما عدل کردیم آں اولیا
ناگاہ برخود دیدند کہ دست و پای خود شکنجہ

بندہ رسولؐ کے قدم بقدم ہے (کامل پیروی کرنے والا) ہے
نقل ہے حضرت مہدیؑ سے بعضوں نے عرض کیا کہ ہم دنیا
کو ترک کرتے ہیں حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو کچھ بندہ کہتا ہے
اس پر عمل کرو۔ مرغ کھاؤ اچھے کپڑے پہنو اور تخت پر
سو لیکن طلب مت کرو تمہارا دل خدا کے حوالہ کردو انھوں
نے کہا یہ کام کیسے ہو مہدی علیہ السلام نے فرمایا وہ تم
جانو اس کے بعد انھوں نے ترک دنیا کی اور مہدیؑ کی
صحبت اختیار کی **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ
ایک بار کچھ چوں دلہا بینائی بھی حاصل کر تاکہ تو فلاح پائے
نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو اشخاص ہمارے
ہیں نابینا نہیں مریں گے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے
فرمایا یا اللہ اگر تو فضل کرے ایک جو کے برابر تو زندہ
رہے زندہ رہے۔ زندہ رہے۔ اور اگر تو عدل کرے
ایک بال برابر تو مر جائے مر جائے مر جائے **نقل** ہے
حضرت مہدیؑ نے فرمایا جس کسی کو دیدار کی طلب دیئے
دیئے۔ اور جس کو نہیں دیئے نہیں دیئے **نقل** ہے
ایک ولی بہت عادل تھے ایک وقت درگاہ الٰہی میں دعا
کی یا اللہ ہم سے کوئی ضعیف کام ہوا ہے تو عدل کر۔
غیب سے آواز آئی کہ ہم نے عدل کیا ہے۔ اس ولی

شدہ است باز عرض کردند این چہ است ندائے
باریتعالی آمد کہ آنوقت کہ در صحرا رفتہ بودی
دست و پائے ملخ شکستہ جانور را خورانیدی
ازاں سبب بر تو عدل کردیم بعدہ اولیاءؒ
توبہ کردند رہا شدند۔ **نقل است** در زمانہ
حضرت میراں علیہ السلام بعضے مہاجرانؓ را تلقین
کردند بسہ دم بہ مقصود رسیدند و بعضی سہ ساعت
و بعضے سہ پاس و بعضی سہ روز و بعضی سہ ماہ
ایں زماں اگر کسی بعد از سہ سال بہ مقصود
برسد الا ماشاء اللہ قال النبی صلی اللہ علیہ
وسلم العلم سنۃ او سنتان ۔
نقل است حضرت میراں علیہ السلام بزبان
گجری فرمودند یکے پوت یعنے زیر تر از پدر
دوم پوتا یعنے قائم مقام پدر باشد یکے پوتندر
یعنے بالاتر از پدر آں وقت کسے برادر گفت
حضرت میرانؑ پوتندر ہستند میاں سید سلام اللہؓ
او را زجر کردند و دشنام دادند حضرت
میراں علیہ السلام فرمودند جواب ایں ہیں
بود آں پدر چناں بود کہ فرزند شدن محال است

نے یکایک خود کو دیکھا کہ اپنے ہاتھ پاؤں جکڑے ہوئے
ہیں۔ پھر اس ولیؒ نے عرض کیا کہ یہ کیا ہے۔ اللہ کیطرف
سے آواز آئی کہ تو اس وقت جنگل میں گیا تھا۔ اور
ایک ٹڈے کے ہاتھ پاؤں توڑ کر جانور کو کھلایا تھا
اس لئے ہم نے تجھ پر عدل کیا اس کے بعد ولیؒ نے توبہ
کی چھٹکارا پایا۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ کے زمانہ میں
آپ نے بعضے مہاجروں کو تلقین کی تو تین دم میں مقصود
کو پہنچے اور بعضے تین ساعت میں اور بعضے تین پاس
(نو گھنٹوں) میں اور بعضے تین روز میں اور بعضے تین
مہینوں میں مقصود کو پہنچے۔ اس زمانہ میں اگر کوئی شخص
تین سال کے بعد مقصود کو پہنچے مگر وہی جس کو اللہ چاہے
آنحضرتؐ نے فرمایا کہ علم کیلئے ایک سال یا دو سال درکار
ہیں۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے گجری زبان میں فرمایا کہ
ایک پوت ہے یعنے باپ سے مرتبہ میں کم دوسرا پوتا
یعنے باپ کے درجہ کے برابر درجہ رکھنے والا ہے۔
تیسرا پوتندر ہے یعنی باپ سے بڑھکر درجہ رکھنے والا
اس وقت کسی برادر نے کہا کہ حضرت مہدیؑ پوتندر
ہیں۔ میاں سید سلام اللہؓ نے اسکو جھڑکی دی اور
برا بھلا کہا۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا اس کا جواب یہی تھا

پوتندر کجا بندہ قدم برقدم اتباع یعنے قائم مقام ہستم۔ **نقل است** بایزید بسطامیؒ را یکے پرسید کہ شما مرد اند بایزید فرمودند وقت موت میگویم بایزیدؒ را وقت موت شد او آمدہ پرسید بایزیدؒ فرمودند مرد شدہ میروم او گفت آں وقت چرا نگفتند فرمودند نفس شیطان دنیا خلق درمیان چندیں دشمناں ایمان حاصل کند تا لب گور ثابت قدم بماند آں مرد است آں وقت من چوں بگویم **نقل است** بندگیمیاں ملک جیؓ فرمودند ہر کہ بیان قرآن بکند درمیان او ایں چہار صفت باشد یکے چشم از طمع پاک شود دوم زبان از حرص پاک شود سوم پائے از در غیر رفتن شکستہ شود چہارم کلام اضافت نکند اگر ایں صفتہا نباشد عند اللہ ماخوذ گردد۔ **نقل است** بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند ہر کرا مشکل از خدا و از رسول اللہؐ و از مہدی مراد اللہؑ حل نشود آنکس بیان قرآن کند بر نفس خود ظلم کند او عند اللہ ماخوذ گردد ـــــ

وہ باپ ایسا تھا کہ اس کے لئے فرزند ہونا محال ہے تو پوتندر کہاں ہو بندہ نبیؐ کی کامل اتباع کرنیوالا ہے یعنی میں نبیؐ کا قائم مقام ہوں **نقل** ہے ایک شخص نے بایزید بسطامیؒ سے پوچھا کہ آپ مرد ہیں تو بایزید نے فرمایا کہ موت کے وقت کہتا ہوں جب آپ کی موت کا وقت آیا تو پھر وہی شخص آکر پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ مرد بنکر جاتا ہوں۔ اس نے کہا۔ اس وقت آپ نے کس لئے نہیں کہا۔ فرمایا کہ نفس شیطان دنیا اور مخلوق اتنے دشمنوں کے درمیان جو شخص ایمان حاصل کرتا ہے اور مرنے تک ثابت قدم رہتا ہے تو وہ مرد ہے میں اس وقت کیسے کہتا۔ **نقل** ہے بندگیمیاں ملک جیؓ نے فرمایا کہ جو شخص قرآن بیان کرتا ہے اس میں یہ چار صفتیں رہیں پہلی یہ کہ آنکھ طمع سے پاک ہو۔ دوسری زبان حرص سے پاک ہو تیسری غیر اللہ کے دروازہ پر جانے سے پاؤں ٹوٹے ہوئے رہیں۔ چوتھی فرمان خدا اور نبی و مہدی علیہما السلام کا فرمان جتنا ہے اتنا ہی کہے بڑھا کر نہ کہے اگر یہ صفتیں نہوں تو اللہ کے پاس پکڑا جائیگا۔ **نقل** ہے۔ بندگیمیاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ جس کی مشکل خدا سے رسول اللہؐ سے مہدی موعود مراد اللہؑ

نقل است بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ را کسے پرسید بیان قرآن کسے را روا باشد میاںؓ فرمودند درمیان کسے ایں یک صفت باشد آں را زیاں نیست بیان قرآن کند آں صفت این است کہ چشم از طمع شستہ باشد **نقل است** حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کسے بیان قرآن کند کہ درو شش چیز باشد سہ ظاہری و سہ باطنی اما سہ ظاہری آنست کہ یکے توکل بر خدا کند دوم بخانۂ طالب دنیا نرود۔ سوم رسانیدہ خدا بذل کند و سہ باطنی آنست یکے بچشم سر خدا یرا بیند دوم کسے بمیرد بحال او خبر دہد سوم زر و خاک اورا برابر شود اگر درمیان کسے ایں صفتہا نباشد بیان قرآن کردن اورا روا نباشد۔ **نقل است** حضرت بندگی میاں شاہ نظامؓ فرزندان خود را فرمودند پس روباشید پیش رو مشوید بہ زبان گجری فرمودند کبڑوی ہوے میاں نہو وے **نقل است** بندگی میاں شاہ دلاور رضؓ

سے حل نہو ایسا شخص قرآن بیان کرتا ہے تو اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے اور اللہ کے پاس ماخوذ ہوگا **نقل** ہے بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ سے کسی نے پوچھا کہ کیسے شخص کے لئے قرآن کا بیان جائز ہے۔ میاںؓ نے فرمایا کہ جس میں یہ ایک صفت ہو اس کے لئے نقصان نہیں قرآن کا بیان کرے وہ صفت یہ ہے کہ آنکھ سے حرص کو دھودے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ایسا شخص قرآن کا بیان کرے جسمیں چھے چیزیں موجود ہوں تین ظاہری اور تین باطنی لیکن تین ظاہری یہ ہیں۔ پہلی خدا پر بھروسہ کرے دوسری دنیا کے طالب کے گھر پر نہ جائے تیسری خدا کی بھیجی ہوئی چیز کو خدا کی راہ میں خرچ کرے۔ اور تین باطنی یہ ہیں پہلی چشم سر سے خدا کو دیکھے دوسری کوئی شخص مرجائے تو اس کے حال کی خبر دے تیسری سونا اور مٹی دونوں اس کے پاس برابر ہوں۔ اگر کسی میں یہ صفتیں نہوں تو قرآن کا بیان کرنا اس کے لئے جائز نہیں **نقل** ہے حضرت بندگی میاں شاہ نظامؓ نے اپنے فرزندوں سے فرمایا کہ تابع رہو متبوع مت بنو گجری زبان میں فرمایا کہ غلام بن میاں مت بن **نقل** ہے بندگی میاں شاہ دلاور رضؓ نے فرمایا کہ

فرمودند مارا برادراں میاں مگویند ما چنانچہ
پیش حضرت میراں علیہ السلام بودیم ہمچناں ایں زماں
ہستیم نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند
یکے را دو خانہ است یکے زریں دیگر خاک او
می گوید خانۂ زریں بارگیر سیدم و خانہ خاک بخشش
نمی دہم عاقل آنست خانہ خاک را اختیار کند خانہ
زریں را بخشش دہد بہشت و دنیا ہر دو از خدای
است دنیا بارگیر را بگذارید بہشت را اختیار کنید
آں خانۂ زر است دنیا خانۂ فنا است نقل است
حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ در دائرہ مہدیؑ
ہر سہ گروہ باشند چنانکہ در دائرۂ مصطفیٰؐ بودند
مومن و منافق و کافر ولیکن منافقاں و کافراں
را خدا تعالیٰ در دائرہ نیارد پس مارا بسیار
باید ترسید نقل است حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند دل شمارا بخدا تعالیٰ بدہید بعدہٗ آنچہ
پسند آید بکنید نقل است بندگیمیاں سید خوندمیرؓ
در معاملہ دیدند بحال زاری بیروں آمدند برادراں
عرض کردند چندیں زاری چہ سبب است میاںؓ
فرمودند بندہ را مرشداں آخر زماں نمودند

برادراں ہم کو میاں کہتے ہیں لیکن ہم حضرت مہدیؑ کے
حضور میں جیسے تھے ویسے ہی اس زمانہ میں ہیں نقل ہے
حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ ایک شخص کیلئے دو گھر ہیں ایک
سونے کا دوسرا مٹی کا وہ کہتا ہے سونے کے گھر کو مع
ساز و سامان دیتا ہوں اور مٹی کے گھر کو نہیں بخشتا ہوں
عاقل وہ ہے مٹی کے گھر کو اختیار کرے سونے کے گھر کو
بخشدے بہشت اور دنیا دونو خدا کی طرف سے ہیں۔
دنیا کے ساز و سامان کو چھوڑ دو بہشت کو اختیار کرو
کیوں کہ بہشت حقیقت میں سونے کا گھر ہے اور دنیا
فنا کا گھر ہے نقل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ مہدیؑ کے
دائرہ میں تینوں گروہ ہوں گے جیسا کہ مصطفیٰؐ کے دائرہ
میں تھے مومن منافق اور کافر ولیکن منافقوں اور کافروں
کو خدا تعالیٰ دائرہ میں نہیں ماریگا۔ پس ہمکو بہت ڈرنا
چاہیئے نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ
تم اپنے دل کو خدا کے حوالے کرو اس کے بعد تمکو جو کچھ
پسند آئے کرو نقل ہے بندگیمیاں سید خوندمیر رضؓ نے
معاملہ میں دیکھا اور زاری کی حالت میں باہر آئے
برادروں نے عرض کیا کہ اس قدر زاری کا سبب کیا ہے
میاںؓ نے فرمایا بندہ کو آخر زمانہ کے مرشداں دکھلائے

در گردنہائے ایشاں طوق انداختہ دست و
پائی ایشاں زنجیر کردہ فرشتگاں سوی دوزخ
می برند چراکہ ایشاں برجائے محمد رسول اللہ ؐ و
مہدی مراد اللہ ؑ نشستہ میان عصر و مغرب بیان
قرآن کردندی ذکر دادندی پسخوردہ و سویت
کردندی نہ بامر اللہ نہ باذن رسول اللہ نہ باذن
مہدی صلوات اللہ علیہم نہ باذن مرشد مگر از جہت
نفسانی از جاہ و پرورش تن آں کار کردند ایشاں
در روز قیامت این چنیں شوند **نقل است** بندگی
میاں شاہ نعمت رضؓ معاملہ ہمیں طریق عیاں دیدند و نمودند
مرشدانِ آخر زماں بندہ را نمودند بطریق عذاب
بسیار میشود نباید کہ ہوس مرشدی کند ہر جاکہ دہ
فقراں بر مدعا مہدیؑ باشند نزد ایشاں باشند
اگر ایشاں مرشدی بکنند نیکست و گرنہ ہیچ
فائدہ نیست و از کسیکہ فائدہ دین نیست ہمہ
طالبان از صحبت ایشاں و از دوگانہ ایشاں
و از خاک ایشاں خالی است ہیچ فائدہ نیست
نقل است بندگی میاں سید شہاب الدین رضؓ
فرمودند مرشدان آخر زمان بندہ را نمودہ میشوند

ان کی گردنوں میں طوق اور ان کے ہاتھ اور پاؤں میں
زنجیر ڈالکر فرشتے دوزخ کی طرف لیجاتے ہیں کیونکہ
انھوں نے محمد رسول اللہ ؐ اور مہدی موعود مراد اللہ ؑ
کی جائے پر بیٹھکر عصر اور مغرب کے درمیان قرآن کا
بیان کیا ذکر کی تعلیم دی پسخوردہ دیا اور سویت کی نہ
خدا کے حکم سے نہ رسول و مہدی علیہما السّلام کے حکم سے
نہ مرشد کے حکم سے مگر نفس دبدبہ اور تن پروری کے
واسطے یہ کام کیا اخیر زمانہ کے مرشدوں کا حال قیامت
میں ایسا ہوگا۔ **نقل** ہے بندگیمیاں شاہ نعمت رضؓ نے
بھی اسی طرح معاملہ عیاں دیکھا اور فرمایا کہ بندہ کو
آخر زمانہ کے مرشداں دکھلائے اس طرح سے عذاب
بہت ہوتا ہے مرشدی کی ہوس نہیں کرنی چاہیئے جس
جگہ دس فقیر مدعا مہدیؑ (دیدار کی طلب) پر قائم رہیں
انکی صحبت میں رہیں اگر یہ (صحبت یافتہ) مرشدی
کریں تو اچھا ہے وگرنہ کوئی فائدہ نہیں ہے اور جس
کسی سے دین کا فائدہ نہو تمام طالبانِ خدا انکی صحبت
سے ان کے دوگانہ سے اور ان کی مشت خاک سے
خالی ہیں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ **نقل** ہے بندگی میاں
سید شہاب الدین رضؓ نے فرمایا کہ بندہ کو آخر زمانہ کے

از ستون ہائے دوزخ بستہ اند واز مقراض آتش زبانہائے ایشاں بریدہ میکردند واسطہ آنکہ در دنیا دیگراں را نیک فرمودند وخود نہ کردند۔ **نقل است** بندگی میاں شاہ دلاور رضؔ فرمودند از جہت بندہ ایں ہر دو جای زمین آرزو می کنند زمین بھیلوٹ و زمین بورکھیڑا خدا امید اند آرزوی کی قبول افتد بعدہ میاں رضؔ را وصال شد در بورکھیڑا قبر کردند۔ **نقل است** پیش بندگی ملک جی رضؔ کسے گفت کہ ایں فقیراں اہل دل ہستند میاں ملک جی رضؔ فرمودند اہل دل نیستند اینجا اہل اللہ ہستند مراتب اہل دل ادنیٰ است مراتب اہل اللہ بلند است چنانچہ خدا تعالیٰ در کلام خویش خبر دادہ است۔ والزمھم کلمۃ التقویٰ وکانوا احق بھا واھلھا وکان اللہ بکل شیٔ علیما (جز ۲۶، رکوع ۱۱)۔ **نقل است** یکے اولیاؒ را کسے پرسید بسیار عبادت میکنم ہیچ نمی بینم اولیاؒ فرمودند خدا را دست خود بشمار ہشیار بگذار یعنی از دست عمل باز مدار کشائش شود۔ **نقل است** حضرت

مرشداں دکھلائے جاتے ہیں دوزخ کے کھموں سے باندھے ہیں اور آگ کی قینچیوں سے ان کی زبانیں کاٹ رہے ہیں اس سزا کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے دنیا میں دوسروں کو اچھی بات کہی اور خود عمل نہیں کیا۔ **نقل** ہے بندگی میاں شاہ دلاور رضؔ نے فرمایا کہ ان دونو مقام کی زمین بندہ کی آرزو کرتی ہے بھیلوٹ کی زمین اور بورکھیڑے کی زمین خدا جانے کس کی آرزو پوری ہوتی ہے اس کے بعد میاں رضؔ کا وصال ہوا بورکھیڑے میں آپ کو دفن کئے۔ **نقل** ہے کسی نے بندگی میاں ملکجی رضؔ کے حضور میں عرض کیا کہ یہ فقیر ان اہل دل ہیں۔ میاں ملکجی رضؔ نے فرمایا اہل دل نہیں یہاں دائرہ میں اہل اللہ ہیں اہل دل کے مراتب ادنیٰ ہیں اہل اللہ کے مراتب اعلیٰ ہیں چنانچہ خدا تعالیٰ نے اپنے کلام میں خبر دی ہے کہ۔ اللہ جمائے رکھا مومنوں کو تقویٰ کی بات پر اور وہی تھے اس کے لائق اور اس کے اہل اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔ **نقل** ہے ایک ولیؒ نے کسی سے پوچھا میں بہت عبادت کرتا ہوں کچھ بھی نہیں دیکھتا ہوں۔ ولیؒ نے فرمایا خدا کو اپنی مدد کرنے والا سمجھ ہشیاری سے عمر گذار یعنے عمل سے باز مت آ۔ اللہ تعالیٰ کشائش کرےگا۔

رسول علیہ السلام فرمودند اے عمرؓ اصحاب ظاہر کہ
نماز می گذارند بدانکہ دلہائے ایشاں ہر جا کہ
خواہد متفرق می شود در خطرات نفسانی گراں شدہ
می مانند ہر کہ نفسانی است ازیں بت پرستی
نرہد زہی گمراہی ایں چنیں گمراہی کہ بت پرستی
است و بت پرستی کردہ میدارند زہے
کوران و خجل ہر کہ در دل بجز خدای کہ حاصل آید
چہ باشد آنرا نماز نہ شمرند کہ من و تو در حرکات
و قیام و قرأت و نعت و رکوع و سجود نماز نباشد
نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند
از عذاب خدائے بترسید بر جوت دیوا انگشت
بنہید طاقت نیارید در آتش دوزخ
چوں صبر کنید **نقل** است حضرت میراں
علیہ السلام را برادراں عرض کردند کہ ما درون
شہر می رویم مارا خلق میگویند کہ ایں طالبان
خودی انداز برائے استہزا میرانؑ فرمودند
شما جواب بگوئید کہ خودی طالب ما است **نقل** است
بندگی میاں شاہ نعمتؓ در جالور بودند میاں
وذیر الدین از گجرات بہ جالور رفتند بندگی میاں

نقل ہے حضرت رسول علیہ السلام نے فرمایا اے عمرؓ
علم ظاہری والے جو نماز پڑھتے ہیں جانو کہ انکا دل جہاں
کہیں کہ چاہتا ہے پراگندہ ہوتا ہے نفسانی خطروں میں
گراں ہو کر رہ جاتے ہیں۔ جو آدمی نفس کا تابع ہے اس
بت پرستی سے نچھوٹے اسکو عجیب گمراہی ہوتی ہے اس
طرح کی گمراہی جو بت پرستی ہے اور بت پرستی میں پڑے
ہوے ہیں یہ لوگ عجیب اندھے اور شرمندہ ہیں جن کے
دل میں خدا کے سوائے کوئی بات آتی ہے تو ان کو کیا
حاصل ہوتا ہے ان کی نماز کو نماز نہ سمجھیں کیونکہ نماز کے
حرکات قیام قرا،ت حمد رکوع اور سجود میں ہیں اور تو
کے خطروں سے نماز نہوگی۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے
فرمایا کہ خدا تعالی کے عذاب سے ڈرو چراغ کی لو پر
انگلی رکھو تو برداشت نہ کر سکو گے تو دوزخ کی آگ میں
کیسے صبر کروگے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ سے صحابہؓ نے
عرض کیا کہ ہم شہر میں جاتے ہیں تو ہکو لوگ تمسخر سے کہتے
ہیں کہ یہ خودی کے طالب ہیں۔ مہدیؑ نے فرمایا کہ تم
جواب دیدو کہ خودی ہماری طالب ہے **نقل** ہے
بندگی میاں شاہ نعمتؓ جالور میں تھے میاں وذیر الدین
گجرات سے جالور آئے بندگی میاں نعمتؓ کو ان کے

نعمتؓ را خبر شد بندگیمیاں نعمتؓ لبسر کنجد کردہ بودند، ہماں حال بیروں آمدند ملاقاتش کردند

نقل است بندگیمیاں شاہ نعمتؓ فرمودند کسی کہ ایں بندہ را مہمانی می کند از جہت اللہ نیست مقصود او آنست کہ بندہ خشنود شود کسیکہ فقیراں را مہمان می کند آں از جہت اللہ است چراکہ ایں بندہ در خانہ میخورد

نقل است بندگیمیراں سید محمودؓ بی بی کد بانوؓ را فرمودند آخر شب در حجرۂ میاں دلاورؓ بروید رحمت خدای می آید شمارا بہرہ میرسد

نقل است بندگی میاں شاہ دلاورؓ را کسے علماء آمدہ ملاقات کرد میاںؓ فرمودند شما ایں آیت را چہ وجہ بیان می کنید. فلما جن علیہ اللیل راکو کبا الایۃ (جزء ۷، رکوع ۱۵) آں عالم گفت ستارہ و آفتاب و مہتاب را دید ابراہیم علیہ السلام فرمودند ایں مانند پروردگار ماست بندگیمیاں شاہ دلاورؓ فرمودند شایان ابراہیم علیہ السلام باشند ستارہ و ماہتاب و آفتاب کے پروردگار گویند آں عالم عرض کرد خوندکار فرمایند میاںؓ فرمودند ابراہیمؑ را بر آں ستارہ ماہتاب و آفتاب بینائی تشبیہات

آنے کی خبر ہوئی اس وقت بندگی میاں نعمتؓ سر میں تیل ڈال رہے تھے اسی حالت میں باہر آکر ملاقات کی

نقل ہے بندگی میاں شاہ نعمتؓ نے فرمایا کہ جو شخص اس بندہ کو مہمان کرتا ہے اللہ کے واسطے نہیں بلکہ اس کا مقصود یہ ہے کہ بندہ خوشنود ہو جو شخص فقیروں کی مہمانی کرتا ہے وہ اللہ کے واسطے ہے کیونکہ یہ بندہ گھر میں کھاتا ہے

نقل ہے بندگیمیراں سید محمودؓ نے بی بی کد بانوؓ سے فرمایا کہ آخر شب میں میاں دلاورؓ کے حجرے میں جاؤ خدا تعالیٰ کی رحمت آتی ہے تم کو بھی بہرہ پہنچتا ہے۔

نقل ہے بندگیمیاں شاہ دلاورؓ سے کسی عالم نے آکر ملاقات کی میاںؓ نے فرمایا تم اس آیت کے کیا معنی بیان کرتے ہو. جب تاریک ہوئی رات اس پر تو دیکھا تارے کو. اس عالم نے کہا ستارہ آفتاب اور مہتاب کو دیکھکر ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا یہ ہمارے پروردگار کے مانند ہیں. بندگیمیاں شاہ دلاورؓ نے فرمایا کہ کیا ابراہیمؑ کے شایان شان ہے کہ ستارے آفتاب اور مہتاب کو پروردگار کہیں. اس عالم نے عرض کیا خوندکار فرمائیں. میاںؓ نے فرمایا ابراہیمؑ کے لئے اس ستارے آفتاب اور مہتاب پہ بینائی کا شبہ

شد گفت ہرگاہ کہ بینائی (انی) بری شد گفتند
انی بری مما تشرکون. گفت ایں علم علّمنی
ربی. است نہ کاغذ نہ تعلیم بشر **نقل است**
پیش حضرت میرانؑ ملایاں عرض کردند شما مریدانِ ما
را برغلانیدہ تلقین می کنند میرانؑ فرمودند
در شرع چون است کسیکہ دختر خود را بہ عنین
نکاح کردہ داد پوشیدہ حال بود بعد
چند مدت تحقیق شد کہ عنین است در شرع
تفریق کنند یا نہ کنند ہر کالای کہ خرید کنند
بگمان سالمتی اگر عیب ظاہر شود واپس می
دہند یا نمی دہند پس مقصود دین ہمین است
نقل است حضرت میران علیہ السّلام را
خدائتعالیٰ ازار رسانیدہ بود دراز بود حضرت
میرانؑ را کسے عرض کرد سنت است بالائے
شتالنگ ازار زیادہ بود حضرت میران علیہ السّلام
دور کردند تمام متابعت رسولؐ کردند ہمہ حال
قول و فعل **نقل است** حضرت میرانؑ فرمودند
ہر کہ خدائے را شناخت اورا حاجت سوال نیست
نقل است بندگیمیاں ملک جیؓ را یک علما آمدہ

ہوا میاںؓ نے کہا جسوقت کہ بینائی۔ انی بری۔
کی ہوئی تو اس وقت ابراہیمؑ نے کہا۔ میں بری ہوں
ان چیزوں سے جنکو تم شریک ٹھیراتے ہو۔ عالم نے
کہا کہ یہ علم واقعی سکھایا مجھے میرے رب نے، کا علم ہے
کتاب اور تعلیم بشر کا نہیں **نقل** ہے حضرت مہدیؑ کے
حضور میں ملاؤں نے عرض کیا کہ آپ ہمارے مریدوں
کو بہرغلا کر مرید کرتے ہو۔ مہدیؑ نے فرمایا شرع میں
کیسا ہے جو شخص اپنی لڑکی کا عقد نامرد سے کر دیا اس کا
حال معلوم نہ تھا چند روز کے بعد تحقیق ہوئی کہ عنین ہے
تو شرع میں علیحدہ کر دیتے ہیں یا نہیں اور جو سامان کہ
اچھا ہونے کے خیال سے خریدتے ہیں اگر اس میں عیب
ظاہر ہو جائے تو واپس دیتے ہیں یا نہیں پس دین کا
مقصود یہی ہے۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ کو خدائتعالیٰ
ازار بھیجا تھا لانبی تھی حضرتؑ سے کسی نے عرض کیا سنت
ہے کہ ازار ٹخنے سے کچھ اوپر رہے تو حضرتؑ نے ازار
کا زیادہ حصہ نکالدیا رسول علیہ السّلام کی کامل پیروی
کی یعنے رسولؐ کے قول فعل اور حال کی پیروی کی **نقل** ہے
حضرت مہدیؑ نے فرمایا جس نے خدا کو پہچانا اس کو سوال کی
حاجت نہیں ہے۔ **نقل** ہے بندگیمیاں ملک جیؓ سے

ملاقات کرد میاں فرمودند شما امنت باللہ
خواندن میدانید عالم گفت میدانم میاںؓ
فرمودند بخوانید آں عالم خواند میاںؒ فرمودند
براین ہمہ ایمان آوردید عالم گفت آرے میاںؓ
فرمودند حقیقت را یا مجازی را ایمان آوردید
آں عالم ساکت ماند میاںؒ فرمودند حقیقت عمل
است عمل کنند ہر چیزے را کہ ایمان آوردہ است
آں چیز را بیند. یعنی خدا تعالیٰ را بیند او مومن
باشد وگرنہ مجرد میخواند و برآں عمل نہ کند او بینا نشود
درحق او ایں آیت است. قولہ تعالیٰ من کان
فی ھٰذہٖ اعمٰی فھو فی الآخرۃ اعمٰی و اضل سبیلا
(جزء ۱۵ رکوع ۷) ہر کہ خدا را در دنیا نہ بیند مومن نباشد
نقل است حضرت میراں علیہ السلام را کسے سوال کرد
یگانگی بہتر یا دوئی. حضرت میراںؑ فرمودند دوئی بہتر کہ
یگانگی را شناختن تواند اگر دوئی نبودی یگانگی را
کس نشناختندے نقل است بندگی میاں شاہ نعمتؓ
فرمودند طالب خدا میخواہد یکدم جدا نشود فاما خیریت
طالب دراں است گاہی فراق و گاہی وصال
ہمیشہ وصال ہم خوب نیست ہمیشہ فراق نعوذ باللہ ہم خوب نیست

ایک عالم نے ملاقات کی میاںؒ نے فرمایا کہ تم امنت
باللہ پڑھنا جانتے ہو۔ عالم نے کہا جانتا ہوں۔ میاںؓ
نے فرمایا پڑھو۔ اس عالم نے پڑھا۔ میاںؒ نے فرمایا
کیا تم ان سب پر ایمان لائے۔ عالم نے کہا ہاں۔ میاںؓ
نے فرمایا حقیقت پر ایمان لائے یا مجاز پر۔ وہ عالم خاموش
ہو گیا۔ میاںؓ نے فرمایا حقیقت عمل ہے عمل کریں جس چیز
پر ایمان لایا ہے اس چیز کو دیکھے یعنی خدا تعالیٰ کو دیکھے
وہ مومن ہوگا۔ ورنہ صرف پڑھتا رہے اور اس پر عمل نہ
کرے تو وہ بینا نہ ہوگا۔ اس کے حق میں یہ آیت ہے
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جو کوئی اس دنیا میں اندھا رہا
وہ آخرت میں اندھا۔ اور راہ سے بہت دور بھٹکا ہوا
ہے جو شخص خدا کو دنیا میں نہ دیکھے مومن نہ ہوگا نقل ہے
حضرت مہدیؑ سے کسی نے سوال کیا کہ یگانگی بہتر ہے
یا دوئی۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ دوئی بہتر ہے کیوں کہ
یگانگی کو پہچان سکتا ہے اگر دوئی نہ ہوتی تو یگانگی کو کوئی
نہ پہچانتا نقل ہے۔ بندگی میاں شاہ نعمتؓ نے فرمایا کہ
خدا کا طالب چاہتا ہے کہ ایک دم جدا نہ ہو لیکن طالب کی
خیریت اسی میں ہے کہ کبھی فراق اور کبھی وصال رہے
ہمیشہ وصال بھی اچھا نہیں ہمیشہ فراق بھی نعوذ باللہ اچھا نہیں ہے

نقل است یکی نان گرفته چهل حجره‌ها گردید کسے
قبول نه کرد گفتند ما را طاقت است برادر دیگر را
بدهید. همه کسان همیں گفتندے طالبان خدا
بودند میان یکدیگر اخلاص داشتند فائده
در اخلاص است. قوله تعالیٰ انما المؤمنون
اخوة. **نقل است** در دائره بندگیمیاں
سید خوند میرؓ یکی زن بود او را بسیار اضطرار
شد یک فرزند را پیش و یک فرزند را پس داد
خود در میان خسپید شب شد یک فرزند متوفی
شد یکی زن در دائره کامل بود او را هاتف شد
که ما را طعام خورانید او متحیر شد باز هاتف شد که
امروز فلاں را بسیار اضطرار است برو او را
بخورانید ما را رسد بعده چیزے طعام و چراغ
گرفته رفتند چه بینند یک مرده است و دیگر فرزند
او بے طاقت شد آن وقت بی بی او را طعام
فرستاند فرزند را خورانید و فرزند که مرده بود
او را دفن کردند این چنین طالبان خدا بودند
نقل است حضرت میرانؑ را کسے عرض کرد
میرانؑ را تصدیق کردند ایمان ایشاں کامل

نقل ہے ایک شخص روٹی لیکر چالیس حجرے پھرا
کسی نے روٹی قبول نہیں کی کہا کہ ہمکو فاقہ اٹھانیکی
طاقت ہے دوسرے بھائی کو دو تمام اشخاص یہی
کہتے تھے خدا کے طالب تھے آپس میں خلوص رکھتے
تھے کیوں کہ فائدہ اخلاص میں ہے۔ اللہ تعالےٰ
فرماتا ہے۔ مومن آپس میں ایک دوسرے کے بھائی
ہیں۔ **نقل** ہے بندگیمیاں سید خوندمیرؓ کے دائرہ
میں ایک عورت تھی اس کے لئے بہت اضطرار تھا
ایک بچے کو سامنے اور ایک کو پیچھے سلاکر خود ان کے
درمیان سوگئی رات ہوئی تو ایک بچہ کا انتقال ہوگیا
دائرہ میں ایک عورت کامل تھی اس کو غیب سے آواز
آئی کہ ہمکو کھانا کھلاؤ۔ وہ عورت پریشان ہوئی پھر
غیب سے آواز آئی کہ فلاں پر بہت اضطرار ہے جا اسکو
کھلاؤ وہ کھانا ہمکو پہنچتا ہے۔ اس کے بعد کچھ کھانا اور
چراغ لیکر گئیں کیا دیکھتی ہیں کہ ایک بچہ مرگیا ہے
اس عورت کا دوسرا بچہ بے طاقت ہو گیا اس وقت
کامل بی بی اس عورت کو کھانا بھیجی تو وہ عورت بچے
کو کھلائی اور جو بچہ مرگیا تھا اس کو دفن کئے ایسے
خدا کے طالب تھے۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ سے کسی نے

است حضرت میرانؑ فرمودند ایمان کامل اصحاب رسول بود شریعت نو تحریف قبلہ شد چندان مرتد شدند تمام خلاف نفس آں وقت تصدیق زیادت کردند۔ میران علیہ السلام فرمودند بندہ چہ نو آورد ایشاں را گراں می شود بندہ تابع تمام شریعت است تصدیق کردن بندہ ہیچ تکلیف است **نقل** است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کسے بحال اضطرار وچیزے ضعیفی یک روز یا سہ روز مجرد شود او طالب دنیا شد۔ **نقل** است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند عالی ہمت آنست رسانیدہ خدا تعالیٰ ہماں وقت خورد و بذل کند کم ہمت آنست رسانیدہ خدا تعالیٰ اندک خورد چرا کہ نفس او ضعیف است آں سبب او بحکمت راہ خدا میداند۔ **نقل** است حضرت میرانؑ فرمودند متوکل ہر چہ خدا بدہد بخورد ذخیرہ برای فردا خوردن نکند۔ **نقل** است در زمانہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یکی برادر

عرض کیا کہ جنھوں نے مہدیؑ کی تصدیق کی ان کا ایمان کامل ہے۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ رسولؐ کے صحابہؓ کا ایمان کامل تھا نئی شریعت نازل ہوئی قبلہ بدلا گیا چند لوگ مرتد ہوگئے تمام صحابہؓ نے نفس کا خلاف کرکے اس وقت تصدیق میں زیادتی کی۔ مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ شریعت میں کیا نئی چیز لایا جو ان کو دشواری ہوتی ہے۔ بندہ شریعت کی کامل پیروی کرنے والا ہے کیا بندہ کی تصدیق کرنے میں کچھ ان کو تکلیف ہے۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو شخص اضطرار اور کچھ ضعیفی کی وجہ سے ایک روز یا تین روز مجرد (عورت بچوں سے علیحدہ) ہو جائے تو وہ دنیا کا طالب ہوا۔ **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا بلند ہمت وہ ہے خدا تعالیٰ کی بھیجی ہوئی چیز کو اسی وقت کھاتا ہے اور خدا کی راہ میں خرچ کرتا ہے کم ہمت وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی بھیجی ہوئی چیز کو تھوڑی تھوڑی کھاتا ہے کیوں کہ اس کا نفس ضعیف ہے اسی لئے حکمت سے خدا کی راہ جانتا ہے **نقل** ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا متوکل وہ ہے جو کچھ خدا دے کھائے کل کے کھانے کے لئے اٹھا نہ رکھے۔ **نقل** ہے حضرت عمر رضی اللہ

برای نماز پس ہمہ برادراں می آمد و پیش از
ہمہ برادراں می رفت عمر رضی اللہ یک روز
راہ گرفتہ اورا پرسیدند تو چرا این چنین
می کنی او گفت مرا مپرسید عمرؓ بسیار
کوشش کردند او گفت میانِ من و میانِ
زن یک جامہ دارم زن برہنہ نشیند من آں
جامہ پوشیدہ برای نماز گزاردن می آیم
شتاب می روم جامہ زن را می دہم زن نماز
می کند حضرت عمر رضی اللہ عنہ آبدیدہ شدند
وراایک اشتر پر گندم و چند جامہ و چند مہر زر
فرستادند آں زن گفت مارا چندیں روزہا
چنیں می گذرد عمرؓ نہ فرستاد ایں زماں
شما چیزی می گفتید شوہر گفت مرا بسیار
کوشش کردند انگہ گفتم زن گفت باز بدہ
ما میگوئیم آں کار کن شوہر قبول کرد و چونکہ
بگذاردی برابر من دوگانہ موت بگذار ہمچنیں
کرد زن دعا کرد ما را رضا بدہ یا بار خدایا چند
روز حال ما کسی معلوم نہ بود ایں زماں معلوم
شد ہر دو در سجدہ بودند ارواح ایشاں

کے زمانہ میں ایک برادر نماز کے لئے تمام برادروں کے
بعد آتا اور نماز پڑھتے ہی تمام برادروں سے پہلے
چلے جاتا عمرؓ نے ایک روز اس کو راستے میں ملا کر پوچھا
کہ تو کس لئے ایسا کرتا ہے۔ اس نے کہا مجھ سے مت
پوچھو عمرؓ نے بہت کوشش کی تو اس نے کہا کہ میرے
اور میری عورت کے درمیان ایک کپڑا ہے عورت
برہنہ بیٹھتی ہے تو میں وہ کپڑا پہن کر نماز پڑھنے کے
لئے آتا ہوں اور جلد جا کر کپڑا عورت کو دیتا ہوں
تو عورت نماز پڑھتی ہے حضرت عمرؓ نے آبدیدہ ہو کر
اس کے لئے ایک اونٹ گیہوں سے بھرا ہوا تھوڑے
کپڑے اور تھوڑے سونے کے سکے روانہ کئے۔ اس
عورت نے کہا کہ ہم پر اتنے روز تکلیف میں گذرے
عمرؓ نے نہ بھیجا۔ اب تم نے تکلیف کا حال کہا (اس لئے
روانہ کیا) شوہر نے کہا مجھکو بہت مجبور کرنے پر کہا۔
عورت نے کہا یہ سب چیزیں عمرؓ کو واپس کر دے ہم
جو کہتے ہیں اس پر عمل کر۔ شوہر نے قبول کیا۔ عورت نے
کہا چونکہ تو نے واپس کر دیا اب میرے برابر موت کا
دوگانہ ادا کر تو اس نے اسی طرح کیا۔ عورت نے
دعا کی یا اللہ ہمکو راضی برضا رکھ چند روز ہمارا حال

قبض شد این چنیں طالبان خدا بودند۔
نقل است شفاعت بعد موت اول بر
میت نظر کند او چہ ہیئت است اگر اندام او
تمام سیاہ چشم او سبز و روی او سیاہ بیند
بداند کہ بے ایمان رفت است شفاعت
درباب او قبول نیست اگر مقدار گنجد در
پیشانی او سفید باشد یا جائے در اندام
او تحقیق داند کہ ایمان او باقی است۔
شفاعت او باقی است سود کند
نقل است امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ
سوال کردند کہ یا رسول اللہ این اللہ یعنی
کجا است خدا تعالی۔ رسول علیہ السلام فرمودند
فی قلوب عبادہ۔ باز پرسیدند یا رسول اللہ
دل کجا است رسول علیہ السلام فرمودند
در وجود آدمی است اما دل دو نوع است
یعنی قلب مجازی و قلب حقیقی نہ آں دل از
پارہ گوشت است میدانی ای عمر قلب
حقیقی آنست نہ بجانب چپ نہ راست
ونہ فوق ونہ زیر ونہ دور ونہ نزدیک است

کسی کو معلوم نہ تھا۔ اس وقت معلوم ہوگیا ہے (موت
عطا کی) دونو سجدے میں تھے انکی ارواح کھینچی گئی۔
ایسے خدا کے طالب تھے۔ **نقل ہے** شفاعت کرنے
مرنے کے بعد پہلے میت کو دیکھے کہ اس کی کیا حالت
ہے اگر اس کا تمام جسم کالا اور اس کی آنکھ ہری اور
اس کا منہ کالا دیکھے تو جانے کے بے ایمان گیا ہے
شفاعت اس کے باب میں قبول نہیں اگر تل کی مقدار
اس کی پیشانی پر سفید رہے یا اس کے جسم کے کسی مقام
پر تل برابر سفید ہو نیکی تحقیق ہو تو اس کا ایمان باقی ہے
اور اس کی شفاعت بھی باقی ہے وہ سفیدی فائدہ
پہنچاتی ہے **نقل ہے** امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ
نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ این اللہ یعنی
خدا تعالی کہاں ہے۔ رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ
اللہ کے بندوں کے دلوں میں ہے۔ پھر پوچھا یا رسول اللہ
دل کہاں ہے رسول علیہ السلام نے فرمایا آدمی کے وجود
میں ہے لیکن دل دو قسم کا ہے یعنی مجازی دل اور حقیقی
دل وہ دل نہیں ہے جو گوشت کا ٹکڑا ہے جس کو
تو جانتا ہے اے عمر حقیقی دل وہ ہے جو نہ بائیں جانب
ہے نہ سیدھے جانب نہ اوپر ہے نہ نیچے نہ دور ہے

اما شناختن قلب حقیقی و خواستن استقامت
یا سبانی قرب حضرت رب العالمین است
کہ قلوب المومنین عرش اللہ تعالیٰ ۔
عمرؓ پرسید یا رسول اللہؐ مومن کیست و مسلم
کیست رسول علیہ السلام فرمودند کہ یا عمر زاہد
مسلم و عارف مومن **نقل** است حضرت میراں
علیہ السلام فرمودند اگر کسے رسم و عادت
و بدعت کند او را بہرہ دین نرسد **نقل** است
بندگی میاں سید خوندمیرؓ معاملہ دیدند کہ ہفت مظفر اند
موی سر ایشاں بدست ما است ایں معاملہ را
پیش بندگی میاں شاہ دلاورؓ ظاہر کردند میاں دلاورؓ
گفتند ایں را بر معنی حل باید کرد بواسطۂ شما
ایمان ایشاں ہفت پشت بیروں کردہ اند
فرمودند مارنا مرنا ہے یعنی کشتن و کشتہ شدن ۔
کلام قدسی قال اللہ تعالیٰ انا و انت یا محمد
و ما سواک خلقت لاجلک قال
رسولؐ الٰہی انت و لا انا و ما سواک
ترکت لاجلک۔ قالؐ انتم راضون علی
قضاء اللہ قالوا نعم یا رسول اللہؐ وانتم

نزدیک لیکن حقیقی دل کا پہچاننا اور استقامت
چاہنا۔ حضرت رب العالمین کے قرب کی پاسبانی ہے
کیونکہ مومنوں کا دل اللہ تعالیٰ کا عرش ہے۔ عمرؓ نے
پوچھا یا رسول اللہؐ مومن کون ہے اور مسلم کون ۔
رسولؐ نے فرمایا کہ اے عمرؓ زاہد مسلم ہے اور عارف
مومن ہے **نقل** ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا
اگر کوئی شخص رسم عادت اور بدعت کرے تو اس کو دین کا
بہرہ نہ پہنچے **نقل** ہے بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے
معاملہ دیکھا کہ سات مظفر ہیں کہ ان کے سر کے بال
حضرتؐ کے ہاتھ میں ہیں۔ اس معاملہ کو بندگی میاں شاہ
دلاورؓ کے روبرو ظاہر کیا۔ میاں دلاورؓ نے کہا اس
معاملہ کو معنی پر حمل کرنا چاہیئے۔ تمہارے واسطے
ان کا ایمان سات پشت تک باہر کر دیئے ہیں۔ پھر
فرمایا مارنا مرنا ہے یعنی کشتن و کشتہ شدن ۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے محمد میں ہوں اور تو ہے اور
تیرے سوا جو کچھ ہے میں نے تیرے لئے پیدا کیا ہے
رسولؐ نے کہا یا اللہ تو ہے میں نہیں ہوں اور جو کچھ تیرے
سوا ہے وہ سب میں نے تیرے لئے چھوڑ دیا ہے
آنحضرتؐ نے فرمایا کیا تم راضی ہو اللہ کی قضا پر صحابہؓ

صابرون علی بلاء اللہ قالوا نعم یا رسول اللہ
وانتم شاکرون علی نعماء اللہ قالوا نعم
یا رسول اللہ (قال) انتم مومنون حقا
اے دوست مقامی باشد کہ اورا خلت خوانند
وآں مقام عبودیت نباشد چہ خلت باشد
درین خلت الرویا علی دین خلیل باشد.
ای دوست دلم ذکر محباں آنقدر گفتہ شد کہ
کفایت باشد مقصود ما بیشتر ازانست
گفتۂ ایشاں درمیان امت من ہمچنان باشد
کہ نمک درمیان طعام بے نمک خوش نباشد
نقل است حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند طالب خدائے را ہر دو حال خوبست
اگر زود بمیرد بہتر واگر چند روز حیات شود عمل
صالح کند بہتر باشد بزبان گجری فرمودند۔
دونو ہاتوں لاڈو موے جیوے مومن کے
نقل است بحضور حضرت میراں علیہ السلام
یکے طالب مرد در حق او میراںؑ ہیچ نہ فرمودند
معتاد حضرت میراںؑ چناں بود کہ کسے بمردی
مراتب او بیان فرمودندی برادراں عرض کردند

نے کہا ہاں یا رسول اللہؐ۔ اور تم صابر ہو اللہ کی بلا پر
کہا ہاں یا رسول اللہؐ اور تم شاکر ہو اللہ کی نعمتوں پر
کہا ہاں یا رسول اللہؐ۔ آنحضرتؐ نے فرمایا تم ہی سچے
مومن ہو اے دوست یہ وہ مقام ہے جس کو خلت
کہتے ہیں۔ اور وہ مقام عبودیت کا مقام نہیں ہے چہ
خلت کیا مقام ہے اس خلت کے مقام میں خواب خلیل اللہ
کے مذہب پر ہوتا ہے۔ اے میرے دلی دوست دوستوں
کا ذکر جسقدر کہ کہا گیا کافی ہے ہمارا مقصود اس سے
زیادہ ہے ان کی باتیں میری امت کے درمیان ایسی
ہونگی جیسا کہ نمک کھانے کے درمیان کھانا بغیر نمک کے
اچھا نہیں ہوتا **نقل** ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے
فرمایا کہ خدا کے طالب کے لئے دونو حال اچھے ہیں۔
اگر جلد مر گیا تو بہتر ہے اور اگر چند روز زندہ رہا اور
ترک حیات دنیا کیا تو بھی بہتر ہے گجری زبان میں فرمایا کہ
مومن جئے یا مرے اس کے دونو ہاتھ میں لڈو ہے۔
سید ابراہیمؓ نے نعرہ مارا رسولؐ نعرہ کی آواز سنکر واپس آئے اور فرمایا کہ تیرا باپ محمد رسول اللہؐ ہے صحابہؓ نے بہت زاری کی اور اس وقت کہا کہ اے رسول خدا ہمارا حال کیا ہوگا جبکہ خوندکار کے سات سالہ معصوم فرزند کا یہ حال ہوا اس وقت یہ آیت نازل ہوئی خدائے تعالیٰ فرماتا ہے ثابت رکھتا ہے اللہ ایمان والوں کو پکی بات سے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اور گمراہ کرتا ہے اللہ ظالموں کو اور کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے۔

نقل ہے عبد اللہ ابن سلام سے کہ تمام ارواح کو قبض کرنے کے بعد ملک الموت کو بھی فرمان خدا ہوگا کہ تو بھی اپنی جان تن سے باہر کر اور حق کے حوالہ کر پس عزرائیل سخت چٹان پر آئیں گے اور عرش کے نیچے اپنا بایاں ہاتھ لانبا کریں گے اور اپنے قوی ناخنوں کو جسم کے اندر پہنچائیں گے اور اپنی روح کو باہر کرنے کے لئے حملہ کریں گے جان کندنی کی تلخی سے چیخ ماریں گے اور نعرہ ماریں گے۔ اگر تمام مخلوق اس وقت زندہ رہتی تو اس نعرہ کی ہیبت سے سب مخلوق فوراً ہلاک ہوجاتی۔ پس عزرائیلؑ کہیں گے اے باری تعالیٰ اگر یہ بندہ جانتا کہ جان کندنی کی تلخی ایسی مشکل ہے

بندہ این عہدہ قبول نہ کردی باز ندا آید کہ
اے عزرائیلؑ جان بدہ پس بہ ہیبت ندائے
باری تعالیٰ جان بدشواری بدہند **نقل است**
وقت رحلت حضرت ابابکرؓ نزدیک آمد خواب
دید رسول علیہ السلام در آسمان دنیا آمدند درمیان
فرشتگان بی بی عائشہؓ را طلبیدہ فرمودند پدر
ترا سفر قیامت آمدہ است پس وصیت کرد
کہ این گلیم ما را کفن کنید نظر رسولؐ برین گلیم افتادہ
است وقتے کہ تائب شدیم این گلیم پوشیدیم
زاری کردیم این دو چپتیل ما را تعین کردہ بود
ما امانت داشتیم ہر وقتیکہ عمر رضی اللہ عنہ بعد
ازین بخلافت بہ نشینند آن وقت بدہید در
حق فقیران داخل بکنید وقتے کہ حرارت
بسیار شد انگبین در خانہ ابابکرؓ بود آن وقت
گفت چہ روی نمایم رسول خداؐ را کہ در خانہ
رسول علیہ السلام انگبین نبود و در خانہ من
است وصال شد نزدیک گنبد رسولؐ بردند
باب گنبد کشادہ شد نزد رسولؐ قبر کردہ
اندرون علیؓ شدند چہ بینند کہ دست رسولؐ

تو بندہ اس عہدہ کو قبول نہ کرتا پھر ندا آئیگی کہ اے
عزرائیلؑ جان دے پس باری تعالیٰ کی ندا کی ہیبت
سے جان مشکل سے دیں گے **نقل** ہے حضرت ابابکرؓ
کی رحلت کا وقت قریب آیا تو خواب میں دیکھا کہ رسولؐ
آسمان دنیا میں فرشتوں کے درمیان آئے اور بی بی
عائیشہؓ کو طلب کر کے فرمایا کہ تیرے باپ کے لئے
قیامت کا سفر آیا ہے پس ابابکرؓ نے وصیت شروع
کی کہ اس کمل میں ہمارا کفن بناؤ کیونکہ اس کمل پر
رسولؐ کی نظر پڑی ہے جس وقت کہ ہم نے توبہ کی یہ کمل
پہنی اور زاری کی یہ دو چپتیل ہمارے لئے تعین (مقرر)
کئے تھے ہم نے امانت رکھے ہیں جس وقت کہ عمرؓ ہمارے
بعد خلافت پر بیٹھیں اس وقت یہ چپتیل ان کو دو اور
کہو کہ یہ چپتیل فقیروں کے حق میں داخل کرو جس وقت
آپ کو حرارت زیادہ ہوئی آپ کے گھر میں شہد تھا۔
اس وقت آپ نے فرمایا کہ میں رسول خداؐ کو منہ کیا
دکھاؤں کیوں کہ رسول خدا علیہ السلام کے گھر میں
شہد نہ تھا اور میرے گھر میں شہد ہے آپ کا وصال
ہو گیا آپ کے جنازہ کو رسولؐ کی گنبد مبارک کے پاس
لے گئے گنبد کا دروازہ خود بخود کھل گیا۔ رسولؐ کے

بر روی ابابکرؓ داشتہ دعا میکردند یا بار
خدایا بصدقہ این سفید ریش امت مارا
بخش فرمان آمد اے محمد اگر عاصیان را این
زمان خواستی قبول کردے ابابکرؓ را نزد ما
اینچنین قدر است باز ندا شد ادعوا وصل
الحبیب الی الحبیب حضرت علیؓ
آں وقت فرمودند ما ابابکرؓ را نشناختیم
نقل است حضرت عمر رضی اللہ عنہ را
یک غلام زخم کرد وقت رحلت عمرؓ نزدیک
شد وصیت کردند مارا نزدیک گنبد ببرید
در کشادہ شود آنجا دفن بکنید وگرنہ بیروں
دفن کنید در کشادہ شد قبر کردہ دفن کردند
حضرت علیؓ درون قبر شدند آنجا دیدند پس
ہر طرف زمین دویدہ حملہ آور دید عمرؓ چہار
طرف ہم زمین را داشتند پسر عمر عبداللہؓ
دوازدہ سال در توجہ بود عمرؓ را ببینم دوازدہ
سال ندید بعدہ دید عمرؓ بحال شتاب میرفتند عبداللہؓ
ندا کرد یا ابا جواب نداد باز ندا کرد اے
عمر خطابؓ استادہ شوید چیزے می پرسم و گفت

نزدیک قبر بنائے اس میں علیؓ اترے کیا دیکھتے ہیں کہ
رسولؐ اپنا ہاتھ ابابکرؓ کے منہ پر رکھکر دعا کرتے ہیں کہ
یا اللہ اس سفید ریش کے صدقہ سے ہماری امت کو
بخشدے فرمان خدا آیا کہ اے محمدؐ اگر تو اس وقت
گنہگاروں کے لئے دعا کرتا تو میں قبول کرتا ہمارے
نزدیک ابابکرؓ کی ایسی قدر ہے پھر ندا آئی کہ واپس
ہو جاؤ حبیب واصل ہو گیا حبیب میں حضرت علیؓ
نے اس وقت فرمایا کہ ہم نے ابابکرؓ کو نہیں بھیجا تھا
نقل ہے ایک غلام نے حضرت عمرؓ کو زخمی کیا عمرؓ کی
رحلت کا وقت قریب پہنچا وصیت شروع کی کہ ہمکو
رسولؐ کی گنبد کے پاس لیجاؤ اگر گنبد کا دروازہ خود
بخود کھلگیا تو گنبد میں دفن کرو۔ وگرنہ باہر دفن کرو
گنبد کا دروازہ خودبخود کھل گیا گنبد میں قبر بنا کر دفن
کئے حضرت علیؓ قبر میں اترے اور وہاں دیکھا کہ ہر
طرف زمین دوڑ کر عمرؓ پر حملہ کی چاروں طرف سے زمین
کو چھوڑ کر آپ کو قبر میں رکھے۔ عمرؓ کے فرزند عبداللہؓ
بارہ سال عمرؓ کو دیکھنے کی طرف متوجہ تھے بارہ سال
تک نہ دیکھا اس کے بعد دیکھا کہ عمرؓ جلدی سے جارہے
ہیں عبداللہؓ نے پکارا کہ اے باپ تو عمرؓ نے جواب

از شما با خدا چوں افتاد گفت دوازدہ سال مقام عتاب داشتند ے ایں زمان بمقام حساب می برند برابر محمدؐ میروم شاید بصدقۂ محمدؐ آسان شود۔ با دوستی خدا پدر را کشتہ پسر را کشتہ بود ہر وقت بر خلافت نشستند بر زن محبت بود آں زن را طلاق دادند واسطۂ ایں زن چیزی خلاف شرع شد در شب چوں روز شدی درون شہر نگہبانی خلق کردندی وچوں شب شدی در گورستان رفتہ مشغول شدی ایں چنیں ذات را ایں چنیں حال شد دیگراں را چہ حال شود **نقل است** حضرت عثمانؓ خلافت میکردند بر نردبان منبر رسول علیہ السلام نشستہ بیان میکردند پیر شدہ بود خلق و تحفہ بسیار آمدے بر ولایت دوستان خود را فرستادہ بودند دیگر چیزے رسم آں تبدل بود ازاں سبب لشکر بر عثمانؓ آمد عثمانؓ اعتکاف نشستہ بودند علیؓ حسنؓ و حسینؓ را فرستادند عثمانؓ را

نہیں دیا پھر پکارا کہ عمرؓ خطاب کھڑے رہو میں کچھ پوچھتا ہوں اور پوچھا کہ تم پر خدا کیساتھ کیسی گذری کہا کہ بارہ سال عتاب کے مقام پر رکھے تھے اس وقت حساب کے مقام پر لیجارہے ہیں محمدؐ کے برابر جاتا ہوں شاید محمدؐ کے صدقہ سے مشکل آسان ہو۔ عمرؓ خدا کی دوستی میں باپ اور بیٹے کو قتل کئے تھے جب مسند خلافت پر بیٹھے عورت سے محبت تھی اس کو طلاق دی اس عورت کے واسطے سے رات میں ایک چیز خلاف شرع ہوگئی تھی۔ جب دن نکلتا تو شہر میں جاکر مخلوق کی نگہبانی کرتے اور جب رات ہوتی تو قبرستان میں جاکر خدا کی یاد میں مشغول ہوتے ایسی ذات پاک کا ایسا حال ہوا تو دوسروں کا کیا حال ہوگا۔ **نقل** ہے حضرت عثمانؓ خلافت کرتے تھے رسولؐ کے منبر کی سیڑھی پر بیٹھ کر بیان کرتے تھے ضعیف ہوگئے تھے مخلوق اور تحفے بہت آتے اپنے دوستوں کو عہدوں پر بٹھاتے تھے دوسری چیز یہ کہ اس حکومت کا طریقہ بدل گیا تھا اسی سبب سے عثمانؓ پر لشکر آیا عثمانؓ اعتکاف میں بیٹھے تھے

سلام بگوئید من اعتکاف نشستہ ام مرا
فرستادہ اند عثمانؓ گفت اینک رسول اللہ
آمدہ مرا فرمودند بیائید وقت ما تمام شد
علیؓ را سلام بگوئید شما بروید مرا آبی بفرستید
لشکر گرداگرد در مسجد آمدہ آب رفتن نداد
عثمانؓ قرآن تلاوت کردندی بریں محل آمد
فسیکفیکھم اللہ (جزء ۱ رکوع ۱۶) یک حبشی
غلام آمد سر عثمانؓ علیحدہ کرد بر مصحف خون
افتادہ بعدہ وصال شد نقل است
حضرت علی رضی اللہ عنہ وقت صبح در
مسجد آمدہ مردماں را فرمودند برخیزید
وقت نماز شدہ است خود در محراب
بودند عبدالرحمن آمدہ حضرت علیؓ را
زخم کرد علیؓ را در حجرہ بردند ام سلمہؓ
را طلبیدہ وصیت کرد مرا در خاک بنہید
حسنؓ و حسینؓ را گفت شما را حوالہ خدا کردم
بسیار زاری کردند ام سلمہؓ فرمود یا علیؓ
چندیں اطاعت کردی توبہ میکنی علیؓ فرمود
کشتی حیات در دریائے موت افتادہ است

علیؓ نے حسنؓ اور حسینؓ کو بھیجا کہ عثمانؓ کو سلام کہو
اور کہو کہ میں اعتکاف بیٹھا ہوں مجھکو بھیجے ہیں
عثمانؓ نے کہا کہ یہ لو رسول اللہ ؐ نے آکر مجھکو فرمایا
کہ آؤ ہیں ہمارا وقت پورا ہوچکا ہے لہذا تم
جاؤ۔ علیؓ کو سلام کہو اور میرے لئے پانی بھیجو
لشکر محاصرہ کرکے مسجد میں آکر پانی لیجانے
نہیں دیا عثمانؓ قرآن کی تلاوت کرتے ہوے
اس محل پر پہنچے۔ تو عنقریب تمہارا انتقام
لے لیگا ان سے اللہ۔ ایک حبشی غلام آیا عثمانؓ
کا سر علیحدہ کیا۔ قرآن شریف پر خون گرا اسکے
بعد وصال ہوا نقل ہے حضرت علیؓ نے صبح کے
وقت مسجد میں آکر لوگوں سے فرمایا کہ اٹھو نماز
کا وقت ہوگیا۔ خود محراب میں تھے۔ عبدالرحمن
آکر حضرت علیؓ کو زخمی کیا۔ علیؓ کو حجرہ میں لیگئے
ام سلمہؓ کو بلا کر وصیت کی کہ مجھکو خاک میں مت
رکھو۔ حسنؓ اور حسینؓ سے کہا کہ میں نے تم کو خدا
کے حوالے کیا۔ اور بہت زاری کی ام سلمہؓ
نے فرمایا اے علیؓ تو نے اتنی طاعت کی اور پھر
توبہ کرتا ہے۔ علیؓ نے فرمایا حیات کی کشتی موت

بادبان نصیب بریدہ شدہ باد بے نیازی می وزد کشتی حیات دراں جنبد شدہ ہزار ملائک برائے نظارگی آمدند در حق علیؓ چہ فرمان شود کجا برند ایں وقت مارا رسیدہ است اطاعت ما آمدہ چناں شد چوں موئے، موت آویخت و باد بے نیازی جان را پرانیدہ معلوم نیست کہ کجا برد ایں چنیں فرمودند بعدہ وصال شد

نقل است. خواجہ حسن بصریؒ را ملک الموت آمدہ چناں شکنجہ کرد حسنؒ روئے خود بر زمین مالید کراماً کاتبین ایں ہر دو گواہی دادند اے ملک الموت سی سال شدہ است بدی ایں مرد ہیچ نہ نوشتیم تو برو چندیں سختی میکنی فرمان خدا ملک الموت را شد دو گواہ گواہی می دہند برو عذاب مکن بعدہ ملک الموت رہا کرد اورا بعدہ وصال شد بحضور حضرت رب العالمین بردند فرمان شد ای پیر

کے دریا میں پڑ گئی ہے نصیب کا بادبان منقطع ہو گیا ہے بے نیازی کی ہوا چل رہی ہے۔ حیات کی کشتی ہوا میں حرکت کر رہی ہے اٹھارہ ہزار فرشتے دیکھنے کے لئے آئے ہیں کہ علیؓ کے حق میں کیا فرمان خدا ہوتا ہے اور کہاں لیجاتے ہیں (معلوم نہیں) یہ وقت ہمارے لئے پہنچا ہے ہماری اطاعت آکر ایسی معلوم ہو رہی ہے جیسا کہ بال۔ موت گلے کا ہار ہو گئی ہے اور بے نیازی کی ہوا جان کو اڑا رہی ہے معلوم نہیں کہاں لیجاتی ہے، ایسا فرمایا اس کے بعد وصال ہوا۔

نقل ہے خواجہ حسن بصریؒ کے پاس ملک الموت نے آکر ایسی تکلیف دی کہ حسن اپنا منہ زمین پر ملتے کراماً کاتبین ان دونوں نے گواہی دی کہ اے ملک الموت تیس سال گذرے ہم نے اس مرد کی کوئی بدی نہیں لکھی اور تو اس پر ایسی سختی کرتا ہے۔ ملک الموت کو خدا کا فرمان ہوا کہ دو گواہ گواہی دیتے ہیں اس پر عذاب مت کر اس کے بعد ملک الموت نے اس کو چھوڑ دیا اس کے بعد حسنؓ کا وصال

دراں شب دو رکعت نماز کردی آں
قبول کردم اگر آں دو رکعت نماز نبودی
میدانستی کہ ایں وقت چہ کردمی یعنی
در دوزخ فرستادمی ایں زمان نجات
دادم ترا برو در بہشت **نقل است**
خواجہ جنیدؒ را وقت وصال آمد
بسیار زاری کردند یاراں عرض کردند
خوندکار چند طاعت کردند چرا
زاری می کنند فرمودند طاعت ما ایں
وقت چناں شد چوں موے آویختہ
بر و باد سخت میگذرد معلوم نبود کہ
کجا برد ایں طاعت چنیں شدہ است
بعدہ وصال شد در گور منکر و نکیر
آمدند و پرسیدند من ربک
جنیدؒ فرمودند خداے را بپرسید
اگر او قبول کند گفتہ من حق و گرنہ
گفتہ من چہ اعتبار است فرمان شد
بندہ من حق می گوید شما بیائید منکر
و نکیر رفتند۔ **نقل است** یک

ہوا۔ حضرت رب العالمین کے حضور میں لیگئے
فرمان خدا ہوا کہ اے بوڑھے تونے اس رات
میں دو رکعت نماز ادا کی ہیں نے اس کو قبول کیا
اگر وہ دو رکعت نماز قبول نہوتے تو تو جانتا
ہے کہ میں اس وقت کیا کرتا یعنے میں دوزخ
میں بھیجتا اس وقت میں نے تجھکو نجات دی
بہشت میں جا۔ **نقل** ہے خواجہ جنیدؒ کے وصال
کا وقت آیا تو آپ نے بہت زاری کی۔ یاروں
نے عرض کیا کہ خوندکار نے اس قدر طاعت کی
پھر کس لئے زاری کرتے ہیں۔ فرمایا کہ ہماری
اطاعت اس وقت ایسی ہو گئی جیسے کہ ایک
بال لٹکا ہوا ہے اس پر سخت ہوا چل رہی ہے
معلوم نہیں کہ بال کو کہاں لیجائے۔ یہ اطاعت
ایسی ہو گئی ہے اس کے بعد وصال ہوا قبر میں
منکر اور نکیر آئے اور پوچھا کہ تیرا رب کون ہے
جنیدؒ نے فرمایا کہ خدا سے پوچھو اگر وہ قبول کرتا
ہے تو میرا کہنا حق ہے وگرنہ میرے کہنے کا
کیا اعتبار ہے فرمان خدا ہوا کہ میرا بندہ حق
کہتا ہے تم آجاؤ منکر اور نکیر چلے گئے۔ **نقل ہے**

اولیاءؒ را وصال شد منکر ونکیر آمدند
پرسیدند من ربک جواب سخن
گفت باصاحب شما بگویم باشما سخن
گفتن محال است بحرمت خود باز گردید
وگرنہ بے حرمت شوید فرمان خدائے
آمد شما بیائید از نزد او منکر ونکیر
رفتند **نقل است** بی بی رابعہؒ خدای
را عرض کردند چیزے عمل ما بدرگاہ تو قبول
شد یا نہ فرمان آمد یک عمل تو بدرگاہ ما قبول
شدہ است سگ ما تشنہ بود اورا آب
نوشانیدی آں عمل قبول کردم بی بی رابعہؒ
را وصال شد در گور منکر ونکیر آمدند
پرسیدند من ربک بی بیؒ جواب دادند یک
ونیم گز در زمین آمدم خدا از من فراموش شد
کہ شما می پرسید باز ایشاں رفتند
نقل است یکی اولیاءؒ را وصال شد
بحضور رب العالمین بردند اورا فرمان
شد در دنیا چہ کردی او گفت چہار صد
سال عبادت کردم فرمان شد این را بالای

ایک اولیاء اللہؒ کا وصال ہوا۔ منکر ونکیر آئے
اور پوچھا کہ تیرا رب کون ہے جواب دیا کہ میں
تمہارے صاحب سے کہتا ہوں تم سے بات
کہنا محال ہے (اپنی) عزت سے چلے جاؤ ورنہ
بے عزت ہوگے۔ فرمان خدا آیا کہ تم اس کے
نزدیک سے آؤ تو منکر نکیر چلے گئے۔ **نقل ہے**
بی بی رابعہؒ نے خدا تعالی سے عرض کیں کہ ہمارا
کچھ عمل تیری درگاہ میں قبول ہوا ہے یا نہیں۔
فرمان خدا آیا کہ ہماری درگاہ میں تیرا ایک عمل
قبول ہوا ہے۔ ہمارا کتا پیاسا تھا تو اس کو پانی
پلائی وہ عمل میں نے قبول کیا بی بیؒ کا وصال ہوا
قبر میں منکر نکیر آئے پوچھا کہ تیرا رب کون ہے
بی بیؒ نے جواب دیا کہ میں ڈیڑھ گز زمین میں آئی
تو کیا خدا مجھ سے فراموش ہوگیا۔ (کیا میں خدا
کو بھول گئی) جو تم مجھ سے پوچھتے ہو پھر منکر نکیر
واپس چلے گئے **نقل ہے** ایک اولیاء اللہ کا
وصال ہوا۔ رب العالمین کے حضور میں لیگئے
اس کو فرمان ہوا کہ تو نے دنیا میں کیا کیا اس نے
کہا میں نے دنیا میں چار سو سال تیری عبادت کی

دوزخ راہ چہار صد سال مقام سازند مقام آنجا دیدہ چناں حیران شد فریاد کرد یا رب العالمین من بسیار ہلاک شدم فرمان آمد تو چہار صد سال عبادت کردی بر عبادت تکیہ کردی ازاں سبب چہار صد سال راہ دوزخ دور داشتیم او گفت از فضل تو مرا نجات دہ فرمان شد اکنوں فضل ما یاد کردی ترا نجات دادیم در بہشت رسانیم **نقل است** یکی اولیاءؒ را وصال شد بحضور حضرت رب العالمین بردند فرمان شد در دنیا چہ کردی او گفت چہار صد سال عبادت کردم دراں زماں تشنگی غلبہ کرد حیراں شد یک فرشتہ آب گرفتہ گذر کرد او گفت مرا آب بدہ فرشتہ گفت تو چہ می دہی او گفت عبادت دو صد سال می دہم فرشتہ یک قدح آب نوشانید تشنگی غلبہ زیادت کرد او گفت دیگر یک قدح آب بدہ باز گفت

فرمان ہوا کہ اس کے لئے دوزخ پر چار سو سال کے فاصلہ سے مقام بناؤ۔ وہاں کے مقام کو دیکھکر ایسا حیران ہوا اور فریاد کی کہ اے رب العالمین میں بہت ہلاک ہوگیا۔ فرمان آیا کہ تو چار سو سال عبادت کیا عبادت پر بھروسہ کیا اس لئے ہم نے دوزخ کا راستہ چار سو سال کے فاصلہ کی دوری پر رکھا ہے اس نے کہا تو اپنے فضل سے مجھکو نجات دے۔ فرمان ہوا کہ اب تو نے ہمارے فضل کو یاد کیا ہم نے تجھکو نجات دی اور بہشت میں بھیجے۔ **نقل ہے** ایک اولیاء اللہؒ کا وصال ہوا حضرت رب العالمین کے حضور میں لے گئے۔ فرمان ہوا کہ تو نے دنیا میں کیا کیا۔ اس نے کہا میں نے چار سو سال عبادت کی اس وقت پیاس بہت ہونے لگی تو پریشان ہوا۔ ایک فرشتہ پانی لیکر اس کے سامنے سے گذرا تو اس نے کہا مجھکو پانی دے۔ فرشتہ نے کہا۔ تو اس کے عوض کیا دیتا ہے اس نے کہا دو سو سال کی عبادت دیتا ہوں۔ فرشتہ نے ایک پیالہ پانی پلایا۔ پیاس اور بڑھ گئی اس نے

توچہ می وہی گفت باقی عبادت دوصد
سال می دہم دیگر یک قدح آب داد
نوشید فرشتگان دوزخ آمدند بسوی
دوزخ کشیدند فریاد کرد یا بارخدایا
مرا برہاں فرمان شد عبادت چہار
صد سال بد و قدح آب فروختی اکنوں
چہ می خواہی از فضل تو نجات مارا بدہ
فرمان شد فرشتگاں را کہ ایں را بگذارید
فضل ما یاد کرد او را نجات دادیم از دوزخ
بخشدیم او را بہشت۔ **نقل است**
حضرت رسول علیہ السلام فرمودند یکروز
جبرئیلؑ نزد من آمد جامہ خاک آلودہ
بود پرسیدم جامۂ شمارا خاک چیست
جبرئیلؑ گفت امروز یکے عابد نقل شد
در بیابان ما چہار فرشتگاں را فرمان شد
کہ او را دفن کنید ما دفن کردیم از اں
سبب جامۂ ما خاک آلودہ شد رسول
علیہ السلام پرسیدند او را با خدا
چوں افتاد جبرئیلؑ گفت آں جا خوب

کہا اور ایک پیالہ پانی کا دے۔ پھر فرشتہ نے
کہا تو کیا دیتا ہے کہا کہ بقیہ دوسو سال کی عبادت
دیتا ہوں۔ دوسرا پیالہ پانی کا دیا۔ اس نے
پی لیا۔ دوزخ کے فرشتے آئے دوزخ کی
طرف اس کو کھینچے۔ تو اس نے فریاد کی کہ یا اللہ
مجھکو چھڑا۔ فرمان ہوا کہ تو نے چار سو سال کی
عبادت کو پانی کے دو پیالوں کے عوض بیچدیا
اب کیا چاہتا ہے۔ کہا تو اپنے فضل سے ہمکو
نجات دے۔ فرشتوں کو خدا تعالیٰ کا فرمان ہوا
کہ اس کو چھوڑ دو ہمارے فضل کو یاد کیا ہم نے
اس کو دوزخ سے نجات دی اور اس کو بہشت عطا
کی۔ **نقل** ہے حضرت رسول علیہ السلام نے
فرمایا کہ ایک روز جبرئیلؑ میرے نزدیک آئے
ان کے کپڑوں کو مٹی لگی ہوئی تھی میں نے پوچھا
کہ تمہارے کپڑوں کو مٹی کیسی جبرئیلؑ نے کہا کہ
آج جنگل میں ایک عابد کا انتقال ہوا ہم چار
فرشتوں کو فرمان خدا ہوا کہ اس کو دفن کرو تو ہم
نے دفن کیا اس لئے ہمارے کپڑوں کو مٹی لگ گئی
رسول علیہ السلام نے پوچھا کہ اس کو خدا کے ساتھ

نہ شد رسولؐ پرسیدند چہ سبب جبرئیلؑ
گفت اورا بحضور بردند فرمان شد
اورا کہ در دنیا چہ خوردی او گفت در دنیا
ہیچ نخوردم مگر ہر روز یک انار خوردم
وعبادت تو کردم فرمان شد فرشتگان
را عبادت کردہ است بہ یک پلہ عمل
آں را بنہید و در دیگر پلہ یک دانہ
انار مارا بنہید ہمچنیں کردند پلہ عبادت
بالا شد آں دانۂ انار کہ بود گراں شد
فرمان شد کہ ایں را در دوزخ بہ برید
فرشتگاں کشیدند فریاد کرد یا رب
العالمین بفضل خویش مارا نجات دہ
فرمان شد بگذارید فضل ما یاد کرد ما نجات
دادیم از دوزخ وبخشیدیم او را بہشت
نقل است رسول علیہ السلام فرمودند
یحییٰ ابن معاذ رضؓ را چناں گور افشارید
استخواں یکدیگر شدند یاراں پرسیدند
چہ سبب رسول علیہ السلام فرمودند یکروز
در نان ایشاں بول اشتر اندکی افتاد

کیسی رہی جبرئیلؑ نے کہا وہاں اچھی نہیں رہی
رسولؐ نے پوچھا اس کا سبب کیا ہے جبرئیلؑ نے
کہا اس کو حضور میں لے گئے۔ اس کو فرمان خدا ہوا
کہ تو نے دنیا میں کیا کھایا۔ اس نے کہا میں نے
دنیا میں کچھ نہیں کھایا۔ مگر ہر روز ایک انار کھایا
اور تیری عبادت کی فرشتوں کو فرمان ہوا کہ عبادت
کیا ہے ایک پلہ میں اس کے عمل کو رکھو اور دوسرے
پلہ میں ہمارے انار کے ایک دانہ کو رکھو فرشتوں
نے ایسا ہی کیا تو عبادت کا پلہ اوپر ہو گیا۔
انار کا ایک دانہ جو تھا بھاری ہو گیا۔ فرمان خدا
ہوا کہ اس عابد کو دوزخ میں لیجاؤ فرشتوں نے
اس کو کھینچا۔ اس نے فریاد کی اے رب العالمین
اپنے فضل سے ہمکو نجات دے فرمان ہوا کہ چھوڑ دو
ہمارے فضل کو یاد کیا ہے۔ ہم نے اس کو دوزخ
سے نجات دی اور اس کو بہشت عطا کی **نقل ہے**
رسولؐ نے فرمایا کہ یحییٰ ابن معاذ کو قبر اس طرح
دبائی کہ ہڈیاں ایک دوسری سے مل گئیں۔ صحابہؓ
نے پوچھا اس کا سبب کیا ہے رسول علیہ السلام
نے فرمایا کہ ایک روز ان کی روٹی میں اونٹ کا

ایشاں از بے دانستگی خوردہ بودند آں سبب
ایں چنیں شد دیگراں را چہ حال شود ـــ
نقل است حضرت رسول علیہ السلام
فرمودند یحییٰ ابن معاذؓ وقتی کہ نقل شدند
اهتز عرش الرحمن برائے سپارش
رسول علیہ السلام برانگشتاں رفتند چند
انبیاء و ملائکاں آمدند او را گور چناں فشارید
استخواں یکدیگر شدند یاراں پرسیدند چہ
سبب رسولؐ فرمودند یکروز برجامۂ ایشاں
بول اشتر اندکی افتادہ بود ایشاں را معلوم
نبود نماز گزاردند آں سبب است ـــ
نقل است بایزیدؒ را عروج شد فرمان شد
جای تو در بہشت کنم گفتم آں مقام مطیعان
است باز فرمان شد جای تو عرش سپارم
گفتم ایں مقام مقربان است باز فرمان شد
مرا میخواہی ساکت ماند باز فرمان شد من
ترا نخواہم تو چہ کنی گفت نعرہ زدم **نقل است**
نزد بایزید بسطامیؒ سگ آمد جامۂ خود کشیدند
چرا کہ سگ را جامہ رسیدہ پلید نشود سگ را

تھوڑا پیشاب پڑ گیا تھا۔ انھوں نے نامعلوم
روٹی کھائی تھی اسی لئے ایسا حال ہوا دوسروں
کا کیا حال ہوگا۔ **نقل** ہے حضرت رسول علیہ السلام
نے فرمایا کہ جس وقت یحییٰ ابن معاذ کی رحلت ہوئی
تو رحمن کا عرش ہل گیا رسولؐ مغفرت کے لئے
انگلیوں پر چلتے ہوئے گئے۔ چند انبیاء اور فرشتے
بھی آئے۔ اس کو قبر ایسی دبائی کہ ہڈیاں ایک
دوسری سے مل گئیں صحابہؓ نے پوچھا اس کا
سبب کیا ہے۔ رسولؐ نے فرمایا کہ ایک روز ان کے
کپڑوں پر اونٹ کا تھوڑا پیشاب پڑ گیا تھا۔
ان کو معلوم نہ تھا۔ نماز پڑھ لئے۔ یہی سبب ہے
نقل ہے بایزیدؒ کو خدا تعالیٰ کے حضور میں رسائی
ہوئی فرمان ہوا کہ میں تیری جگہ بہشت میں کرتا ہوں
میں نے کہا کہ وہ مقام اطاعت کرنے والوں کا ہے
پھر فرمان ہوا کہ تیری جگہ عرش پر کروں میں نے کہا
یہ مقام مقربوں کا ہے پھر فرمان ہوا کیا تو مجھکو
چاہتا ہے بایزیدؒ خاموش رہے پھر فرمان ہوا کہ
میں تجھکو نہیں چاہتا تو کیا کرے گا کہا کہ میں نعرہ ماروں گا
نقل ہے بایزید بسطامیؒ کے پاس کتا آیا تو

زبان آمد گفت ای بایزیدؒ شما از ما بہتر اند
گفتند در میان ما ایمان باشد ما بہتر ایم
وگرنہ تو بہتری **نقل است**. بایزید
بسطامیؒ بحال جذبہ چنیں گفتند سبحانی
ما اعظم شانی وقتے کہ جذبہ فرو
شد مریداں عرض کردند کہ چگونہ گفتی
بایزیدؒ فرمودند وقت دیگر بگویم مرا
قتل بکنید بعدہ حال جذبہ شد ہماں
طور گفتند مریداں شمشیر گرفتہ بر
بایزیدؒ زدند، ہیچ زخم نہ شد آں
وقت بایزید چنیں گفتند لیس
فی جبتی ما سوی اللہ بعدہ جذبہ فرو
شد مریداں گفتند اے پیر ما
چنداں مرتبہ شمشیر زدہ ایم شما
را، ہیچ زخم نہ شد بایزید فرمودند
آں وقت بایزیدؒ بودی کشتہ شدی
او خدا تعالیٰ بود۔ **نقل است** خواجہ
حسن بصریؒ گفت استاد من سی
سال مجاوری کعبۃ اللہ کرد سی سال

آپ نے اپنے کپڑے کھینچ لئے کیونکہ کپڑے کتے
کو لگ کر ناپاک نہ ہو جائیں۔ کتے کو زبان آئی کہا
اے بایزیدؒ کیا آپ ہم سے بہتر ہیں کہا کہ ہمارے
درمیان ایمان رہے تو ہم بہتر ہیں وگرنہ تو بہتر ہے
نقل ہے۔ بایزید بسطامیؒ نے جذبہ کی حالت
میں ایسا کہا کہ پاک ہوں میں کیا ہی بڑی ہے
میری شان جب جذبہ دور ہوا تو مریدوں نے
عرض کیا کہ کیوں تو نے اس طرح کہا بایزیدؒ
نے فرمایا کہ اگر میں دوسرے وقت وہی بات
کہوں تو مجھکو قتل کرو۔ اس کے بعد آپ کو جذبہ
ہوا پھر آپ نے اسی طرح کہا مریدوں نے شمشیر
لیکر بایزیدؒ کو مارا کچھ زخم نہ آیا۔ اس وقت
بایزیدؒ اس طرح کہتے تھے۔ میرے جبہ میں اللہ
کے سوا کچھ نہیں ہے۔ اس کے بعد جذبہ کم ہوا۔
مریدوں نے کہا اے ہمارے پیر ہم نے آپ پر
کئی بار شمشیر ماری آپ کو کچھ زخم نہ آیا۔ بایزیدؒ
نے فرمایا کہ اس وقت بایزیدؒ رہتا تو قتل ہو جاتا
بایزیدؒ تو اس وقت خدا تعالیٰ تھا (خدا کی ذات
میں فنا تھا) **نقل** ہے خواجہ حسن بصریؒ نے کہا

اہل مکہ را درس داد وقت مرگ من
نزدیک او بودم بسیار زاری کرد
پرسیدم چہ حال است او گفت چہ
کنم نمی پذیرد ہمچناں حال موت شد
خدا داند عاقبت چہ حال شود۔
نقل است بزرگوار فرمودند حیات
این دنیا دو روز بگذرد چہ نیک وچہ
بد بر سر فرزند آدم ہر چہ آید بگذرد
قال امیر الامرا اعلم القدر و
شریف الخصال سید الامم
لطیف الجمال والجلال وراء
الوراء محمد ن المہدی
الموعود کنت ولیا الخ ای اقرب
من نور ظہور الولایۃ اللہ مع
النبی رسول اللہ علیہ السلام
فی الازل **نقل است** یکے درویش در
مسجدی بہ دنبال امامی نماز عصر ادا کرد
بعد از نماز امام درویش را پرسید کہ
از کجا آمدید درویش گفت از فلاں جای

میرے استاد نے تیس سال کعبۃ اللہ کی مجاوری
کی اور تیس سال اہل مکہ کو سبق دیا اس کے مرنے
کے وقت میں اس کے نزدیک تھا اس نے بہت
زاری کی۔ میں نے پوچھا کیا حال ہے۔ اس نے
کہا کیا کروں قبول نہیں کرتا اسی حالت میں موت
واقع ہوئی خدا جانے انجام کیا ہو۔ **نقل** ہے
ایک بزرگوار نے فرمایا اس دنیا کی زندگی دو روزہ
ہے۔ گذر جاتی ہے کیا اچھی اور کیا بری فرزند
آدمؑ کے سر پر جو کچھ آوے گذر جائے سرداروں کے
سردار قدم کے سب سے بڑے عالم شریف الخصال
امتوں کے پیشوا لطیف جمال اور جلال والے
بہترین مخلوق حضرت سید محمد مہدی موعودؑ نے
فرمایا کہ میں ولی تھا اس حال میں کہ آدم پانی اور
مٹی کے درمیان تھے یعنی مہدیؑ نبیؐ کے ساتھ
ازل میں اللہ کی ولایت کے ظہور کے نور سے
بہت قریب تھے۔ **نقل** ہے ایک فقیر نے ایک
مسجد میں ایک امام کے پیچھے عصر کی نماز ادا کی۔
نماز کے بعد امام نے فقیر سے پوچھا کہ کہاں سے
آئے۔ فقیر نے کہا فلاں جگہ سے آیا۔ امام نے

آمدم امام گفت قوت از کجا می شود
درویش گفت از خانہ خدا امام گفت سببی
می باید درویش نماز فی الحال بازگردانید
امام گفت بعد از عصر چہ ادا کردی درویش
گفت نماز عصر امام گفت رسول علیہ
السّلام فرمودند صلوا خلف کل بر و فاجر
درویش گفت آرے تحقیق ولیکن بدنبال
مشرک نماز گذاردن روا نباشد ازیں سبب
نماز باز گردانیدم و ترا بر خدا تعالیٰ
یقین نیست قولہ تعالیٰ وما من
دابۃ فی الارض الا علی اللّٰہ رزقھا۔
نقل است مہتر داؤد علیہ السلام از خانہ
بحجرہ رفتندی میان راہ ملک الموت
آمد داؤد علیہ السّلام گفت در حجرہ بردم
گفت رضای نیست آنجا قبض کرد مہتر
سلیمان علیہ السّلام استادہ بودند ملک
الموت آمد سلیمان علیہ السّلام گفتند ساعتی بہ نشینم
گفت رضا نیست جان مہتر سلیمان علیہ السّلام
را در استادہ قبض کرد مہتر موسیٰ علیہ السّلام

کہا غذا کہاں سے پاتے ہو فقیر نے کہا کہ خدا کے
گھر سے پاتا ہوں امام نے کہا کہ غذا کے ملنے کا سبب
چاہیئے۔ فقیر نے اسی وقت عصر کی نماز لوٹا کر پڑھی
امام نے کہا عصر کی نماز کے بعد تو نے کیا ادا کیا
فقیر نے کہا عصر کی نماز۔ امام نے کہا رسول علیہ
السّلام نے فرمایا ہے کہ تم نماز پڑھو ہر نیک و بد
کے پیچھے۔ فقیر نے کہا ہاں صحیح ہے ولیکن مشرک
کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں اس لئے میں نے
نماز لوٹا لی اور تجھکو خدا تعالیٰ پر یقین نہیں چنانچہ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔ اور نہیں ہے کوئی جاندار
زمین میں مگر اللہ پر ہے رزق اس کا۔ **نقل** ہے
مہتر داؤدؑ گھر سے حجرے میں جا رہے تھے راستہ
میں ملک الموت آئے۔ داؤد علیہ السّلام نے کہا
حجرے میں جاتا ہوں۔ ملک الموت نے کہا اجازت
نہیں راستہ میں روح قبض کی۔ مہتر سلیمان علیہ
السّلام کھڑے ہوئے تھے ملک الموت آئے سلیمانؑ
نے کہا ایک گھنٹہ میں بیٹھوں۔ ملک الموت نے کہا
اجازت نہیں۔ سلیمان کھڑے ہوئے تھے اسی حالت
میں روح قبض کی مہتر موسیٰؑ جنگل میں گئے تھے۔

بصحرا رفتند یکی گفت من احد یجد
قبر مستعد می کنم برابر شود یا نہ موسیٰ علیہ السلام
در قبر شدند باز قصد بیرون آمدن کردند
ملک الموت آمدہ گفت رضا نیست رفتن
جان قبض کرد. مہتر یوسف علیہ السلام بیرون رفتہ
بودند ملک الموت آمد گفتند اندرون روم
گفت رضا نیست. ہمانجا جان قبض کرد
نقل است مہتر عیسیٰ علیہ السلام در
صحرا رفتہ بودند ملک الموت نزد بی بی مریمؑ
آمد بی بیؑ گفتند عیسیٰؑ را ملاقات کنم گفت
رضا نیست جان قبض کرد عیسیٰؑ آمدہ دیدند
مادر را در سجدہ افتادہ شدند وقت تہجد
جبرئیلؑ آمدہ گفت مریمؑ را وصال شد عیسیٰؑ
بیرون آمدند مردماں را گفتند برائے دفن
کردن بیائید، ہیچ کس نیامد فرشتگاں عرض
کردند الٰہی مریمؑ را چنیں حال شد فرمان شد
بروید شما و حوراں حلہ ہائے بہشت پوشانید
مریمؑ را دفن کنید ہماں طور دفن کردند عیسیٰؑ
در خواب مریمؑ را دیدند و گفتند موت چوں

ایک نے کہا میں جس کو روکتا ہوں وہ روکا جاتا ہے
قبر تیار کرتا ہوں برابر ہو یا نہ موسیٰؑ قبر میں اترے
پھر باہر آنے کا ارادہ کیا. ملک الموت نے آکر
کہا کہ جانے کی اجازت نہیں ۔ روح قبض کی ۔
مہتر یوسف علیہ السلام باہر گئے تھے ملک الموت
آئے. یوسفؑ نے کہا اندر جاتا ہوں ملک الموت
نے کہا اجازت نہیں ۔ اسی جگہ روح قبض کی.
نقل ہے مہتر عیسیٰ علیہ السلام جنگل میں گئے تھے
ملک الموت بی بی مریمؑ کے پاس آئے بی بیؑ نے کہا
عیسیٰؑ سے ملاقات کرتی ہوں ملک الموت نے کہا
اجازت نہیں ۔ روح قبض کی. عیسیٰؑ نے آکر ماں
کو تہجد کے وقت سجدہ میں پڑی ہوئی دیکھا جبرئیلؑ
نے آکر کہا کہ مریمؑ کا وصال ہو گیا ہے عیسیٰؑ باہر
آئے اور لوگوں سے کہا کہ دفن کرنے کے لئے آؤ
کوئی شخص نہیں آیا فرشتوں نے عرض کیا کہ یا اللہ
مریمؑ کا ایسا حال ہے ۔ فرمان خدا ہوا کہ تم اور حوریں
ملکر جاؤ بہشت کا لباس پہنا کر مریمؑ کو دفن کرو اسی
طرح دفن کئے. عیسیٰؑ نے خواب میں مریمؑ کو دیکھا
اور کہا کہ موت کیسے چکھی ۔ مریمؑ نے ایک پیالہ کا

چشیدی مریمؑ بیان بیک پیالہ کرد عیسیٰؑ شنید
ندا شدہ است سہ پیالہ ہمچنان بچشیم
نقل است بر حضرت عیسیٰؑ ہفت روز باران
بارید عیسیٰؑ را بسیار تشویش شد خدائے را عرض
کردند ہمہ جنبید ہا را خانہ ہا است مرا خانہ
نیست فرمان شد خانہ راست کنید در جوی
عیسیٰؑ ہفت روز در جوی گیاہ وسنگ وگل اندوخت
آب سیلاب آمدہ ہمہ رفت گفتند خدایا برما
سخر کنی فرمان شد تو بر ما سخر کنی معلوم است
ترا دنیا فنا است ہمچوں آب رواں تو
آرزوی خانہ کردی عیسیٰؑ توبہ کرد ——
نقل است یکی اولیاؒ در شہر بودند بر
شہر باراں افتادہ ہمہ دیوار ہا افتادند۔
مردمان آں شہر پیش اولیاؒ آمدہ عرض
کردند کہ شما نزد حقتعالیٰ دعا طلبید کہ
دیوار ہا نہ افگند آں اولیاؒ دیوار خانہ
خود می افگند کسے پرسید ایں چہ است
گفتند خدا تعالیٰ ایں دیوار ہا افگندن خواست
افگنانید و ما خواہش خدا تعالیٰ بجا می آریم **نقل است**

بیان کیا۔ عیسیٰؑ نے سنا ندا ہوئی ہے کہ تین پیالے
اسی طرح ہم نے چکھا۔ **نقل** ہے حضرت عیسیٰؑ پر سات
روز بارش ہوئی۔ عیسیٰؑ کو بہت فکر ہوئی اور خدا
تعالیٰ سے عرض کیا کہ تمام جانداروں کے لئے گھر
ہیں میرے لئے گھر نہیں فرمان خدا ہوا کہ ندی میں
گھر تیار کرو۔ عیسیٰؑ نے سات روز تک گھاس پتھر
اور مٹی ندی میں جمع کئے پانی کا سیلاب آیا سب
چیزیں چلی گئیں۔ عیسیٰؑ نے کہا یا اللہ تو ہم سے مسخری
کرتا ہے۔ فرمان خدا ہوا کہ [illegible] سے مسخری کرتا ہے
تجھکو معلوم ہے کہ بہتے پانی کی طرح دنیا فنا ہونے
والی ہے اور تو گھر کی آرزو کرتا ہے۔ عیسیٰؑ نے
توبہ کی۔ **نقل** ہے ایک اولیاؒ شہر میں تھے شہر
پر بکثرت بارش ہوئی تمام دیواریں گر پڑیں اس
شہر کے لوگوں نے اولیاؒ کے پاس جاکر عرض کیا کہ
آپ خدا تعالیٰ سے دعا کرو کہ دیواریں نہ گریں۔
اس اولیاؒ نے اپنے گھر کی دیوار گرادی کسی نے پوچھا کہ
یہ کیا ہے۔ کہا کہ خدا تعالیٰ ان دیواروں کو گرانا چاہتا
گروایا اور ہم خدا تعالیٰ کی خواہش کو پوری کرتے ہیں۔
نقل ہے کہ ایک مرید کے دل میں نفس کا خطرہ غلبہ

مریدے راخطرۂ نفس غلبہ کرد کہ برو برابر غازیاں غزا کن شہادت یابی ایں گفت من بر توکل ام خرچہ ندارم نفس گفت بر خود حرام کن دادن کسے باز ایں گفت مارا خطرہ گذرد دیدن کسی ما خدا یرا یاد کنیم در خلوت ایں جلوت شود نفس گفت پس ایشاں یا پیش رو و یاد خدا بکن ہر دو کار شود ایں فکر کرد خطرہ بسیار غلبہ کرد معلوم نمیشود کہ رحمانی یا شیطانی مرشد را عرض کرد مرشد فرمودند ایں حیلہ نفس است تو خود را حبس کردی در راہ خدا و در صحبت من او ترا دغا میدہد نفس کہ دید در تو طلب دنیا نیست کار دین نمودہ دغا می دہد ہر دم ترا مرتبۂ شہادت است ایں زیاں کند ترا بسخوردہ داد و فرمود برو یاد خدا یرا بکن ثابت قدم باش در صحبت من تا موت۔ **نقل است** یکی اولیاءؒ را وصال قریب آمد سہ روز بیہوش گشتہ جان نزع شد مریدان آں میان خویش گفتند کہ ایشاں

کیا کہ جا غازیوں کے برابر جنگ کر تو شہادت پائیگا۔ اس نے کہا میں متوکل ہوں خرچہ نہیں رکھتا ہوں نفس نے کہا تو کسی کو کچھ دینے کو خود پر حرام کرے پھر اس نے کہا ہم گوشہ میں خدا کی یاد کرتے ہیں کسی کو دیکھنے سے ہمکو خطرہ آئیگا یہ جلوت ہو جائیگی نفس نے کہا تو ان کے پیچھے یا سامنے جا اور خدا کا ذکر کر تو دونو کام ہوں گے۔ اس نے فکر کیا خطرہ بہت غلبہ کیا (تو اس نے خیال کیا کہ) معلوم نہیں ہوتا کہ یہ خطرہ رحمانی ہے یا شیطانی لہٰذا مرشد سے عرض کیا مرشد نے فرمایا یہ نفس کا فریب ہے تو خود کو خدا کی راہ میں اور میری صحبت میں قید کر دیا ہے نفس تجھکو دغا دیتا ہے۔ نفس جو دیکھا کہ تجھ میں دنیا کی طلب نہیں ہے تو (دنیا کے کاموں کو) دین کے کام دکھاکر دھوکہ دیتا ہے (فقر و فاقہ میں) ہر دم تجھکو شہادت کا مرتبہ ملتا ہے یہ تیرا نقصان کرتا ہے پس مرشد نے مرید کو پسخوردہ دیا اور فرمایا کہ جا خدا کا ذکر کر اور میری صحبت میں مرنے تک ثابت قدم رہ **نقل** ہے ایک اولیاءؒ کے وصال کا وقت قریب آیا تین روز بے ہوش رہ کر جان کندنی کی نوبت

چنیں کامل بودند حال ایشاں چنیں شد
ہمراں اولیاءؒ دیگر آمدہ گفت السلام
علیکم اولیاءؒ سابق گفت علیکم السلام بعدہٗ
ارواح قبض شد مریداں گفتند اولیاءؒ
دیگر را ایں سبب درنگ ملاقات شما بود
آں اولیاءؒ فرمودند نیکو نبود کہ ایشاں در
بینائی خدا بودند ملک الموت قریب آمدن
نتوانستن وفرصت ملاقات ماشد پس
عزرائیلؑ قریب شدہ ارواح ایشاں
قبض کرد **نقل** است یک درویش یکسال
روزہ داشتے بادشاہ آمدی در حجرہ دست
خود واز کردہ درویش را بدست خود
طعام می خورانیدی وآب نوشانیدی باز
در حجرہ داشتے تا سال دیگر ہمچوں گرسنگی
وخلوت اختیار کردے نفس واسطہ آں
کہ بادشاہ نزد ما وہمہ خلق می آیند آنجا یک
بندۂ خدا کامل آمد بادشاہ ملاقات او کرد مدح
بسیار ایں درویش کرد آں بندۂ خدا گفت
چند روز است کشادن روزہ ما ہم ملاقات کنیم

پہنچی اس کے مریدوں نے آپس میں کہا کہ یہ ایسے کامل
تھے ان کا حال ایسا ہو گیا۔ اسی وقت ایک دوسرے
اولیاءؒ نے آکر کہا السّلام علیکم اولیاءؒ مذکور نے
علیکم السّلام کہا اس کے بعد روح قبض ہوئی۔ مریدوں
نے دوسرے اولیاءؒ سے کہا کہ یہ دیری کا سبب
تمہاری ملاقات تھی۔ اس اولیاءؒ نے کہا یہ بات اچھی
نہیں کیونکہ یہ اولیاءؒ خدا کی بینائی میں تھے ملک الموت
قریب نہیں آسکتے تھے ہماری ملاقات سے فرصت
ملی پس عزرائیلؑ قریب ہوئے اور ان کی روح قبض
کی **نقل** ہے ایک درویش ایکسال روزہ رکھتا
بادشاہ آتا اور حجرہ میں اپنا ہاتھ لانبا کر کے درویش
کو اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتا پانی پلاتا پھر درویش
کو حجرہ میں رکھتا دوسرے سال تک اسی طرح بھوک
اور خلوت اختیار کرتا۔ نفس اس واسطے کہ بادشاہ
اور تمام لوگ ہمارے پاس آتے ہیں۔ تکلیف برداشت
کرتا۔ وہاں ایک کامل بندۂ خدا آیا بادشاہ نے اس
سے ملاقات کی اور اس درویش کی بہت تعریف کی
اس بندۂ خدا نے کہا کہ اس کا روزہ کھولنے کے
کتنے روز باقی ہیں ہم بھی اس سے ملاقات کرتے ہیں

بادشاہ گفت اندک روز ماندہ است آں بندۂ
خدا ماند آں روز آمد بادشاہ مستعد شدہ آں
بندۂ خدا را خبر کرد آں بندۂ خدا آمد بادشاہ
را اندک تاخیر شد بادشاہ نرفت خادماں
آنرا خبر کردند - - - - - - - - -
- - - - - - - - - -
کہ بادشاہ نمی آید او شنید فی الحال جان داد
بعد آں بندۂ خدا بادشاہ را گفت بروید
بادشاہ آمد چوں دید مردہ است حیران ماند
ایں بندۂ خدا را پرسید ایں چہ حال است
ایں گفت نفس اورا طعام نرسید مرد **نقل است**
یکی اولیاء کہ حضرت رسول اللہ در شب معراج
زیر عرش آمد یکی جوان گلیم پوشیدہ خفتہ است
رسول علیہ السلام عرض کرد الٰہی ایں کدام
کس است فرمان آمد کہ ایں بندۂ ما است
در دنیا کودکاں از جہت لعب بسیار تشویش
کردہ اند ازاں سبب او زیر عرش آمدہ خفتہ است
نقل است حضرت رسول علیہ السلام را شب
معراج شد فرمان شد بروید بہشت را دوزخ

بادشاہ نے کہا تھوڑے دن رہ گئے ہیں۔ وہ بندۂ
خدا ٹھیر گیا اور وہ دن آگیا۔ بادشاہ نے تیار ہوکر
اس بندۂ خدا کو اطلاع دی۔ وہ بندۂ خدا آیا بادشاہ
کے جانے میں تھوڑی دیر ہوئی بادشاہ نہیں گیا۔
اس کے خادموں نے درویش کو اطلاع دی کہ
بادشاہ نہیں آتا ہے اس نے یہ خبر سنی اور مرگیا
اس کے بعد اس بندۂ خدا نے بادشاہ سے کہا کہ
جاؤ بادشاہ آیا جب دیکھا کہ درویش مرگیا ہے
تو پریشان ہوا اور اس بندۂ خدا سے پوچھا کہ
یہ کیا حال ہے اس نے کہا کہ اس کے نفس کو کھانا
نہیں پہنچا مرگیا۔ **نقل** ہے ایک اولیاء سے کہ
حضرت رسول اللہ معراج کی رات میں عرش کے
نیچے آئے دیکھا کہ ایک جوان کمبل اوڑھ کر سویا ہے
رسول علیہ السلام نے عرض کیا کہ یا اللہ یہ کون شخص
ہے فرمان آیا کہ یہ ہمارا بندہ ہے دنیا میں بچے کھیل
کود کی وجہ سے بہت پریشان کئے اس لئے وہ عرش
کے نیچے آکر سوگیا ہے۔ **نقل** ہے حضرت رسول
علیہ السلام کے لئے معراج کی رات آئی تو فرمان خدا
ہوا کہ جاؤ اور بہشت اور دوزخ کو دیکھو رسولؐ نے

را بہ بینید رسولؐ بہشت را دید و قریب دوزخ آمد آنجا یک غار است دراں غار یک خانہ است درِ آں بستہ دید جبرئیلؑ را پرسید ایں چہ سبب است جبرئیلؑ گفت مرا معلوم نیست خازنانِ دوزخ را پرسید ندا وشاں گفتند مارا ہم معلوم نیست در خاطر رسولؐ آمد کہ بینم فرمان شد رسول علیہ السلام را دست شما بر درِ آں بہ نہید کشادہ شود رسول علیہ السلام دست بہ نہاد در کشادہ شد رسول علیہ السلام اندروں رفتند مادر و پدر خود را دیدند کہ از درخت زقوم آویختہ ملائکاں بسیار عذاب میدہند رسول علیہ السلام را و شاں ہم دیدند بسیار زاری کردند ای فرزند ترا چنیں خدائے تعالیٰ برگزید ما وا عذاب بسیاری شود در حق ما دعا کن کہ ازیں عذاب خلاص شویم رسول علیہ السلام آبدیدہ شدند خواستند کہ در حق ایشاں دعا کنند فرمان آمد ترا مخیر گردانیدم یا شفاعت امت کن یا شفاعت مادر و پدر

بہشت کو دیکھا اور دوزخ کے قریب آئے وہاں ایک غار ہے اور اس غار میں ایک گھر ہے اور اس کا دروازہ بند دیکھا جبرئیلؑ سے پوچھا کہ اس کا سبب کیا ہے۔ جبرئیلؑ نے کہا مجھکو معلوم نہیں دوزخ کے نگہبانوں سے پوچھا انھوں نے کہا ہمکو بھی معلوم نہیں رسولؐ کے دل میں آیا کہ دیکھوں فرمان خدا ہوا کہ تم اپنا ہاتھ اس گھر کے دروازہ پر رکھو کھل جائے گا۔ رسولؐ نے ہاتھ رکھا دروازہ کھل گیا۔ رسول علیہ السلام اندر گئے اپنے ماں باپ کو دیکھا کہ سینڈ کے جھاڑ سے لٹکے ہوئے فرشتے بہت عذاب دے رہے ہیں۔ رسول علیہ السلام کو انھوں نے بھی دیکھا اور بہت زاری کی اور کہا اے فرزند خدا تعالیٰ نے تجھکو برگزیدہ کیا ہے ہم پر بہت عذاب ہوتا ہے ہمارے حق میں دعا کر تا کہ ہم اس عذاب سے نجات پائیں۔ رسولؐ نے آبدیدہ ہو کر ان کے حق میں دعا کرنا چاہا۔ فرمان خدا آیا کہ میں نے تجھکو اختیار دیا ہے یا تو امت کی شفاعت اختیار کر یا اپنے ماں باپ کی[۵]

[۵] حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلعم کے ہمراہ باہر نکلے آپ قبرستان میں تشریف لائے اور ایک قبر کے پاس بیٹھے ہیں اور لوگوں کی نسبت آپ سے بہت قریب تھا آپ روئے تو ہم بھی روئے آپ نے پوچھا کہ تم کیوں روئے ہم نے عرض کیا کہ آپ کے رونے کی جہت سے

رسول علیہ السلام ایں زمان شنیدند و گفتند کہ من شفاعت امت اختیار کردم باز گشتند مادر و پدر فریاد کردند و زاری بسیار کردند ہیچ نہ گفتند رسول علیہ السلام بیروں آمدند فرشتگان باز دربستند صاحبی باقی آنجا ہیچ کس را نیست مجال دم زدن چنانچہ فرزند محمد علیہ السلام در حق مادر و پدر ہیچ نہ گفتند ہوشیار شوید خدا برا خوشنود کنید **نقل** است یکی اولیاؒ قریب چاہ نشستہ بودند یک کس در چاہ رفتہ نقد زر خود یکجا داشتہ خود آب نوشیدہ بافراموشی آں نقد گذاشتہ رفت بعدہ یک کودک برای آب نوشیدن در چاہ رفت آں دید گرفتہ بخانہ خود رفت بعدہ یک پیر برای آب نوشیدن در چاہ رفت آب نوشیدہ بیروں آمد آں کس را آں نقد خود یاد آمد برگشتہ بچاہ آمد دید کہ پیر در انجا ہست گفت کہ زر مابدہ

شفاعت۔ رسول علیہ السلام نے یہ فرمان سنا اور کہا کہ میں نے امت کی شفاعت اختیار کی اور واپس ہو گئے۔ ماں باپ نے فریاد کی اور بہت زاری کی آپ نے کچھ نہ کہا۔ رسولؐ باہر آ گئے فرشتوں نے دروازہ بند کر دیا خدائے ذوالجلال کی صاحبی باقی ہے وہاں کسی کو زبان ہلانے کی مجال نہیں محمد رسول اللہ کے جیسا فرزند ماں باپ کے حق میں کچھ نہ کہا لہٰذا تم ہشیار ہو جاؤ خدا تعالیٰ کو خوش کرو **نقل** ہے ایک اولیا ءاللہ باؤلی کے قریب بیٹھے تھے ایک شخص باؤلی میں جا کر اپنے روپیوں کی پوٹلی ایک جگہ رکھا اور خود پانی پی کر فراموشی سے اس نقد کو چھوڑ کر چلا گیا۔ اس کے بعد ایک بچہ پانی پینے کے لئے باؤلی میں گیا اس نقد کو دیکھا اور لیکر اپنے گھر گیا۔ اس کے بعد ایک بوڑھا پانی پینے کے لئے باؤلی میں گیا پانی پیکر باہر آیا اس شخص کو اپنا وہ نقد یاد آیا واپس ہو کر باؤلی کے پاس آیا اور دیکھا کہ ایک بوڑھا وہاں ہے اس نے

بقیہ صفحہ ۳۰۹ آپکے رونے کی جہت سے آپنے فرمایا کہ یہ قبر آمنہ بنت وہب یعنی والدہ کی ہے میں نے اپنے رب سے اجازت زیارت و ملاقات کی مانگی تو اجازت عنایت فرمائی پھر میں نے درخواست کی کہ ان کیلئے دعائے مغفرت کروں اسکو اللہ تعالیٰ نے نہ مانا اس وجہ سے مجھکو وہ رقت ہوئی جو اولاد کو ہوا کرتی ہے

(از مذاق العارفین ترجمۂ احیاء العلوم جلد دوم صفحہ (۲۲۴) مطبوعہ مطبع نولکشور)

وگرنہ سر تو جدا می کنم او گفت من نگرفتم از خشم
سر او جدا کرد اولیاؒ را بسیار دریغ آمد
عرض کرد خدایا بدرگاہ تو عدل ذرہ ذرہ است
زر یکی گرفت وجان یکی رفت ہاتف آواز
داد پدر آں کودک اجورۂ پدر آنکس کردہ بود
اجورہ آں نداد حق پدر آں بود پسر
اورا دہانیدم و پدر آنکس را ایں
پیر کشتہ بود بدلہ آں کنانیدم بدرگاہ
ما عدل ذرہ ذرہ است ـــــ

نقل است روزی ابو یزیدؒ امام جعفر
صادقؒ آمد وگفت ارنی ربی امام جعفر
صادقؒ گفت ایں مرد چہ بے ادبی میکند
موسیٰؑ را فرمان شد لن ترانی تراچگونہ
روہیت شود آں مرد گفت آں دین موسیٰؑ
بود ایں دین احمدؐ است محمدؐ دید امتان
او بہ بنیند گفت ایں مرد را در دجلہ
باندازید انداختند دجلہ فرو برد یکی
غوطہ خورد بیروں آمدہ گفت یا صادق
الغیاث امامؒ فرمود بار دیگر فریاد کرد

بوڑھے سے کہا کہ ہمارا زر دے وگرنہ تیرا سر جدا
کرتا ہوں۔ بوڑھے نے کہا کہ میں نے نہیں لیا اس نے
غصہ سے بوڑھے کا سر جدا کر دیا۔ اولیاؒ جو باولی
کے پاس بیٹھے تھے ان کو بہت افسوس ہوا عرض
کیا یا اللہ تیری درگاہ میں ذرّہ ذرّہ کا عدل ہے
زر ایک نے لیا اور جان ایک کی گئی۔ ہاتف نے
آواز دی کہ اس بچے کا باپ مالک زر کے باپ
کے پاس مزدوری پر کام کیا تھا اس نے اس کی
مزدوری نہیں دی بچے کے باپ کا حق تھا اس کے
بچے کو میں نے دلا دیا مالک زر کے باپ کو اس
بوڑھے نے قتل کیا تھا اس کا بدلہ میں نے کرا دیا
ہماری درگاہ میں ذرہ ذرہ کا عدل ہے **نقل ہے**
ایک روز بایزیدؒ امام جعفر صادقؒ کے پاس آیا اور
کہا کہ دکھا مجھکو میرا رب۔ امام جعفر صادقؒ نے
کہا کہ یہ مرد کس قدر بے ادبی کرتا ہے۔ موسیٰؑ کو
فرمان ہوا کہ تو ہرگز نہیں دیکھیگا تجھکو کیسے
دیدار ہوگا۔ اس مرد نے کہا کہ وہ موسیٰؑ کا دین تھا
یہ احمدؐ کا دین ہے۔ محمدؐ نے خدا کو دیکھا۔ اس کی
امت بھی دیکھیگی۔ امامؒ نے کہا اس مرد کو دجلہ

بار سوم کردند۔ سید فرمود دجلہ بیروں نیار زمانی درنگ نشد کارش از دستش رفت فریاد کرد الغیاث الغیاث بعد گفت مطلوب من حاصل شد غوطہ خورد ودل را روزن شد درون دل عالم غیب کشود دراں رویت شد۔

رباعی

چوں درآبی قدر خود را تو ندانی ای گدا
تا چہ دارد کار راز تو بادشاہ تو چرا
تو جدائی میکنی او از تو یکدم نے جدا
او بتو مشغول تو غافل نباشد ایں روا

بیت

دامن مہدیؑ بگیر از ہمہ آزاد باش
دل بخداوند بند بے غم ودل شاد باش

مثنوی

درگہ شاہ محمد مہدی آخر زماں
می نماید پنج چیزاں دائما برجہاں

میں ڈالو۔ ڈالدیئے۔ دجلہ اندر لیگئی غوطہ کھایا باہر آکر کہا اے صادق فریاد ہے۔ امامؑ نے فرمایا دوسرے بار ڈالو پھر فریاد کی تیسرے بار ڈالے۔ امامؑ نے فرمایا اے دجلہ اس کو باہر مت لا۔ تھوڑی دیر ڈوبا ہوا رہا بے قابو ہو گیا پکارنے لگا۔ فریاد فریاد اس کے بعد کہا کہ میرا مطلوب حاصل ہوگیا۔ غوطہ کھایا اس کے دل میں روزن ہوا دل میں غیب کا عالم ظاہر ہوگیا۔ اور اس میں دیدار ہوا۔ (رباعی)

چونکہ تو پانی میں (دنیا میں) ہے اپنی قدر کچھ نہیں جانتا اے فقیر
تیرا بادشاہ (خدا) کس لئے پیدا کیا ہے اور تجھسے کیا کام رکھتا ہے
تو خدا سے جدائی کرتا ہے اور وہ تجھ سے ایک دم جدا نہیں ہے
وہ تیرے ساتھ مشغول ہے تو اس سے غافل ہے یہ بات جائز نہیں

بیت

مہدیؑ کا دامن پکڑلے دونوں جہان سے لاپرواہو جا
دل خدا سے باندھ بے غم اور خوشدل رہ

مثنوی

حضرت شاہ محمد مہدی موعود آخرالزماں کی درگاہ میں مہدویوں پر
ہمیشہ یہ پانچ چیز ظاہر تھیں جان اور تن کو (جان دینے والے

جان و تن را بدل کردن خانماں بگذاشتن
جوع و خواری پیشہ کردن صبر برپا داشتن
ہر کہ مہدیؑ را بگرو د گفتِ او در دل کند
بے حجابش رویت اللہ بالیقین حاصل کند

نقل است حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ اثنا عشر مبشر چنانچہ بحضور ما شدہ اند ہمچنیں ای میاں دلاورؓ نزد شما شوند و **نیز** فرمودند اول بندہ و آخر شما۔ **نقل است** بمذکور قاضی خاں فرح حضرت میراں علیہ السلام یکے گواہ شما دیگر گواہ منم و نیز فرمودند ہر کس کہ ابا بکرؓ را ندیدہ باشد باید کہ میاں دلاورؓ را بہ بیند۔

اثنا عشر مبشر

میاں شاہ دلاورؓ۔ میاں عبد الکریمؒ۔ میاں عبد الملکؒ۔ میاں یوسفؒ۔ میاں وزیر الدینؒ۔ قاضی عبد اللہؒ میاں عبدو شاہ رومیؒ میاں عبد الجلیل مغلؒ۔ شیخ میاںؒ میاں امنؒ۔ میاں شیخوؒ۔ میاں ابو محمدؒ میاں زین الدینؒ ایں ہمہ مبشر بندگی میاں شاہ دلاورؓ اند۔ **عشر مبشر**

خدا پر) نثار کرنا۔ خدا کے لئے گھر بار چھوڑنا خدا کیلئے بھوک اور ذلت کا پیشہ اختیار کرنا صبر قائم رکھنا جو شخص کہ حضرت مہدیؑ کی تصدیق کرے اور آپ کے فرمان پر عمل کرے تو ایسا شخص یقیناً خدا تعالیٰ کا دیدار بے حجاب حاصل کریگا

نقل ہے حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہمارے حضور میں جیسے بارہ مبشر ہوئے اسی طرح اے میاں دلاورؓ تمہارے پاس ہوں گے اور **نیز** فرمایا کہ اول بندہ ہے اور آخر تم ہو **نقل** ہے قاضی خاں اہل فرح کے مذکور میں حضرت مہدیؑ نے شاہ دلاورؓ سے فرمایا کہ (خدا کے دیدار کے) ایک گواہ تم ہو دوسرا گواہ میں ہوں اور **نیز** فرمایا۔ جو شخص کہ ابا بکرؓ کو نہیں دیکھا ہے اس کو چاہئے کہ میاں دلاورؓ کو دیکھے میاں شاہ دلاورؓ کے بارہ **مبشر** یہ ہیں۔ میاں عبد الکریم نوریؒ میاں عبد الملک سجاوندیؒ۔ میاں یوسفؒ میاں وزیر الدینؒ۔ قاضی عبد اللہ۔ میاں عبدو شاہ رومیؒ۔ میاں عبد الجلیل مغلؒ شیخ میاںؒ میاں امنؒ۔ میاں شیخوؒ میاں ابو محمدؒ میاں زین الدینؒ یہ سب بندگی میاں شاہ دلاورؓ کے مبشر ہیں۔ رسولؐ کے **دس مبشر**

رسول علیہ السلام ۔ اول حضرت ابا بکر صدیقؓ
دوم حضرت عمر خطابؓ سوم حضرت عثمان ابن
عفانؓ چہارم حضرت علی ابن ابی طالبؓ
پنجم سعدؓ ششم سعیدؓ ہفتم طلحہؓ ہشتم ابو عبیدہؓ
نہم زبیرؓ دہم عبد الرحمنؓ **اثنا عشر مبشر**
مہدی علیہ السلام ۔ اول بندگی میراں سید محمود
ثانی مہدیؓ دوم بندگی میاں سید خوندمیرؓ
سوم بندگی میاں شاہ نعمتؓ چہارم بندگی میاں
شاہ نظامؓ پنجم بندگی میاں شاہ دلاورؓ ششم بندگی
ملک برہان الدینؓ ہفتم بندگی ملک معروفؓ ہشتم
بندگی ملک گوہرؓ نہم بندگی ملک جیؓ دہم بندگی میاں
امین محمدؓ ۔ یازدہم بندگی میاں یوسفؓ دوازدہم
بندگی میاں عبد المجیدؓ ۔ **اسامی نہ نغوی** اول
خواجہ حسن بصریؒ دوم خواجہ جنید بغدادیؒ سوم
خواجہ عثمان مغربیؒ چہارم خواجہ حسن نوریؒ پنجم
خواجہ عبد اللہ خفیؒ ششم شیخ عیسیٰؒ ہفتم شیخ
عبد القادر گیلانیؒ ہشتم شیخ محمد عربیؒ نہم سید محمد

یہ ہیں پہلے حضرت ابا بکر صدیقؓ دوسرے حضرت
عمر خطابؓ تیسرے حضرت عثمان ابن عفانؓ چوتھے
حضرت علی ابن ابی طالبؓ پانچویں سعدؓ چھٹے سعیدؓ
ساتویں طلحہؓ آٹھویں ابو عبیدہؓ نویں زبیرؓ دسویں
عبد الرحمنؓ ۔ مہدیؑ کے **بارہ مبشر** یہ ہیں ۔ پہلے
بندگی میراں سید محمود ثانی مہدیؓ دوسرے بندگی میاں
سید خوندمیرؓ تیسرے بندگی میاں شاہ نعمتؓ چوتھے
بندگی میاں شاہ نظامؓ پانچویں بندگی میاں شاہ دلاورؓ
چھٹے بندگی ملک برہان الدینؓ ساتویں بندگی ملک
معروفؓ آٹھویں بندگی ملک گوہرؓ نویں بندگی ملک جیؓ
دسویں بندگی میاں امین محمدؓ گیارہویں بندگی میاں
یوسفؓ بارہویں بندگی میاں عبد المجید نوریؓ ۔
نو لغوی مہدی کے نام یہ ہیں ۔ پہلے خواجہ حسن
بصریؒ دوسرے خواجہ جنید بغدادیؒ تیسرے
خواجہ عثمان مغربیؒ چوتھے خواجہ حسن نوریؒ پانچویں
خواجہ عبد اللہ خفیؒ چھٹے شیخ عیسیٰؒ ساتویں شیخ عبد القادر
گیلانیؒ آٹھویں شیخ محمد عربیؒ نویں سید محمد گیسو درازؒ

سہ نو لغوی مہدی جنھوں نے جذبہ کی حالت میں مہدیت کا دعوی کیا جذبہ کے بعد دعوی مہدیت سے رجوع کئے ۔

گیسو دراز دہم موعود ہستند یعنی سید محمد جونپوری امام مہدی موعود آخر الزمان خلیفۃ الرحمان خاتم ولایت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم امر اللہ مراد اللہ آمنا وصدقنا تمام شد حاشیہ انصاف نامہ ۔

دسویںؑ موعود ہیں یعنی سید محمد جونپوری امام مہدی موعود آخر الزماں خلیفۃ الرحماں خاتم ولایت محمدی صلعم امر اللہ مراد اللہ ہیں آمنا وصدقنا۔ تمام ہوا حاشیہ انصاف نامہ ۔

المرقوم ۲۹ ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۸ ہجری

راقم الحروف

خاکپائے گروہ امام مہدی موعود خلیفۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

احقر دلاور عرف گوریمیاں مہدوی

ساکن حیدرآباد سدی عنبر بازار محلہ پٹھان واڑی

(بقلم اشرف مہدوی)

سہ دسویں مہدی موعودؑ ہیں چالیس سال کی عمر سے تریسٹھ سال یعنے (۲۳) سال تک دعوی مہدیت پر قائم رہے اور وصال فرمایا۔

فہرست اغلاط

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۱۴	۱۱	بک	یک	۲۱۱	۱۰	اٹھانے	اٹھوانے
۷۰	۶	آواردند	آوردند	۲۲۵	۱۳	را	را
۷۹	۶	در	دو	۲۳۴	۳	بخشدایا	بخشدیا
”	۱۶	یابد	باید	۲۸۰	۹	اکر	آکر
۹۳	۱۷	کھاتی ہیں	کھاتی ہے	۳۰۴	۱	بی	یکی
۱۰۰	۱	تلوار	تلوار کی آگ				
۱۰۷	۱۰	لزیز	لذیذ				
۱۲۹	۸	اور	اورا				
۱۳۱	۶	پیٹ	کے پیٹ				
۱۳۸	۴	تفقوا	تفقوا				
”	۱۰	حضرات	حضرت				
۱۵۸	۱۱	اجتماع	استماع				
۱۶۸	۱۵	ضطرار	اضطرار				
۱۸۷	۶	فی	در				

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بزرگان سلف الصالحینؒ کے تصانیف معہ ترجمہ دارالاشاعت ہذا کی جانب سے ۱۳۶۳ ھجری سے جو چھپے ہیں ان میں موجود ہیں ان کی فہرست ذیل میں درج ہے۔

۱۔ عقیدہ شریفہ
۲۔ المعیار
۳۔ بعض الایات
۴۔ مکتوب ملتانی (یہ چاروں ایک ہی جلد میں ہے)
۵۔ رونق المتقین
۶۔ سوونیر
۷۔ نقلیات حضرت بندگی میاں عبدالرشیدؒ
۸۔ معارج الولایت (سوانح حضرت مہدی موعودؑ)
۹۔ تفسیر رشدی پارے (۴) تا (۶)
۱۰۔ طغرے (۱) حدیث شریف (۲) تسبیح کے طغرے (۳) حدود کسب
۱۱۔ مکتوب ہدایت اسلوب
۱۲۔ انوار العیون
۱۳۔ تسویت الخاتمینؑ
۱۴۔ چراغ دین مہدیؑ (اردو) چراغ دین مہدیؑ (ہندی)
۱۵۔ مولود شریف (سوانح مہدی موعودؑ) مولفہ حضرت بندگی میاں شاہ عبدالرحمنؒ (ہندی)
۱۶۔ لطمۃ المصدقین

اطلاع

ایک صاحب خیر مہدوی بھائی نے اللہ کے فضل و کرم و بطفیل خاتمینؑ حاشیہ انصاف نامہ کی بار دوم طباعت کے لئے گراں قدر امداد اللہ واسطے دارالاشاعت ہذا کو دی ہے جس کی وجہ سے طباعت میں بڑی مدد ملی اللہ ان کو اجر عظیم عطا کرے آمین۔

انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ چھپنے والے جواہر پارے (تصانیف) بار دوم مختصر فہرست

۱۔ مخزن الدلائل
۲۔ سراج الابصار
۳۔ مطلع الولایت
۴۔ شواہد الولایت
۵۔ ماہیت التقلید

ہدیہ حاشیہ انصاف نامہ 50 روپے

ہدیہ حاشیہ انصاف نامہ معاونین سے 20 روپے

کتاب ملنے کا پتہ ۱) مکان محمد انعام الرحیم خان مہدوی، 1-6-414/1 مشیر آباد، حیدر آباد 500020
۲) مکان نمبر 16-4-51/1 چنچل گوڑہ، حیدر آباد 500024